تریاق باہ

معروف بہ

کیمیائی عشرت

مصنفۂ

جالینوس دہر بقراط آوان ارسطوی عصر سقراط دوران بلبل
گلزار سخن جناب حکیم محمد حسن صاحب متخلص بہ حاذق رئیس میرٹھ نے
(بنایا)

بعد لینے حق تالیف دوامی

نرائنداس جنگلی مل تاجر کتب دہلی دریبہ کلاں نے

سنہ ۱۹۰۸ء

مطبع افتخار دہلی میں منشی محمد ابراہیم کے اہتمام سے
چھپوایا

رجسٹری شدہ

قیمت ۸ ر قلمی کاغذ ۱۲ ر

ی مرتبہ

فہرست کتب موجودہ دوکان نراین داس جنگلی مل تاجر کتب دہلی

مرقع سلاطین

کاغذ رسمی عصہ، کاغذ ولایتی عہ

اس کتاب میں خاندان تیموریہ کی تصویریں اور نیز شاہان یورپ کی مع حالات بقید سنہ و تاریخ درج ہیں اس کے بعد پرانی عمارت کی تاریخ بنا اور اُنکے بنانے والے کا نام مع عرض وطول اور اُن کے نقشے بنائے گئے ہیں قابل دید کتاب ہے +

سوانح دہلی

قیمت ۱۲ر

اس میں تمام سانحات ماضی وحال کو ابتدائے آبادی دہلی تا بہادر شاہ بادشاہ دہلی بیان کیا ہے۔ اس سرزمین پر جسقدر راجاؤں نوابوں بادشاہوں نے حکومت کی اُسکو بقید سنہ لکھا ہے آخر میں تمام لارڈوں کے حال جو ہندوستان میں آئے +

سوانح عمری امیر عبدالرحمن خان صاحب والئی کابل

مجلد سنہری مع تصویرات فوٹوگراف جو خاص ان کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتاب سے جناب محمد حسین صاحب

بلگرامی نے ترجمہ کر کے حیدرآباد میں چھپوائی ہے اور قیمت ۵ٔ ہے +

تاریخ ہندوستان

سلطنت اسلامیہ جلد اول مصنفۂ خان بہادر شمس العلماء مولوی محمد ذکاءاللہ صاحب فیلو الہ آباد یونیورسٹی جسمیں اول تمہید کہ جس سے معلوم ہو مصنف نے کس طرح اسکو بنایا اور کیا لیاقت رکھتا تھا اور فرنگستانی و انگریزی تاریخوں سے مضمون اضافہ کیا ہے، اور ہندؤں کی تاریخیں جو دستیاب ہوئیں اُن سے اُس کا فرق بتایا ہے +

(دوسرے) جس میں یہ بتایا ہے کہ بڑے بڑے مسلمانی مورخوں کے ذہن میں تاریخ و مورخ کا مفہوم کیا تھا اور زمانہ حال سے فرنگستانی مورخوں کا کیا ہے۔ تاریخ میں فلسفہ کو اسقدر دخل دیا ہے۔ مسلمانوں کی تاریخ کو فرنگستانی خاصکر انگریز کس نظر سے دیکھتے ہیں اور کیا اُنکے عیوب بتاتے ہیں اور ان عیوب کے بتلانے میں خود اُنمیں اختلاف رائے کیا گیا ہے +

(تیسرے) اہل عرب کے زمانہ جاہلیت کا بیان (چوتھے) ۱۱۸ خاندان سلاطین اسلامیہ کا ذکر +

(پانچویں) ملک سندھ پر اہل عرب کے حملہ آوری اور فتحیابی کی تاریخ جبتک خلفائے عباسیہ کی حکومت سے اُسکا انقطاع ہوا

(چھٹے) خاندان غزنوی کی تاریخ (ساتویں) خاندان غوری اور غلام بادشاہوں کی تاریخ عہ

تاریخ آل امجاد فارسی

اس میں اول جناب نبی عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سوانح عمری نہایت معتبر روایات سے بیان کرکے آپ کی آل پاک کا تذکرہ کیا ہے پھر مشہور بارہ اماموں کے حالات بڑے وثوق کے ساتھ درج کئے ہیں جابجا متبرک مقامات کے نقشے دیے ہیں قیمت ۸ر

فغان دہلی معہ غدر نامہ

یہ نایاب کتاب جس میں فغان دہلی کا علاوہ غدر نامہ اور شہر آشوب حضرت داغ دہلوی کا مصنفہ درج ہے اسمیں غدر کا پورا واقعہ اور شہر کی حالت پر آشوب نظم میں درج ہے

غرابت نگار معہ تصویر نقشہ عمارات ہائے وغیرہ عا

سوانح عمری فریدوں فرخ سیر ۱۲ر

سوانح عمری نورجہاں بیگم ۱۲ر

سوانح عمری زیب النسا بیگم ۱۲ر

سوانح عمری لقمان ۱۲ر

سوانح عمری افلاطون ۱۲ر

سوانح عمری ارسطو ۱۲ر

سوانح عمری جمشید وضحاک ۱۲ر

فیہ شفاء للناس واللہ حکیم لکل داء

للہ الحمد والمنۃ کہ کتاب نایاب و نسخہ لاجواب جامع جمیع امراض باہ الموسوم بہ

تریاق باہ

المعروف بہ

کیمیائے عشرت

مصنفہ جناب حکیم محمد حسن صاحب متخلص بہ حاذق رئیس میرٹھ دام اللہ فیوضہ

در مطبع افتخار دہلی باہتمام منشی محمد ابراہیم طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچۂ کتابِ نایاب

مزین و مکلل

بنام نامی والقاب گرامی گوہر درج القاب اخترِ برج اجلال۔ موج دریاے شہامت اوج فلک رفعت آفتاب افق دولت ماہتاب ہالۂ صولت شمع انجمن تجنیاری۔ چراغ محفل کامگاری۔ مورد مراحم قیصری سر چشمۂ عین عدل پروری۔ گل جبینۂ اُبہت و فرمانروائی۔ لالۂ دستار دولت و کشورکشائی۔ نوشیروانِ انصاف۔ رستم مصاف۔ تہمتنِ نیرو۔ اسفندیارِ بازو۔ اسکندر اشتباہ دارا پناہ۔ فریدوں فر۔ خورشید افسر جلوہ فرماے تخت و تاج۔ فرماں رواے آسمان و زمین راج خسرو خسروان نور افشان پنجاب و ہندوستان۔ حضور فیض گنجور عالی جناب معلی القاب ہز ہائینس فرزند خاص دولت انگلشیہ منصور زماں امیر الامرا مہاراج دہراج راجیشر سری مہاراجہ راجگان راج اندر سنگھ صاحب مہندر بہادر حکمرانِ کشورِ پٹیالہ دام مملکتہ و سلطنۃ و دولتہ و حشمتہ

گر قبول افتد زہے عز و شرف

ذرۂ درگاہ کا دیکھے ستارہ آفتاب ہر ورق ہے نام روشن سے ہمارا آفتاب

اس ہیچمیرز خادم الاطباے زمن محمد حسن متخلص بہ حاذق ولد حکیم خادم حسین صاحب متخلص بہ یکتا مرحوم ابن حکیم و ڈاکٹر کریم بخش صاحب مغفور و کہترین تلامذہ ملک الحکماے سند الاطباے

بہ بحث ایسی رسالہ ... بفت ایجاب یہ کتاب جامع علوم ... مشرق و مغرب ... برسوں ... بی ... سب ... کتابیں ...

جالینوس دہر بقراط آوان - ارسطوے عصر سقراطِ دوران جناب حذاقت مآب حکیم بلدیو سنگھ صاحب مدظلہ العالی بدوام الایام واللیالی متوطن عشق آباد عرف میرٹھ نے پیش ازیں اکثر نسخے فنون طب میں یعنے خلاصۃ مخزن الادویہ و توضیح الادویہ و تفارق الامراض اور تفارق الادویہ و مفتاح الادویہ و معجون حیات و نصاب الطب و ام الصبیان و تریاق آتشک وغیرہ وغیرہ چھپوا کر روشناسِ روزگار کیئے - اور اربابِ علم و ہنر و الانظار دیدہ ور نے آغوشِ چشم قبول میں رکھ لئے - ہر چند اس فنِ خاص کی قدر و منزلت بطور کلی اس نامساعد روزگار میں نہیں رہی اوراقِ طب یونانی اس ناموافق ہوا میں برگ خزاں دیدہ کی طرح برباد ہو رہے ہیں تاہم شعر

بے جلوہ کبھی بدرِ معالی نہیں رہتا ؎ دامانِ فلک چاند سے خالی نہیں رہتا

کوئی نہ کوئی نامور فرماں روا اسکندر خصال صاحب لواقدسی نفس نیم بسمل یونانی طب کا فریادرس نوشدارو ی درد کشاد علم دست شفا میں لئے ہوئے کتم عدم سے جادہ فشاں آتا ہے اور ظلمتِ بے رواجی علم و ہنر کو در و دیوار روزگار سے زائل فرماتا ہے - چنانچہ آجکل اشعۂ انوار عنایت لم یزالی اور لوامع تجلیات مشیت ازلی کے پرتوۂ توجہات آسمانی و ظل مکارم دوجہانی سے تخت و دیہیم اقلیم پنجاب والکلیں مملکت مستطاب کو جناب مہاراجۂ راجگان حضور پرنور ممدوح الصدر سے مرصع و مشتع کیا - اور اس طلوع ضیاء و سطوح بہا سے آفاق عالم و ملک و مال و اطرافِ جہان فضل و کمال کو جلوہ دیا - سبحان اللہ حضور ممدوح کی ذات خورشید صفات مجمع اوصاف کمال و مجموع حسنات خصال ہے ؎

مجمع انوار خوبی مرجع عالم ہیں آپ
سرزمیں پر آسمان کے نیرِ اعظم ہیں آپ

چنانچہ معتکفان سریرِ پایۂ اعلےٰ کی داد و دہش اور جود و کرم کا سکہ زربفت رخشاں و نقرہ ماہتاب پر نقش بیٹھا رہا ہے - اور شجاعت اور بسالت کا ڈنکہ صحن زمین در جوف فلک تک کوس لمن الملکی بجا رہا ہے - شاہانہ عطیات نے بساط حاتم طائی کو طے کیا اور سمند شجاعت نے رخش رستم زابلستانی پے کیا - کرم کا یہ حال ہے - کہ غنچہ کی طرح سائل نے منہ نہ کھولا کہ مٹھی میں زر پایا - محتاج

صدف کی طرح منہ سے نہ بولا تھا۔ کہ دامن میں موتی نظر آیا۔ بادشاہانہ اولوالعزمی کی برہان روشن یہ ہے۔ کہ حضور فنون فراست میں یکہ تازِ میدان تہور ہیں۔ گھوڑ دوڑ کا کمال شوق ہے۔ شہسواری میں نریان و سام گودرز و بہرام سے سوا بہادر ہیں۔ جہاں رکاب میں پاؤں دیا۔ سمندِ نگاہ کی طرح عرصۂ افلاک طے کیا۔ اگر رکاب میں جلوہ پائے بےمثال ہے۔ اہل نظر کہتے ہیں کہ آفتاب پایہ ہلال ہے ؎

تو کیوں نہ دے مہِ تاباں رکاب کو بوسہ	دیا ہے حضرت پائے جناب کو بوسہ

مصنفین کلام اپنی تصانیف حضور میں لیجاتے ہیں۔ دادِ عرق ریزی پاتے ہیں۔ انھیں لوگوں سے اہل ہنر بام ترقی پر چڑھتے ہیں۔ ارباب علم کے دل بڑھتے ہیں۔ اس ہیچکارہ نے بھی نسخہ کیمیاے عشرت تالیف کیا۔ اور حضور کے دامنِ دولت سے جواہر بے بہا کی طرح لگا دیا۔ دیباچہ کتاب حضور کے نام نامی سے معنبر و معطر ہے۔ گویا کتاب کی پیشانی اس نور موفور سے نورانی اور منور ہے۔ سکۂ زر کی رسم قدیم سے چلی آتی ہے۔ چاندی و سونے پر جب تک بادشاہِ وقت کا نام نہو رواج نہیں پاتا۔ ضرور ہوا کہ اس مبلغ علم کو جناب سری مہاراجہ صاحب بہادر کے نام نامی سے مطلا کیا جاوے۔ تاکہ بازار اہل نظر میں رواج پاوے ؎

صد شکر کہ ایں فقیر ناکام	در ظلِ ہما گرفت آرام

اما بعد تمام نوجوانان قوم خصوصاً امرائے ملک کہ جن کی ذات اہلِ عالم کے لئے بطور رحمتِ خداوندِ عالم ہے۔ حفظانِ صحتِ جسمانی کا لحاظ ضرور ہے۔ اور زیادہ تر صحت کا نقصان کثرتِ عشرت میں متصور ہے۔ اس لئے یہ رسالہ آداب معاشرت اور نفع و مضرت صحبت میں ترتیب دیا۔ کیمیاے عشرت سے موسوم کیا۔ اور اس میں وہ وہ عمدہ عمدہ نسخہ جات مجرب تحریر میں آئے ہیں کہ جو بارہا مریضوں پر آزمائے ہیں +

امید ہے بطفیل دولت ابد مدت حضور سری مہاراجہ صاحب بہادر موصوف معتبر و منظورِ نظرِ خاص و عام و مطبوعِ طبائعِ جملہ انام ہوگا۔

آغاز کتاب

جماع

جماع کرنا موجب حفظِ صحت ہے کیونکہ منی ہضم چہارم کا فضلہ ہے۔ اگر یہ فضلہ مدت دراز تک دفع نہ ہو۔ تو بڑا فساد پیدا ہوتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ جو جوان آدمی گرم مزاج مجرد رہتے ہیں۔ مرض جنون وفساد خون میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ جماع سے بدن کے فضلات دفع ہوتے ہیں اور بدن سبک ہو جاتا ہے۔ اور غذا کو زیادہ قبول کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔ غضب کو ساکن کرتا ہے۔ فکر ردی اور وسواس سوداوی کو دور کرتا ہے۔ عشق کو رفع کرتا ہے۔ اگرچہ غیر معشوق سے ہو۔ نیز باعثِ نسل اور اولاد کا ہے۔ جماع سے دو غرض ہیں ایک حفظِ صحت بدن۔ دوسرے پیدا ہونا اولاد کا۔

جماع کی زیادتی سے جوہر روح میں نقصان پیدا ہوتا ہے۔ اعضاء رئیسہ ضعیف ہو جاتے ہیں شہوت ساقط ہو جاتی ہے۔ عصب کو ضرر پہنچتا ہے۔ رعشہ وفالج ووجع المفاصل کا خوف ہے۔ آخر کو بجائے منی کے خون آنے لگتا ہے۔ بصارت میں کمی ہو جاتی ہے۔ سر اور بھوؤں اور پلک کے بال گر جاتے ہیں۔ منہ اور بدن پر بال ہو جاتے ہیں۔ حکماء کا قول ہے کہ مباشرت بدن کی بہترین مواد کو نکالتی ہے۔ اسی سبب سے قوت اور حرکات میں ضعف ہو جاتا ہے۔ ایک حکیم کا قول ہے کہ ایک قطرہ منی کا ایسا گوہر بے بہا ہے کہ اس سے روح وجان پیدا ہو جاتی ہے۔ صاحبان جنون وغشی ومرگی اور جو کہ ضعیف اور لاغر اور کمزور ہوں اور جو کہ جماع سے لذت زیادہ پاتے ہیں۔ اور جن کو امراضِ قلب لاحق ہوں اور جن کے قضیب کمزور ہوں۔ اور جن کو جماع کرنے سے لرزہ سا معلوم ہو اور جن کو فکر اور رنج بہت رہتا ہو یا محنت جسمی سے تھک جاتے ہوں اور جن کے اعصاب بہت ضعیف ہوں اور جو کھانا بہت کم کھاتے ہوں اور جن کو خونی بواسیر ہو اور جو لوگ ضعف بصارت وضعف ہاضمہ وضعف معدہ میں گرفتار ہوں اور جن کی منی رقیق ہو اور جن کا سینہ تنگ ہو ان سب کو جماع سے بشدت نقصان پہنچتا ہے۔ کہ رطوبت اصلی خرچ ہو کر دق کی نوبت پہنچتی ہے۔

حرارت غریزی اور رطوبتِ اصلی ضائع ہو کے دق شیخوخت ہو جاتی ہے۔ اور جو کہ جماع سے لذت
زیادہ پاتے ہیں۔ اِس وجہ سے نقصان پہنچتا ہے۔ کہ جوہر روح زیادہ خارج ہوتا ہے۔ جوہر روح کا
زیادہ خارج ہونا باعثِ نقصان کا ہے۔ جن کے اعصاب ضعیف ہیں۔ اُن کو اندیشہ رعشہ کا ہے اور
جن کا ہاضمہ ضعیف ہے۔ اُن کو قراقر ہو جاتا ہے۔

صاحبانِ جنون و مرگی کو اِس وجہ سے نقصان ہوتا ہے۔ کہ یہ عوارض دماغی ہیں اور جماع سے
ضعف دماغ عارض ہوتا ہے۔ جو شخص جماع کی کثرت کے عادی ہوں۔ اُن کو فصد و حجامت اور
اخراج خون سے پرہیز کرنا چاہئے۔ کیونکہ بوجہ کثرت جماع کے بدن سرد و خشک و متخلل ہو جاتا ہے۔
جو لوگ عورات مختلفہ سے جماع کی کثرت کرتے ہیں۔ اُن کے جوہر روح میں نقصان پیدا ہوتا ہے
یہ بھی باعث اُن کی اولا نہونے کا ہے۔ جماع کرنا جس وقت کہ شکم سیر ہو اور نیز جس وقت کہ خالی ہو
اور نیز بحالت تخمہ و بدہضمی و احتلام و رنج و غم اور شرم و خشم کے وقت اور مستی اور خمار اور ماندگی کی
حالت میں اور بعد قے و اسہال و حجامت و حمام اور نیز سخت بخار اور ریاضتِ شاقہ اور بے خوابی
اور کسل راہ کے بعد اور نیز بعد کھانے ترشی اور ماہی اور فوراً بعد بیداری۔ اور جس وقت کہ بدن بہت
گرم ہو یا بہت سرد۔ اور شدتِ گرما اور شدتِ سرما میں اور بے پردہ اور بلا مرضی عورت اور میدان
اور چاندنی اور آندھی اور اندھیرے میں اور نیز ایام وبا میں اور بعد جماع جب تک اصلی قوت
نہ آجاوے۔ اور جہاں کوئی جاگتا ہو۔ اور بیس برس کی عمر تک اور بعد ساٹھ برس کے جب کہ
شہوت کاذب ہو۔ اور آفتاب کے مقابل اور میوہ دار درخت کے نیچے اور کھڑے ہو کر اور بیٹھ
کر اور پہلو کی طرف سے۔ اور اُس شب میں کہ جس کی صبح کو سفر کو جاوے اور وقت طلوع
اور غروب آفتاب اور تحت الشعاع اور زلزلہ کے وقت۔ اور گہن کے روز و شب میں۔ اور بعد
بہت خوشی کے۔ اور بعد دوڑنے کے اور حیض کے بعد غسل سے پہلے اور اول شب میں منع ہے
یعنی اِن سب صورتوں میں جماع کرنا منع ہے۔

جس وقت شکم سیر ہو اس وجہ سے منع ہے کہ اُس وقت طبیعت غذا کے ہضم کرنے کی طرف متوجہ
ہوتی ہے۔ اگر جماع کی طرف متوجہ کیجاوے گی تو ہضم میں نقصان ہوگا۔ اور بسبب نقصان ہضم کے
اخلاط فاسد پیدا ہونگے اور گٹھیہ ہونیکا بھی اندیشہ ہے اور مولود کند ذہن ہوگا۔ اسی واسطے اول شب میں جماع

منع ہے۔ کہ اس وقت معدہ غذا سے بھرا رہتا ہے۔ اسیواسطے کہا ہے کہ اول شب میں جماع نہ
ہو۔ کہ امتلائے معدہ و عروق سے خوف فالج ولقوہ و دردکمر و عرق النسا کا ہے۔ خلو میں اس وجہ
سے منع ہے کہ منی کے خارج ہونے کی غرض سے خصیہ اپنی غذا گردوں سے مانگتا ہے اور گردے
جگر سے اور جگر معدہ سے۔ اُس وقت معدہ کا خلو جسم کے لاغر ہونے کا باعث ہے۔ اور جسم کی لاغری
روح کے تحلیل ہونے کا باعث ہے۔ اور نیز خلو میں جماع کرنا قوت کو ساقط کرتا ہے۔ ضعف
بینائی اور لاغری بدن پیدا کرتا ہے۔ اور خفقان اور یرقان اور سل اور دق پیدا ہوتی ہے۔ اور
موورث غشی ہے۔ اگر ایسا اتفاق ہو۔ تو خلا میں ضرر امتلاء سے زیادہ ہوگا،

ریاضت شاقہ کے بعد اس وجہ سے منع ہے۔ کہ اس سے تکان ہوتا ہے اور طبیعت اُس کے
معاوضہ کے لئے جویائے آسایش ہوتی ہے اور جماع کی حرکت تعب میں ڈالتی ہے پس طبیعت کی
مخالفت نہ کرنا چاہئے۔

بے خوابی کے بعد اس وجہ سے منع ہے۔ کہ نیند وہ شے ہے کہ جس سے تکان رفع ہوتا ہے دماغ
کو جو عضو رئیس ہے آرام ملتا ہے۔ اور ضربان قلب اور پھیپھڑے کی حرکت میں بہ نسبت بیداری
کے کمی واقع ہوتی ہے۔ جس سے فی الجملہ اِن اعضائے کو راحت ملتی ہے جو کہ خلاف اس کے ہوگا
صاف ظاہر ہے کہ نہ رفع تکان ہوگا۔ اور نہ قلب اور پھیپھڑہ کو آسایش ملے گی۔ مزید برآں منی کا
خارج ہونا اس کا معین ہوگا۔

ننگے جماع کرنا اس وجہ سے منع ہے۔ کہ یہ حرکت وحشیانہ ہے اور اولاد بے شرم ہوتی ہے اور
نسیان پیدا ہوتا ہے ترشی کھانے کے بعد رعشہ پیدا ہوتا ہے اور مچھلی کے بعد موورث جنون ہے۔ شدت سرما میں
اس وجہ سے منع ہے کہ جماع کرنے سے جو رطوبات قریب الانعقاد یا انعقاد نکلتے ہیں اُسکے ساتھ ہی جوہر روح بھی خارج ہوتا
ہے جو ہر روح کے خارج ہونے سے برودت غالب ہوتی ہے سرما کی شدت میں برودت کا ہونا مضر ہے۔ شدت گرما
میں اسوجہ سے منع ہے۔ کہ گرمی کی شدت میں تشنگی اور کرب زیادہ ہوتا ہے جو باعث امراض صفراوی ہے
رنج و غم و نشہ میں اس وجہ سے منع ہے کہ اگر نطفہ قرار پا دیگا۔ تو مولود کریہ بدصورت و بدمزاج ہوگا۔ جس
وقت بدن بہت سرد ہو اور جماع کیا جاوے تو قوت ساقط ہوتی ہے اور حرارت غریزیہ ضعیف ہو جاتی ہے
اور جبکہ بدن گرم ہو اور جماع کیا جاوے تو موورث جفاف و سل و خفقان و ذبول ہے۔ اگر ایسا اتفاق ہو

تو ضرور برودت میں حرارت سے زیادہ ہووے۔ بحالتِ احتلام مولود کے دیوانہ وجبل ہونے کا اندیشہ
ہے۔ مستی وخمار میں اس وجہ سے منع ہے کہ دماغ مدہوش آدمی کا خوض فکر اور عقل وغیرہ سے عاری
ہوتا ہے۔ اگر اس وقت نطفہ قرار پاویگا تو مولود بیوقوف اور بے عقل ہوگا۔ آفتاب کے مقابل جماع
کرنے سے فرزند منحوس ہوتا ہے اور ہمیشہ بدحالی اور پریشانی میں رہتا ہے۔ میوہ دار درخت کے نیچے
جماع کرنے سے فرزند ظالم ہوتا ہے جس شب کی صبح کو سفر کو جاوے جماع کرنا اس وجہ سے منع ہے کہ فرزند
مسرف ہوتا ہے۔ ایستادہ جماع کرنے سے فرزند کے فعل بد ہوتے ہیں۔ تحت الشعاع میں جماع کرنے سے
حمل قائم نہیں رہتا وقت طلوع وغروب آفتاب کے جماع کرنے سے اگر نطفہ قرار پاویگا۔ تو فرزند چور ہوگا
بیٹھکر اس وجہ سے منع ہے کہ اس میں منی بخوبی خارج نہیں ہوتی موروثِ درد گردہ وشکم ہے۔ اور کبھی
موجب ورم قسیب ہوتا ہے۔ پہلو کی طرف سے جماع کرنے میں گردہ وخصیہ میں درد ہونے کا اندیشہ ہے
کیونکہ ممکن ہے کہ ساری منی باہر نہ نکلے۔ اور قبل بیس برس کے اس وجہ سے منع ہے۔ کہ قوت قوائی
طبعی ظہور نہیں پاتی۔ اگر ایسے وقت میں جماع کیا جاوے تو تیس برس کی عمر تک قوت باہ جاتی رہتی
ہے۔ مرد کو چاہیئے کہ بیس برس تک عورت کے پاس نہ جاوے۔ آجکل کوئی اس کی احتیاط نہیں کرتا
سوا امراض بدنی میں مبتلا ہوتے ہیں۔ ساٹھ برس کے بعد اس وجہ سے منع ہے کہ اس وقت میں کچھ نطفہ
نہیں ہے۔ اس وقت میں ہر ایک کو چاہیئے کہ اس فعل کو ترک کرے ایک پیر مرد سے کسی نے کہا۔ کہ
تم کس واسطے عورت نہیں کرتا۔ اس نے جواب دیا کہ بوڑھی عورت سے مجھے رغبت نہیں ہے کہا کہ جوان کر
اس نے کہا کہ میں بوڑھا ہوں مجکو بوڑھی عورتوں سے الفت نہیں ہے پس ان کو کہ جو جوان ہیں میرے
ساتھ کہ بوڑھا ہوں کیونکر الفت ہوگی۔ جو حکایت حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی رحمۃ اللہ
علیہ نے لکھی ہے۔ سب صاحبوں کو یاد ہوگی +

حکایت

شنیده ام که درین روزها کهن پیرے ❊ خیال بست به پیرانه سر که گیرد جفت
بخواست دخترکے خوبروے گوهر نام ❊ چو درج گوهرش از چشم مردمان بنهفت
چنانکه رسم عروسی بود تمناء کرد ❊ ولے به حملهٔ اول عصائے شیخ بخفت

کمال کشید و نزد بر ہدف کہ نتواں دوخت	مگر بسوزن فولاد جامہ ہنگفت
بدوستان گلہ آغاز کرد و حجت ساخت	کہ خانمان من ایں شوخ دیدہ پاک برفت
میان شوہر و زن جنگ و فتنہ خواست چناں	کہ شحنہ قاضی کشید و سعدی گفت

پس از ملامت و شنعت گناہ دختر نیست
ترا کہ دست بلرزد گہر چہ دانی سفت

بعد جماع جب تک اصلی قوت نہ آجاوے اسوجہ سے منع ہی کہ ایسے وقت کا جماع نہایت ضرر کرتا ہے حکماء کا قول ہی کہ ایک جماع سے دوسرے جماع تک ایک سال کا فاصلہ ہونا چاہئیے۔ جالینوس کے نزدیک ۶ ماہ کا شیخ الرئیس کے نزدیک جب تک قوت قایم ہو اور ضعف نہ پایا جاوے اور تحقیق یوں ہی کہ جس وقت شہوت بغیر بوس و کنار اور بدون خیال روی دلدار کے ظاہر ہو جماع کرنا چاہئیے ایسے وقت کا جماع موجب حفظ صحت ہی اس معاملہ میں انسان کا حال دگرگوں ہے بعض ایسے ہیں کہ سات دن رات میں ایک جماع کر سکتے ہیں اور بعض ایک رات میں سات عورت رکھ سکتے ہیں۔ پس اندازہ اوقات اس معاملہ کا باعتبار قوت و ضعف و اختلاف آب و ہوا و تاثیر ولایت کے جاننا چاہئیے لیکن تندرست معتدل مزاج کو چاہئیے کہ ایک جماع سے دوسرے جماع میں تین روز کا فاصلہ دیوے۔ موسموں میں سب سے بہتر موسم جماع کے واسطے فصل ربیع ہی اس میں سردی و تری و خشکی سب اپنے اپنے اعتدال پر ہوتی ہی اسیوجہ سے اس کو موسم بہار کہتے ہیں اور وقتوں میں سب سے بہتر وہ وقت ہی کہ خوشی اور انبساط ہو اور شہوت بغیر بوس و کنار اور بدون خیال روی دلدار کے ظاہر ہو خارش کی وجہ سے اور ریاح کی کثرت سے نہو اور شکم نہ بھرا ہو نہ خالی اور غذا ہضم ہو گئی ہو اسواسطے کہ قبل انہضام کے مورث استرخاء عصب و درد مفاصل اور سدہ احشا اور استسقاء اور رعشہ ہی اسیواسطہ آخر شب میں جماع کرنا بہتر ہے کہ اس میں سب قوتیں اپنے اپنے اعتدال پر ہوتی ہیں اگر اس وقت کے جماع سے نطفہ قرار پاویگا۔ تو مولود عقیل ہوگا چونکہ قوت ہاضمہ ہر شخص کی یکساں نہیں ایسا ہی حال ہر ایک غذا کا ہی اسکے لئے وقت معین نہیں ہو سکتا ہے۔ مگر تقریباً کہا جاتا ہی کہ جس شخص کا ہضم معتدل ہو اسکو مناسب ہی کہ غذا کے بعد جب تک ایک ساعت

نہ گذرے۔ جماع نہ کریں مثلاً ظہر کے وقت غذا کھانے کی عادت ہو تو عشا کے وقت اس
کام میں مشغول ہوں وقس علے ہذا +

جماع کرنا عورت نابالغہ سے کہ جو عالم شباب کو نہ پہنچی ہو اور بانجھ اور بدصورت اور بد
مزاج اور گندہ دہن و حاملہ و مریضہ و سوزاک و آتشک زدہ و فاحشہ و لاغرہ و عیارہ و شنکھنی
وڈنکنی اور بیوہ اور چہل سالہ سے اور نیز اُن سے کہ جن کی شرمگاہ تنگ ہو اور جن کی بجائے
پردۂ بکارت کے کڑی ہو اور جو بوقت انزال بوجہ قائم ہونے نطفہ کے مرد سے علیحدہ ہو جاوے
اور اُس عورت سے کہ جو باوجود محبت کرنے کے اُس کو اطاعت اور رغبت مرد کی ناپسند ہو او
نیز اُس سے کہ جن میں قدرتی مادہ باہ کا نہو یعنی خصیے پیدا نہوئی ہوں لیکن کسی عارضہ کے سبب سے
اُس کی ساخت میں نقص واقع ہو گیا ہو۔ اور جو دماغی محنت اس قدر کرتے ہوں کہ دماغ سے منی
کا مادہ خصیوں میں جاتا ہی نہیں یا کم جاتا ہو۔ کہ منی بنتی نہیں اور جن کے خصیے بہت ہی چھوٹے ہوں
اور جو مخدرات مثل افیون وغیرہ کھانے کے عادی ہوں اور جن کے اعصاب میں کہ باعث لذع
شہوت میں فالج ہو گیا ہو یا وضع حمل کی وجہ سے خوف زدہ ہو گئے ہوں اور جو مدت سے مرد کے پاس
نہ گئی ہوں اور جو چپٹی کھیلتی ہوں منع ہے یعنے اِن سب عورات سے جماع کرنا منع ہے اور نیز مردہ
عورت اور حیوان سے بھی منع ہے نابالغہ سے اس وجہ سے منع ہے کہ رحم انکا منی کو جذب نہیں کرتا
پر امراض بلغمی اور وسواس میں مبتلا کرتا ہے اور اکثر منی مرد کی حرارت صغیرہ کو بجھاتی ہے۔
اور کبھی موجب استسقا کی ہوتی ہے اور کبھی موجب عقر کی اور نیز یہ بات بھی ہے کہ ہنگام مجامعت
مرد کے ساتھ رغبت سے پیش نہیں آتی اور اس فعل سے انکار اور نفرت ظاہر کرتی ہے چونکہ جماع کی
وقت عورت کو رغبت سے مرد کے ساتھ پیش آنا اور بوس و کنار وغیرہ حرکت جماعی میں مرد کیساتھ موافق
ہونا بلکہ اپنا شوق و رغبت ظاہر کرنا اور اُس کے کاموں کو دل سے پسند کرنا مرد کے دل کی خوشی
کو بڑھاتا ہے اور اُس کے اعضائے تناسل کی قوت کو ترقی دیتا ہے عورت کا نفرت کرنا یا صراحتاً انکار کرنا اس
فعل سے ناراضمندی ظاہر کرتا ہے مرد کی لذت کو کم کرتا ہے اور شوق کو گھٹاتا ہے اور قوت کو توڑتا
ہے اور نیز بہ نسبت نابالغہ عورت کے مرد کو بہت دقت اور تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔ جس کا
نتیجہ ضعف باہ ہے۔ اور نیز بہ سبب عدم حصول قوائے اناثی و عدم تکمیل مزاج منی

اولاد بھی کمزور ہوتی ہے۔ اور حالت حیض ونفاس میں جماع کرنا مورث قروح وبثور ذکر وضعف باہ ہے اسواسطہ کہ خون فاسد قضیب میں داخل ہوتا ہی اور بعض کہتے ہیں کہ مورث مالیخولیا ہی اگر اس حالت میں حمل قرار پاویگا تو مولود کریہ الشکل اور فاسد الترکیب پیدا ہوگا اور بہت جلد جذام میں مبتلا ہوجاویگا اور کبھی اِس حالت میں نفرت بھی ہوتی ہے اور نفرت موجب ضعف باہ ہے۔ اور اِس حالت میں جماع کرنا مردوں کو بھی مضر ہے اور عورتوں کو بھی اور بدصورتوں سے اِسواسطے منع ہی کہ اُن سے جماع کرنے میں رغبت نہیں ہوتی. بالخاصیت بدن کو ضعیف کرتا ہی لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی تھی کہ زن بدصورت سے پرہیز کرنا کہ وہ قبل پیری کے پیر کردیتی ہے اور دوسرے یہ کہ اکثر کج خلق ہوتی ہیں اور اطاعت نہیں کرتی اور نیز جماع کی رغبت نہیں ہوتی +

جالینوس کا قول ہے کہ اکثر نطفہ اپنی ماں کی صورت قبول کرتا ہے اسواسطے مرد کو خوبصورت عورت سے مواصلت چاہیئے + نیز یہ بھی سمجھنا چاہیئے کہ بدصورت وہ عورات ہیں کہ دل کو مرغوب اور طبیعت کو مطلوب نہوں اگر بدصورت مرغوب طبع ہو تو اُس سے یہ نقصان ہرگز نہیں ہوتا بقول شخصے (لیلے را بہ نگاہِ مجنون باید دید)

مریضہ سے اِس وجہ سے منع ہے۔ کہ اُن کی طبیعت بوجہ مرض کے جماع کی طرف مائل نہیں ہوتی۔ اِن سے جماع کرنا خود مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے اور زنان بیوہ سے اِس وجہ سے منع ہے کہ بسبب عدم استقرار نطفہ بلحاظ افشائے راز اپنے جسم کو حرکت دیتی ہیں اور یہ مورثِ سوزاک ہے اور نیز یہ بھی بات ہے کہ بسبب فوت ہونے خاوند اول کے اکثر غمگین رہتی ہیں اور جماع میں ناز وکرشمہ کہ جو عورتوں کی عادت ہے نہیں کرتیں پس جماع کا لطف حاصل نہیں ہوتا بقول شخصے ؎ زنِ بیوہ مکن اگرچہ حور است + اور عورت چہل سالہ سے ممانعت کی یہ وجہ ہے کہ اُن سے جماع کرنا ضعف باہ پیدا کرتا ہے اور بسبب سُست اور ڈھیلے ہوجانے اندام نہانی کے کہ لازمہ عجوزت ہی مرد کو لذت کم ملتی ہے اور کم ملنا لذت کا مرد کے شوق اور لذت کو گھٹاتا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ سن ضعیفی میں اندام نہانی کی اندر سردی آجاتی ہی اور یہ سردی باعث انطفاء نائرہ شہوت مرد ہوتی ہے اور نیز بمقتضائے کبر سنی رحم منی کو بہت جذب کرتا ہے کہ جس سے رونق مرد کے چہرہ کی جاتی رہتی ہی کمزوری اور ناتوانی عارض ہوتی ہی

مگر جبکہ جمیلہ اور مرغوب طبع ہو مضائقہ نہیں۔ انتہا ایام مباشرت کی عورت سے پچاس سال تک ہے
جو مخدرات کا استعمال کرتے ہیں اسوجہ سے منع ہے کہ اکثر تحدید منی کی لذع اور دغدغہ کو جس سے
شہوت کو ہیجان ہوتا ہے معدوم کرتا ہے اور جو مدت سے مرد کے پاس نہ گئی ہو اسوجہ سے
منع ہے کہ ان کی طبیعت کا رجحان مجامعت کی طرف نہیں رہتا اور بسبب فضلہ کثیر اور مادہ
عفن اور فاسد جمع ہونے سے مرد کا ضرر متصور ہے۔ بقراط نے لکھا ہے کہ جس عضو کے
جو فعل متعلق ہوتا ہے اُس کے واسطے وہ ہی فعل طاقت دہندہ اور فربہ کنندہ سمجھا جاتا
ہے۔ اور اس کا ترک کرنا باعث لاغری خیال کیا جاتا ہے۔ اور جو عورت چپٹی کھیلتی ہے
اس وجہ سے منع ہے کہ اُس کی مرد سے تسکین نہیں ہوتی۔ ظاہر ہے کہ مرد میں اتنی قوت
کہاں۔ ایسی عورت کی شناخت یہ ہے کہ لاغر اندام ہوتی ہے یعنی گوشت و چربی اُس کے بدن
پر نہیں ہوتی علی الخصوص شرمگاہ پر۔ زنان فاحشہ بازاری سے اس وجہ سے منع ہے کہ
اس سے سوزاک و آتشک ہونے کا اندیشہ ہے ظاہر ہے کہ جب اشخاص مختلف الطباع کی منی
عورت کی شرمگاہ میں گرتی ہے اُس کو اور رحم کو اصلی حالت سے بدل دیتی ہے اور حرارت غیر
طبعیہ ردیہ خبیثہ اُس میں پیدا ہوتی ہے بلکہ اثر اُس کا اولاد تک رہتا ہے ایسا بھی سنا ہے
کہ عین حالت صحت میں کھوپری انسان کی شق ہو گئی اور فی الفور مر گیا علاوہ اسکے شناعت اس فعل
کی ہر ملت و ہر مذہب میں حرام ہے وجہ حلال کو چھوڑ کر حرام کا مرتکب ہونا بڑی بات ہے نسب
و شرافت کی اضاعت اسی میں ہے ان کے جمال پر فریفتہ ہونا دانائی سے بعید ہے اور اپنے
ننگ و نام کو برباد کرنا ہے اور اپنے اوپر رنج و تعب گوارا کرنا ہے اور جس کو سوزاک و آتشک ہو
اُس سے بچنے کی وجہ ظاہر ہے۔ زنان حاملہ سے اس وجہ سے منع ہے کہ رحم کو حرکت پہنچتی ہے
کہ وہ موجب اسقاط ہے خاصکر طویل الذکر آدمیوں سے جیسا کہ معلوم ہو چکا اور نیز لکھا ہے
کہ حمل کے دنوں میں عورت کی شرمگاہ کی حرارت زیادہ بڑھ جاتی ہے اور بعض اوقات اُس
سے تر رطوبت خارج ہو جاتی ہے۔ اگر وہ رطوبت ناژہ میں پہنچ جاوے گی تو سوزش
ناژہ ہونے کا اندیشہ ہے اور زنان گندہ دہن سے اسوجہ سے منع ہے کہ ہنگام بوس و کنار مرد کی طبیعت
کو اُسکی بو ناگوار گذرتی ہے کہ جس سے اُسکی شہوت کا جوش کم ہو جاتا ہے۔ آخر کار سبب ضعف باہ ہے

سنگھنی سے ممانعت کی وجہ یہ ہے۔ مرد کو ایسی عورت سے سخت تکلیف ہوتی ہے کہ مثل جونس کے چوس لیتی ہے۔ اور ڈھنکی سے ممانعت کی یہ وجہ ہے کہ ایسی عورت مرد کو نامرد بنا دیتی ہے اور وہی مرد کو مچھر سا خیال کرتی ہی جو بوجہ نہ قائم ہونے نطفہ کے مرد سے علیحدہ ہو جاوے اسوجہ سے منع ہر کہ اس سے منی کا قطرہ قضیب کی احلیل میں ہٹتا ہے ماعدہ باعث سوزاک ہو زنان بکر سے جماع بعض تو بسبب سیلان خون اور اُسکے اضطراب کے مکروہ جانتے ہیں اور بعض بسبب تنگی شرمگاہ اور حرارت متناسبہ عضا اور اضطراب کی نفرت نہیں کرتے اور اس اضطراب میں لذت پاتے ہیں کہ دوسرے کے سکون میں لطف نہیں ہوتا چنانچہ اہل تجربہ خوب جانتے ہیں خلاصہ یہ کہ اکثر آدمی بالطبع بکر کے جماع کو ملذ ذات سے جانتے ہیں مگر حقیقت میں بکر سے جماع کرنا ضرر میں مثل مرلعیتہ کے ہے۔ ضعف گردہ پیدا کرتا ہے اور نیز بسبب اضطراب و سیلان دم کے کہ طبیعت کی نفرت کا باعث ہے۔ ضعف باہ ہے بعض کہتے ہیں حسین جوان و مرغوب طبع سے جماع کرنا اچھا نظر نہیں کھا ہے لذت تمام و خوشی مالا کلام دیتا ہے سرور و فرحت بخشتا ہی حرارت کی بھارتا ہے اور قوتوں کو قوی کرتا ہے اس واسطے کہ لذت زیادہ حاصل ہوتی ہے اور رغبت بڑھتی ہے اس صورت میں ہر چند منی زیادہ نکلے ضعف بہت ہوتا ہے۔ کیونکہ روح و منی زیادہ پیدا ہوتی ہے ۵

دلبرے را کہ دلت می خواہد
منی از او عیہ ریزد بسیار
کہ تدارک کندت فرحتِ دل

گر شوی بہر جماعش مشغول
نہ شوی ہرگز ازیں فکر ملول
آنچہ شد خرچ ز تو وقتِ نزول

مردوں سے فعل کرنا سخت بیمار ہونے کا اندیشہ ہی عورتوں سے لواطت کرنا منع ہے جو شخص اپنی عورت سے لواطت کرتا ہے۔ خصوصاً حمل کے وقت اغلب ہی کہ لڑکا اُس کا علۃ المشائخ میں مبتلا ہو۔ جماع سے عورت و مرد اسوجہ سے لذت پاتے ہیں کہ یہ قاعدہ کلیہ ہی کہ جب کوئی عضو مقام گرم اور نرم پر گھسا یا رگڑا جاتا ہے تو اس میں ایک خاص قسم کی لذت ہوا کرتی ہی جیسا کہ ہاتھ و پاؤں کے تلوے نرم نرم سہلانے سے اسیطرح قضیب کو عورت کی شرمگاہ پر بار بار داخل کرنے سے اور لگانے سے گرما

لگتی ہے اور رگڑ لگنے سے عورت و مرد کو لذت حاصل ہوتی ہے چونکہ یہ زیادہ تر نرم ہے اور اس
میں حس زیادہ ہے اس سبب سے زیادہ لذت ہوتی ہے حکماے کا قول ہے کہ تین چیزیں لذت
دنیا ہیں۔ گوشت کھانا۔ گوشت میں گوشت کرنا۔ گوشت پر سوار ہونا +

جماع میں عورت و مرد کا بالغ ہونا شرط ہے۔ بلوغ کی علامات یہ ہیں جماع کی خواہش ہو
اور جوانی کا جوبن چھانا۔ مہاسوں کا نمودار ہونا۔ موے عانہ کا آغاز ہونا اور بغل میں بو آنا یعنی بسبب
حرارت کے شدت کے دل سے فضلات نرم گوشت کی طرف کہ جو بغل میں ہے بسبب اسکے
کہ وہ ضعیف ہے اور دل سے نزدیک ہے دفع ہوتے ہیں اور نیز ناک کے نتھنے کشادہ
ہوجاتے ہیں یعنے رطوبت غذویہ جو ناک کو ملصق ہوتی ہے بسبب حرارت کی شدت کے
ناقص ہوجاتی ہے اور نیز جب عورت بلوغ کو پہنچتی ہے تو چھاتیاں ابھر آتی ہیں اور حیض جاری
ہوتا ہے اور گرم ملکوں میں تیرہ و چودہ سال میں جاری ہوتا ہے اور بعض بارہ سال بھی کہتے
ہیں ساٹھ برس کے بعد حیض جاری نہیں ہوتا۔ اور مرد کا ٹینٹوا بھی باہر کو نکل آتا ہے یعنی حرارت
کی شدت حنجرہ کو وسیع کرتی ہے اس سبب سے آواز بھی بھاری ہوجاتی ہے اور مرد کا خواب
میں منزل ہونا یہ بھی علامت بلوغ کی ہے عورت کو جماع کی خواہش زیادہ تر ایام جوانی اور ہم بستری
مفارقت کے بعد اور بعد انقطاع حیض اور فراغ غسل اور وضع حمل سے چالیس روز بعد اور حمل قرار
پکڑنے سے دو مہینے کے بعد اور عریان تصویر اور ناچ وغیرہ دیکھنے سے اور کوئل پپیہے کی آواز سننے
سے اور سرد موسم میں اور دقت مشاہدہ برق اور وقت باران اور وقت سیر باغ اور
خلوت میں اور مرد کے حسن و جمال کے اوصاف سننے سے اور نیز حکایات عشرت و
مباشرت کے سننے سے اور زیور و لباس فاخرہ پہننے کے وقت اور عطر لگانے کے وقت
ہوتی ہے۔ یعنے ان اوقات میں عورت کو جماع کی خواہش زیادہ ہوتی ہے عورت کے شہوت کے
غلبہ کی یہ علامت ہے کہ بار بار بالوں کو پراگندہ کرتی ہے اور بے سبب سینہ بند کے بند کھولتی
ہے اور باندھتی ہے اور اپنی پستان کو ہاتھ سے ملتی ہے اور بار بار جمھائی لیتی ہے اور دونوں
ہاتھ اپنے سر پر پھراتی ہے زن مصاحبہ کو ہر بار آغوش و کنار میں لیتی ہے اور اطفال کو سینہ و
پستان پر لٹاتی ہے۔ اور بوسہ دیتی ہے اور انگلیوں کو کھینچتی ہے اور کانوں کو انگلی سے کھجاتی ہے

بڑاں لاکر ... (حاشیہ: متفرق الفاظ کٹے ہوئے)

اور انگلی سے زمین کھودتی ہے۔ اور ہمیشہ آرائش زیور و سرمہ لگانے میں اور پان کھانے میں
مصروف رہتی ہے۔ اور ہر بار آئینہ دیکھتی ہے۔ عورت بسبب اس کے کہ اس کا مزاج سرد ہے
بطی الانزال ہوتی ہے۔ اور نیز بسبب سرد ہونے مزاج کے شہوت بھی دیر میں ہوتی ہے اور مرد کا
مزاج گرم ہے بسبب حرارتِ مزاج کے کہ باعث سرعت انزال کا ہے جلد شہوت ہو جاتی ہے
اور دیر تک نہیں رہتی۔ اس وجہ سے عورت کئی مرتبہ کی مجامعت میں ایک دفعہ یا دو دفعہ منزل
ہوتی ہے اور مرد ہر بار۔ اور نیز عورتوں کے بطی الانزال ہونے کی یہ بھی وجہ ہے کہ منفذان
کا تنگ ہوتا ہے بسبب منفذ کے تنگ ہونے کے دیر میں انزال ہوتا ہے۔ ایک بار نہیں ہوتا
بلکہ تھوڑا تھوڑا بدفعات تکرار جماع سے انزال ہوتا ہے اسی وجہ سے اُن کو ضعف کم عارض ہوتا ہے
بخلاف مردوں کے۔ چونکہ اوعیہ منی اُن کا وسیع ہے ایک دفعہ منی بہت سی خارج ہوتی ہے۔ اسی
سبب سے ضعف ہو جاتا ہے اور یہ بھی سمجھنا چاہئے۔ کہ مرد میں عورت سے کئی حصہ زیادہ شہوت ہے
کہ ایک شب میں مرد باوجود انزال ہر دفعہ کے چند مرتبہ خواہش کرتا ہے اور عورت کو اس کی
خواہش باوجود انزال ہر مرتبہ ہونے کے نہیں ہوتی۔ جس قدر عورت جسیم ہوتی ہے شہوت زیادہ
ہوتی ہے۔ بخلاف مردوں کے کہ مرد جسیم ضعیف الباہ ہوتا ہے۔ چونکہ عورت بطی الانزال ہوتی ہے
تا وقتیکہ کوئی ترکیب قبل جماع کے ایسی نہ کی جاوے کہ جس سے منی عورت کی پگھلکر شہوت
کا غلبہ پاکر انزال میں مرد کے ساتھ مطابقت کرے لطف نہیں قبل جماع کے بوس و کنار کے ساتھ
اختلاط کرنا چاہئے اور بہت چھیڑ چھاڑ رکھنی چاہئے۔ اور پستان کو کچھ دیر تک ہاتھ سے ملنا
چاہئے۔ کہ سخت ہو جاویں۔ اس واسطے کہ نرمی عدم شہوت پر دال ہے اور پستان کو اس وجہ
سے ملتے ہیں۔ کہ پستان کی جلد قوی الحس ہے اور اس کو رحم سے علاقہ ہے جلد ہیجان شہوت
ہو جاتا ہے اور عورتیں بھی اس مساس کو پسند کرتی ہیں اور مرد کو بھی زیادہ اسی کی عادت ہے۔
جب کہ آنکھیں عورت کی سرخ ہو جاویں۔ اور سانس پے در پے لینے لگے اور پتلی کسی
قدر اوپر کو پھر جاویں۔ اور اشتیاق سے آنکھ بند کرلے۔ اور مرد کو اپنے پاؤں سے
داب لے اور اپنی طرف کھینچے۔ اور دونوں ہاتھ مرد کی کمر میں ڈالے اور مرد کا بوسہ لے اور
سسکیاں بھرے۔ غرضیکہ جب یہ کیفیت ہو تو اس کام میں مشغول ہوں کیونکہ جب تک عورت پر

شہوت غالب ہو جماع کا لطف نہیں ہے ایسے وقت جماع کرنا منی کا ضائع کرنا ہے اگر انزال زن
مرد کا ساتھ ہو تو باعث عمل کا ہے عورت کے منزل ہونے کی یہ علامت ہے کہ تمام بدن سنسنا جا
ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مطلق بدن میں جان نہیں ہے۔ اور ہاتھ اور پاؤں اخت
میں نہیں رہتے۔ تمام حرکات سے اور خصوصاً جماع سے نفرت ہوتی ہے۔ اور مقام نہانی
شادابی ہوتی ہے اور رطوبت ظاہر ہوتی ہے۔ زردی یا سفیدی اور بے رونقی چہرہ پر ہو جاتی
پیشانی اور تمام بدن پر پسینہ آجاتا ہے اور مرد سے حیا کرتی ہے۔ اگر عورت ہر روز منزل
زندہ نہیں رہ سکتی۔ بعض آدمیوں کا یہ طریقہ ہے۔ کہ ہنگام مباشرت جب منزل ہونے کے قر
آتے ہیں تو سانس زور سے اوپر کو کھینچتے ہیں یا ہر دخول کے بعد ایک سے سو تک گنتے ہیں۔ اور
آلہ تناسل باہر نکال کر رومال سے صاف کرتے ہیں۔ یا اپنے خیال کو جماع سے پھیر کر
دوسری طرف متوجہ کرتے ہیں۔ چونکہ یہ فعل اس کی اصلی طاقت اور خواہش سے
زیادہ کیا جاتا ہے۔ بدیں وجہ اس میں تکان واقع ہوتا ہے۔ اور ہمیشہ کے استعمال
سے عصب سست پڑ جاتا ہے۔ حرقت بول و سوزش بول و تقطیر بول و سنگ گردہ اور
اکثر اسی قسم کے امراض میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ اور اولاد سے محروم رہتا ہے اور عورت
عوارض رحم میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ جو جماع رغبت سے کیا جاتا ہے اور عورت و مرد شاداں و
فرحاں ہوتے ہیں تو جو مولود اس سے پیدا ہوتا ہے۔ صورت و سیرت میں ممدوح خلائق اور
عقیل اور نفیس مزاج ہوتا ہے۔ اس واسطے کہ بسبب ہیجان شہوت اور حصول لذت اور
رغبت مفرطہ کے اصل جوہر منی کا خارج ہو کر رحم میں مستقر ہوتا ہے اور جو جماع رغبت سے
نہیں ہوتا مولود بدصورت اور غبی ہوتا ہے۔ ایسی حالت کے جماع میں منی بہت ردی خارج
ہوتی ہے۔ اور جس مکان میں جماع کریں اس میں کسیطرح کا غل اور غیر کا دخل نہ ہو۔ بقول
شخصے ۵ ہیں ہول اور صنم ہو کوئی درمیاں نہو + اور مکان پاک اور صاف اور پرتکلف ہو
اور خوشبو سے معطر ہو اور مرد و عورت نہایت عمدہ پوشاک پہنیں اور صحبت کے وقت سوائے شغل و با
بات متعلقہ جماع کے زیادہ باتیں نہ کریں اندیشہ مولود کے گونگا ہونے کا ہے۔ اور نیز جماع کے وقت
کسی طرح کا غم و غصہ نکریں خوش وضع طرحدار صورت کا تصور کریں تاکہ مولود خوبصورت پیدا ہو

اگر بُری صورت کا تصور کیا جاوے گا۔ تو مولود اسی شکل کا ہوگا۔ چنانچہ منقول ہے کہ ایک شخص کو جماع کے وقت سانپ کا خوف ہوا بعد انقضائے ایام حمل سانپ پیدا ہوا۔ عورت بعد غسل کے جس کی صورت دیکھتی ہے۔ اکثر وہی صورت نطفہ قبول کرتا ہے۔ لہذا بعد غسل کے پہلے اپنے شوہر کی صورت یا آئینہ میں اپنی صورت دیکھے جماع اگرچہ پلنگ پر کرنا سب صاحبوں کو مرغوب ہے مگر بہتر زمین پر ہے کہ اُس کو گدیلوں سے آراستہ کیا ہو اس واسطے کہ ذکر کا سر وہیں رحم سے ملاقی ہوجاتا ہے۔ جماع کی بہت صورتیں ہیں۔ بہتر سب صورتوں میں یہ ہے۔ کہ عورت کو فرش ملائم و نرم پر چت لٹاویں اور دونوں پیر عورت کے آہستہ سے اپنی رانوں پر رکھکر دونوں رانوں کے درمیان میں آئے اور دونوں ہاتھ کمر کے نیچے عورت کی بغل کی طرف لیجا کر عورت کو اپنی طرف کھینچے اور اُس کے سُرین کو جس قدر ضرورت ہو اٹھائے اور سر اونچے تکیہ پر رکھے تاکہ نطفہ اپنی جگہ پہنچے اور لذت بھی زیادہ حاصل ہو اس عمل سے اگرچہ قضیب کوتاہ ہو رحم میں جا پہنچتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ جب تک قضیب رحم پر جا کر نہیں لگتا عورت کو تسکین نہیں ہوتی اور انزال نہیں ہوتا۔ قضیب کے سر کو دو ایک مرتبہ ران پر پھراویں تاکہ آتش شہوت مشتعل ہو اور بعد اس کے قضیب کو جلد اور بشدت داخل کریں۔ اور آہستہ اور نرمی سے نکالیں۔ اور یہ بھی قصد کریں کہ قضیب کا سر رحم کے منہ پر لگے۔ اور نیچے کے لب کو چوسیں اور زبان منہ میں لیں۔ اس واسطے نیچے کے لب کو رحم سے علاقہ ہے۔ یہ شکل حمل کے رہنے کے واسطے مفید ہے۔ اور یہ شکل کہ مرد نیچے اور عورت اوپر بہت ہی مضر ہے۔ اس صورت میں جو رطوبت عورت کے رحم سے خارج ہوتی ہے۔ مرد کے پیشاب کے سوراخ میں اکثر متعفن ہوجاتی ہے اور وہ سوزاک کا باعث ہوتی ہے۔ دوسرے یہ کہ طبعی میلان منی کا نیچے کی طرف ہے اور انزال کے وقت اوپر کی جانب کو حرکت کرتی ہے۔ لہذا کما ینبغی خارج نہیں ہوتی اور منی کا بقیہ باقی رہ کر متعفن ہوجاتا ہے۔ اور سوزاک کا باعث ہوجاتا ہے۔ خصوصاً جب کہ منی شدید الحرارت ہو ضعیف الباہ بسبب عدم قدرت جماع اس کو پسند کرتے ہیں۔ وقت جماع اگرچہ حاجت پیشاب کی ہو۔ تو بعد فراغ کے مشغول بجماع ہوں۔ اور عورت کو مناسب ہے کہ جماع سے پہلے چند قدم آہستہ آہستہ ٹہلے تاکہ اسکا رحم باہر کی طرف مائل ہو۔ اگر عورت کے رطوبت

زیادہ ہو تو رومال سے پاک کریں اور پھر مشغول ہوں مگر عورت کو اتنی مہلت ندیں
کہ اُسکی شہوت فرو ہو - مرد کو چاہیے کہ بعد صحبت کے جلد جدا نہو اور بہت دیر میں
بھی جدا نہو - مرد کو چاہیئے کہ بعد انزال کے ذکر کو کھینچکر نہ نکالے اِتنا توقف کرے کہ
وہ ڈھیلا ہو کر نکل آوے - قضیب پر لگی ہوئی منی کو ملائم اور صاف کپڑے سے پونچھ
ملائم سے صاف کرنیمیں یہ فائدہ ہے کہ رگڑ سے محفوظ رہیگا اور صاف سے یہ مطلب ہے
کہ کسی قسم کا مواد زہر یلہ اُس کپڑے پر نہ لگا ہو جب جماع سے فارغ ہوں اور پھر
قصد جماع کا کریں چاہیئے کہ اول شرمگاہ کو دہو ڈالیں اور اپنے جسم کو صاف کریں اور
پھر جماع کریں اور بعد جماع کے پیشاب کریں تاکہ منی کا قطرہ جو احلیل میں ہو نکلجاوے - بعد
جماع کے تھوڑے عرصہ کے بعد ذکر اور فوطہ وغیرہ کو نیمگرم پانی سے خوب دہو ڈالیں موسم گرما میں
سرد پانی سے بھی کچھ مضائقہ نہیں ہے لیکن فوراً سرد پانی سے دہونا مضر ہے بعد جماع غسل کرنا
عمدہ ہے کہ اس سے سستی دور ہو جاتی ہے اور اعضا کی قوت قائم رہتی ہے لیکن بعد جماع
فوراً غسل نکریں اور سردی سے محفوظ رکھیں کیونکہ سردی مسامات میں پہنچکر حرارت عزیزی
کو ضعیف اور بدن کو سرد کرتی ہے عورت اگر حمل کا قصد رکھتی ہو تو اُسکو چاہیئے کہ بعد
جماع کے پاؤں پھیلا کر کچھہ عرصہ تک لیٹی رہے بلکہ سو رہے اور حرکت اور ضحک سے باز رہے
کہ اس سے منی رحم سے خارج ہوتی ہے - بیٹھنے میں نطفہ کے نکلجانے کا اندیشہ ہے اور
لیٹنے کی قید اسوجہ سے ہے کہ فعل قوت مولدہ اسیوقت سے شروع ہو جاتا ہے جسقدر آرام ملیگا
بنیاد جنین کی قوی اور مضبوط ہوگی اگر عورت حمل کا قصد نہ رکھتی ہو تو جلد اٹھ کھڑی ہو
اور انزال میں موافقت نکرے اور بعد فراغ کے فوراً کھڑی ہو کر چھ سات بار کودے اور
چھینک آنے کے واسطے ناک میں بتی رکھے یا ناس لے - عورت کو بعد جماع کے پیشاب کرنے
کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ عورتوں میں پیشاب کا مقام علیحدہ ہوتا ہے اور مجامعت کا علیحدہ
بلکہ عورت کو قبل جماع کے پیشاب کرنا چاہیئے کہ اس سے لذت زیادہ حاصل ہوتی ہے کچھ عرصہ
کے بعد عورت کو بھی چاہیئے کہ دوسرے کسی صاف کپڑے سے اپنے بدن کو صاف کرے
اور مرد کو چاہیئے کہ وقت مجامعت کے عورت کی شرمگاہ کو نہ دیکھے کہ اس کے دیکھنے سے

نفرت ہوتی ہے اور نفرت ضعف قوت کا باعث ہے اور مولود کا نابینا ہونے کا اندیشہ ہی
اور آنکھوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ بعد جماع کے زن و مرد ایک دوسرے کی طرف توجہ کر کے سوئیں
کروٹ بدلکر پشت نکریں۔ بعد جماع کے جلد پیشاب کرنا باعث کمی شہوت ہو اور زردی رنگ کا
ہی۔ بعد جماع کے سرد شربت اور سرد پانی پینا منع ہے اسواسطے کہ اسوقت اعضا گرم ہوتے ہیں
پس اُسکو وہ فوراً جذب کر لیتے ہیں اور اُس سے عوارض مثل فالج ولقوہ و رعشہ پیدا ہونے
کا خوف ہے عورت کو نہایت ہی مضر ہے بلکہ جماع کے بعد جبتک نفس اپنی اصلی حال پر
نہ آجائے کوئی چیز پان کے سوا نہ کھائیں جب نفس اصلی حالت پر آجائے تو غرارہ کر کے کچھ
غذائے مقوی کھا کر سو رہیں تا کہ بدل ما تحلل ہو جائے۔

اب نسخہ جات مقوی کہ جو نہایت مجربات سے ہیں لکھے جاتے ہیں مگر پہلے یہ سمجھنا چاہئے کہ
باہ میں نقصان دو طرح سے ہوتا ہے ایک یہ کہ شہوت جماع ضعیف ہو جائے دوسرے یہ کہ
آلہ سست ہو جائے پہلی قسم اُس نقصان باہ میں کہ ضعف شہوت اُسکا سبب ہو ضعف کے
اسباب بہت ہیں۔ ایک یہ کہ غذا کی کمی سے بدن ضعیف اور ناتواں ہو جائے اس سبب سے
ریح اور خون کہ شہوت کا مادہ ہے کم ہو جائے۔ اسکی علامت بدن میں لاغری اور قوت میں
ضعف اور رنگ میں زردی اور غذا میں کمی۔ علاج اُسکا یہ ہی کہ غذائیں لطیف اور لذید
زیادہ کھائیں مثل گوشت فربہ گوسفند و زردی بیضۂ مرغ۔ اگر موافق آجائے انڈے سے
بہتر کوئی غذا بھی نہیں ہے اسکے کہانے کے بہت طریقے ہیں جس طور سے کھائیں مفید
ہے خصوصاً اگر اس طرح کھائیں نہایت ہی نافع ہے کہ انڈے کو جوش کریں سفیدی اُسکی
دور کر کے زردی میں دو ایک رتی رانگ کا کشتہ ملائیں اور ترطیب بدن اور تقویت ہاضم
کے واسطے بہت سوئیں اور جماع ترک کریں اور لہو و لعب و راگ میں مشغول رہیں اور
خوشبو لگائیں + دوسرے یہ کہ منی کم ہو جائے ظاہر ہے کہ جب جماع کے اعضا میں منی
زیادہ نہوگی شہوت کو تحریک نکریگی اسکی علامت یہ ہے کہ منی مشکل سے نکلے پس اگر منی کی کمی
کا یہ سبب ہے کہ آلات منی خشک اور لاغر ہیں اور لاغر ہیں اُسکی علامت یہ ہی کہ منی غلیظ ہو
اور تر غذا اور پانی میں دخل ہونے سے فایدہ معلوم ہو۔ علاج اُسکا یہ ہے کہ ادویہ و اغذیہ مرطب بدن

شیر وحریرہ وشوربا وغیرہ استعمال کریں اور حمام کرنا اور خوش رہنا اور لہو ولعب اور جو چیز کہ فرح
لاوے مفید ہے۔ اور اگر منی کی کمی کا سبب آلات منی میں سردی کا پیدا ہونا ہو۔ اس کی علامت
یہ ہے کہ منی بہت غلیظ اور بستہ ہو اور سردی اور بہت صدمات اور بے شمار حرکات کے بعد
دشواری سے نکلے بھوکا رہنے اور حرکات معتدلہ اور گرم دوا اور گرم ہوا سے نفع پہنچے اسی قسم
کی بات ہے کہ بعض آدمیوں کو دخول کے بعد نعوظ کامل ہوتا ہے کیوں کہ اس مقام اور حرکات
کی حرارت پہنچتی ہے علاج اس کا یہ ہے کہ جو چیز گرمی پہنچائے کھانے میں اور طلا میں مفید جانیں
اور اگر اس سبب سے کمی ہے کہ منی کے آلات میں حرارت ہے اس کی علامت یہ ہے کہ منی زرد
اور غلیظ ہو اور آسانی سے نکلے اور سرد چیزوں سے فائدہ ہو اور خصئے بڑے ہوں اور قضیب کی
رگیں ابھری ہوں۔ علاج اس کا یہ ہے کہ جو چیز آلات منی کی حرارت ساکن کرے استعمال کریں
مثل دودھ دہی وکاہو وخرفہ وخیارین وغیرہ اور گرم غذا اور گرم دوا سے پرہیز کریں اور خصیے
کو روغن بنفشہ اور روغن بادام سے چکنا رکھیں اور اگر کمی کا یہ سبب ہے کہ آلات منی میں
رطوبت ہے اس کا نشان یہ ہے کہ منی رقیق اور زیادہ ہو اور قضیب میں سستی ہو اور پانی
وغیرہ ضرر کرے اور خشک چیزیں مفید ہوں اور قارورہ سفید اور غلیظ ہو۔ علاج اس کا یہ ہے
کہ خشک ادویہ مثل اطریفل صغیر وغیرہ کے کام میں لائیں۔ نسخہ اس کا عنقریب لکھا جاوے گا
انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور بھنا ہوا گوشت اور کباب مصالحہ دار کھائیں۔ اور تیتر اور مرغ اور چڑیوں
کا گوشت سب گوشتوں سے بہتر ہے۔ زیرہ دارچینی۔ صعتر برگ۔ سداب ہر قسم کے مصالحے
سے عمدہ ہے۔ جو شخص چڑیوں کا گوشت ہمیشہ کھاتا ہے اور پانی کے عوض دودھ پیتا ہے
اس کی منی زیادہ ہوجاتی ہے۔

اور اگر سردی اور خشکی یا سردی اور تری یا گرمی اور خشکی کمی کا سبب ہے علاج
اس بیان کے مطابق جو بسائط یعنے کیفیت مفرد میں گذرا کریں حرارت اور رطوبت کے جمع
ہونے سے منی میں کمی نہیں پڑتی۔ بلکہ زیادہ ہوجاتی ہے۔ تیسرے یہ کہ منی ٹھہر جاوے اور
حرکت نہ کرے اور اس میں لذع اور دغدغہ جس سے شہوت کو ہیجان ہوتا ہے معدوم ہوجاوے یا بضرورت
میں ضعف آجاوے اور یہ نوع اکثر ان لوگوں کو عارض ہوتی ہے کہ جو مخدرات مثل افیون و بھنگ وغیرہ کا

استعمال کرتے ہیں۔ اُس کی علامت یہ ہے کہ منی مقدار میں زیادہ نکلے اور باوجود اس کے
غلیظ ہو اور افسردہ ہو مگر بعد صدمات اور حرکات کے کہ جس سے تکان اور بے چینی حاصل ہو علاج
وہ چیزیں کہ منی کو کم کرتی ہیں اور جوش میں لاتی ہیں اور تیزی اور لذع پیدا کرتی ہیں استعمال کریں
(۹) چھٹے یہ کہ مدت دراز تک جماع کا اتفاق نہوا ہو اور یہاں تک نوبت پہنچے کہ طبیعت منی کا پیدا
کرنا چھوڑ دے۔ جیسا دودھ چھڑانے کے بعد دودھ بنانا چھوڑ دیتی ہے۔ علامت اُس کی یہ ہے
کہ عرصہ دراز تک جماع نہ کیا ہو اور احتلام بہت کم ہو اور جماع سے خوش نہو علاج جو کچھ کہ طبیعت
کو چونکائے اور شہوت کو ابھارے اختیار کریں۔ مثل خوش آواز عورتوں کا راگ اور جماع کی حکایات
اور حیوانات کے جماع اور خوبصورت تصویروں کا دیکھنا اور جن کتابوں میں جماع کا بیان اور معشوقوں
کے اوصاف ہوں اُن کا پڑھنا اور اغذیہ باہیہ کا مثل انڈے کی زردی وحلوان وچوزوں کا کھانا
(۱۰) پانچویں یہ مفعولہ کا دبدبہ یا اُس کی کراہت دل میں بیٹھ جاوے یا اس کے پاس جانے سے پہلے خیال
کرے کہ میں اُس پر قادر نہونگا۔ یعنی مجھ سے کچھ نہو سکیگا۔ اور خجالت کے وہم سے شہوت ساقط ہو
جائے یا وہم کرے کہ کسی نے باندھ دیا ہے باوجودیکہ منی کی کثرت اور آلات میں صحت ہے۔
طبیعت جماع پر راغب نہیں ہوتی۔ ظاہر ہے کہ بدن میں امور نفسانیہ کا اثر ہر قسم کے اثر سے
جلد اور زیادہ ہوتا ہے۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ بعض آدمیوں کو ایک ہی شخص کے ساتھ جماع
کا شغل بکثرت رہتا ہے۔ جب دوسرے سے اتفاق ہوتا ہے شہوت نہیں ہوتی خصوصاً
اگر وہ عورت نئی یا باکرہ ہو کیونکہ ازالہ بکارت کی ہیبت ناآزمودہ کار جوانوں میں یہاں
تک ہوتی ہے۔ کہ اُس کے خوف سے اصلی شہوت بھی جاتی رہتی ہے۔ علاج خیالات اور
آرائے باطل کو کہ دل میں جم گئی ہے دفع کریں اور دل و دماغ کی تقویت کریں۔ کہ جب دل و
دماغ قوی ہونگے تو خیالات فاسدہ اور اندیشہ باطل کا اثر نہو گا +
(۱۱) چھٹے وہ کہ بہت سی مشقت کے بعد یا بیماری کی درازی کے باعث یا بہت بھوکا رہنے
سے اور علاوہ اس کے جو کہ روح اور حرارت غریزی کو تحلیل اور قوت کو ضعیف کرے دل میں
ضعف پیدا ہو۔ ظاہر ہے کہ جب دل دماغ ضعیف ہونگے تو روح شہوانی اور ریح ناشرہ میں
سے انتشار ہوتا ہے۔ پیدا نہوگی۔ پس باہ میں ضعف آجاویگا۔ اس کی علامت یہ ہے کہ نبض میں کمی

اور ضعف ہو اور قضیب ذیر کر سخت ہو اور جماع کے بعد غشی کی سی حالت پیدا ہوا
کہیں حرارت ہو تشنگی اور خفقان بھی اس مرض کو لازم ہیں علاج ضعف کا جیسا سبب
موافق دل کی تقویت اور تعدیل میں کوشش کریں یعنی مفرحات یا قوتیہ وغیرہ استعمال
کہ جس کے نسخہ جات عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ لکھے جائیں گے۔ اور ساز خوش آواز
رہیں اور فکر و غم سے بچائیں اور معشوق جمیلہ کو ہم بستر کریں کہ معشوقہ کی صحبت اعضا کی
اور شہوت باہ کے بڑھانے میں لبوب کبیر سے بہتر ہے اور کوئی چیز اس کے برابر نہیں
قسم وہ ہے کہ معدہ یا جگر ضعیف ہو جائے اس سبب سے خون صالح جس سے منی پیدا
ہے بہت کم پیدا ہو اس سبب سے باہ میں ضعف آجائے اسکی علامت یہ ہے کہ غذا اور
کی خواہش کم ہو اور ہضم ضعیف ہو اور سوء مزاج کے دوسرے آثار کہ اس عضو کو مخصوص
ظاہر ہوں علاج سبب کے موافق اعضاء آفت رسیدہ کے مزاج کی تقویت کریں۔ آٹھویں
کہ دماغ ضعیف ہو جائے پس قوت نفسانیہ حساسہ کا مادہ اعضاء تناسل سے منقطع ہو جا
اس سبب سے اعضاء کو منی کی حرکت اور لذع اور دغدغہ سے خبردار نہوں اور ظاہر ہے کہ
اعضاء تناسل میں منی کے دغدغہ کا اثر محسوس نہیں ہوتا باہ اور انتشار ممکن نہیں اسکی
یہ ہے کہ حواس مکدر رہیں اور حرکات و شواری اور سستی ہو اور جماع کی خواہش کم ہو خصوص
دماغ کو جاگنے یا اور سبب سے مشقت پڑے اور جماع سے لذت نہو اور قضیب سست
پس اگر ضعف دماغ سردی سے ہوگا سرد ہوا اور سرد چیزوں سے ضرر پہنچیگا اور گرمی
اور اگر حرارت سے ہوگا اسکے برعکس ہوگا اگر رطوبت سے ہوگا ترطیب سے ضرر
اور حمام میں جماع کی قدرت نہوگی اور خشک چیزوں سے نفع ہوگا اور اگر
کی خشکی اسکا سبب ہو اسکے برعکس ہوگا علاج جو چیزیں کہ سبب کی مضد
اُس سے مزاج کی تبدیل میں کوشش کریں اور اگر مادہ غالب ہو اسکا تنقیہ
رکھیں جیسا اُسکے موافق ہو اُسکے بعد تبدیل میں رجوع کریں بہر صورت
کی تقویت کے لئے معاجین مقویہ و شمومات و اطلیہ وغیرہ کہ جو آگے
کئے جائیں گے حرارت و برودت کی رعایت سے استعمال کریں۔ نویں وہ کہ ضعف

ظاہری دوسری آفت گردہ میں پہنچے اسوجہ سے شہوت طبعی میں نقصان آجائے ...وئی
جبتک کہ گردہ میں قوت نہو۔ شہوت طبعی کامل نہیں ہوتی اگر
تیسری قسم اُس نقصان باہ میں کہ استرخاء آلہ اُسکا سبب ہو۔ یہ بھی کئی طرح پر ہے
...بدن کے ضعف اور لاغری سے آلہ میں سستی اور استرخاء ہو اسکی علامت اور علاج وہی
...جو پہلی قسم کی پہلی نوع میں بیان کیا۔ دوسرے وہ کہ مدت دراز تک جماع کا اتفاق
...ہو اس سبب سے قضیب ڈھیلا ہوکر سکڑ جائے۔ ظاہر ہے کہ ہر ایک اعضا دایک
...اور ریاضت سے جو انکے واسطے مخصوص ہیں قوت پاتے ہیں اور اُسکے چھوڑ دینے
...ضعیف ہو جاتے ہیں اسواسطے اطبا نے کہا ہے کہ عمل قوی اور غلیظ کرتا ہے اور حکمے
...سے ضعیف اور ڈبلا ہو جاتا ہے علاج نیمگرم پانی قضیب پر ڈالیں تاکہ مسام کھلیں اور
...ہوکر ڈھیلا ہو اور طراوت پہنچے اسکے بعد ایک عرصہ دراز تک آہستہ آہستہ بھیڑ کا دودھ
...پر اُسکے گرد ملیں اور زفت رومی پیکر باندھیں اور اغذیہ اور اشربہ باہیہ استعمال کریں
...سرے یہ کہ افراط کی سردی یا حرارت یا یبوست کے سبب پہنچے کے بدن میں نفخ اور
...بہت کم پیدا ہو اس سبب سے آلہ سست رہے اور اُس سے کام نہ چلے اسکی علامت یہ
...کہ بدن کے قویٰ قوی اور اعضا سلامت ہوں اور نفخ نہو اور نفاخ غذاؤں سے اور
...نہی ہونے سے فایدہ معلوم ہو اور منی بہت نکلے ایسے آدمی کا انتشار بالکل باطل نہیں
...بلکہ کم اور ضعیف ہو جاتا ہے اور کبھی حرارت کی کمی اور رطوبت کے نقصان سے نفخ
...نہیں پیدا ہوتا اُسکا نشان یہ ہے کہ کھاتے او پینے کے بعد خصوصاً اگر غذا اُس چیز میں
...بت اور زیادہ حرارت ہو انتشار قوی ہو جاتا ہے اور کبھی حرارت کے نہونے سے
...نہیں پیدا ہوتا اور یہ اکثر ہوتا ہے اُسکا نشان یہ ہے کہ بھوک کی حالت ہیں اور
...معدہ خالی ہو اور نیز حرکات کا اتفاق ہو یا گرم غذائیں اور گرم دوائیں استعمال
...میں انتشار قوی ہو جائے۔ علاج اگر رطوبت کی کمی کا سبب ہو ترطیب کے لیئے حمام
...میں اور روغن ملیں اور اسکی مانند دوسری تدبیریں کام میں لائیں اور مبہی دوا نہوں
...جو بہت گرم نہوں اختیار کریں اور جو شدت سے گرم ہو اُسکو ہرگز نہ کھائیں

چونکہ افراط کی حرارت خشکی لاتی ہے اور یہ امر نفخ کے پیدا ہونے کا مانع آتا ہے اور اگر حرار
معدوم ہونے سے یہ امر ہو تسخین کے لئے معاجین گرم وغیرہ اور روغن وغیرہ۔ جو کچھ مناسب ہو
کہ جن کے نسخہ جات انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب لکھے جاوینگے استعمال کریں۔ چوتھی نوع
اعصاب میں فضلہ بلغمی کے گرنے سے یا سرد پانی میں بہت دیر ٹھہرنے سے یا برف وغیرہ
بیٹھنے سے اور اس کے سوائے اعصاب مذکورہ میں ایک قسم کا فالج عارض ہو۔ ظاہر ہے
جب اسباب مذکورہ کی وجہ سے اعصاب کا مزاج فاسد ہوگا۔ قوت محرکہ وحساسہ کا اس
اثر نہوگا۔ اس کی علامت یہ ہے کہ منی زیادہ اور رقیق ہو۔ اور بغیر انتشار جلد نکل آئے
قضیب کی حس حرکت ضعیف ہو۔ اور روز بروز دُبلا اور باریک ہوتا جائے اور جب سرد
لگے برجمع اور منقبض نہ ہو یا جس کے نقصان اور بطلان کے موافق کمتر ہوجاوے۔ ا
مرض مذکورہ زیادہ قوی ہوجاوے۔ اور عرصہ گذر جاوے اور آلہ تناسل بہت ضعیف او
ہوجاوے علاج کی توقع نہیں۔ اس نوع کو عِنّہ بولتے ہیں اور اس بیماری والے کو عِنّ
ہیں لیکن اگر تھوڑا عرصہ گذرا ہو۔ اور سبب قوی نہ ہو۔ اور سرد پانی لگنے سے عضو تناسل سک
اور منقبض ہو اور بہت باریک نہو علاج پذیر ہے اور علاج اسکا یہ ہے کہ فالج کا علاج جو کت
مطولات میں درج ہے کریں اور روغن وغیرہ کہ جو اس کے واسطے مخصوص ہیں اور عنقریب
لکھے جاوینگے استعمال کریں اور اگر یہ عارضہ پیدائشی ہو تو لاعلاج ہے۔ پانچویں جلق مار
ہندی میں جس کو تہلس کہتے ہیں۔ اگرچہ جماع اور جلق دونوں میں منی کا اخراج ہوتا ہے چو
جماع امر طبعی ہے پہلے اس کی جانب میلان ہوتا ہے۔ بعد اسکے نفس اپنے مطلوب یعنی ع
کے حسن وجمال کو دیکھکر باہ کو ترقی دیتا ہے اور نیز مرد کے آلہ اور عورت کے رحم میں باہم
قدرتی اشتیاق ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے بعد جماع واجب قلب کو تقویت نفس کو فرحت
کو غذا بہت پہنچتی ہے۔ جلوق میں چونکہ یہ تینوں باتیں حاصل نہیں ہوتیں لہذا نقصا
عارض ہوتا ہے۔ یعنے آلہ سست ہوجاتا ہے۔ اسی واسطے کہ نفس جس وقت مطلو
کو نہیں پاتا۔ تو سب اس کے قویٰ ضعیف ہوجاتے ہیں۔ اور ہم غم میں ڈالتا ہے اور نیز قض
کی جڑ پتلی ہوجاتی ہے۔ اور باعث ہاتھ کی رگڑ کے قضیب کی بلا سخت ہوجاتی ہے۔ آخر ک

بیکار ہو جاتا ہے۔ یعنی باہ بالکل مفقود ہو جاتی ہے۔ نفخ اور استادگی مطلق نہیں رہتی اطبائے
ہند کہتے ہیں کہ رگوں میں پانی اتر جاتا ہے۔ نعوذ کامل نہیں ہوتا۔ حس کے کم ہونے سے مجامعت
میں لذت حاصل نہیں ہوتی یا اس قدر حس بڑھ جاتی ہے کہ خفیف انتشار ہو کر منی نکل جاتی ہے۔
بعض اوقات دخول کے بعد باہ ساقط ہوتی ہے۔ کثرت جلق سے آواز میں طاقت نہیں
رہتی گلا خشک ہو جاتا ہے۔ دماغ کمزور ہو جاتا ہے۔ حافظہ مفقود اور خیالات منتشر ہو جاتے
ہیں چونکہ طبیعت بلا انتشار منی کے دفع کرنے کی عادی ہو جاتی ہے۔ اس سبب سے ضعف شہوت
اور شدت جریان اور سرعت انزال ہو جاتا ہے اور سوزاک و نامردی و ضعف بصارت و خفقان
و جنون و مرگی عارض ہوتی ہیں اور نیز گردوں سے شحم ذوبانی آنے لگتی ہے اور رطوبت بدن سے تحلیل
ہو جاتی ہے۔ حرارت غریزی کم اور حرارت غریبی اور خشکی زیادہ ہو جاتی ہے۔ مدقوقین کی سی حالت
ہو جاتی ہے آخر کو علاج سے بھی مایوسی ہوتی ہے۔ اور نیز جالق جلق کی عادت سے بہت باہ ہونے کا
انتظار نہیں کرتا اور نہ تعداد مقرر ہوتی ہے۔ اس وجہ سے خصیہ میں منی پختہ نہیں ہوتی اور خام
اور ناقص نکلا کرتی ہے۔ جس کا نقصان ظاہر ہے۔ بلکہ بسبب قلت لذت کے طبیعت تولید
منی بھی ترک کر دیتی ہے یعنی چونکہ طبیعت کو اخراج منی سے حظ اور فائدہ نہیں ہوتا۔ وہ
اس کی تولید کا اہتمام چھوڑ دیتی ہے۔ جالقوں کا مثانہ بوجہ کمزوری اور زیادتی حس کے پیشاب کو
زیادہ عرصہ تک روک نہیں سکتا اور پیشاب جلن کے ساتھ آتا ہے خلاصہ یہ کہ جو ایسا کرتا ہے
اس کی صحت دشوار ہے۔ اور اس کا کرنا گناہِ عظیم ہے ایسے شخص کو عورت کے پاس بالکل شہوت
نہیں ہوتی اکثر قوی الشہوت مفلس اور مجرد اس بلا میں گرفتار ہو جاتے ہیں جس کے سبب سے
توالد اور تناسل سے محروم رہتے ہیں اور اس کا فاعل ہمیشہ افلاس میں مبتلا رہتا ہے ؎

گر لعبتِ مردہ را در آغوش کشی
زاں بہ کہ بدست خویش خود را بکشی

مجلوق کی شناخت یہ ہے کہ پست ہمت ڈرپوک کند ذہن زود رنج زرد رنگ
سودائی شکل ہوتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقہ پڑ جاتے ہیں۔ ہتھیلی اور تلوؤں
میں سرد پسینہ بکثرت آتا ہے۔ علیحدہ رہنا پسند کرتا ہے۔ آنکھ ملانے سے چراتا ہے

چہرہ بے رونق ہو جاتا ہے +

چھٹے اغلام کرنا ایسے شخص کو بھی عورت کے پاس مطلق شہوت نہیں ہوتی اور یہ مر
آخر میں لا علاج ہو جاتا ہے قدرت نے فرج کو اس لحاظ سے غشائی بنایا ہے - کہ ہنگام دخول ا
خروج ذکر کشادہ ہو - قضیب پر کسی قسم کا صدمہ یا رگڑ نہ پہنچاوے برخلاف اس کے مقعد کا حا
ہے کہ اُس پر جو عضلہ ہے اُس کا فعل حبس فضلہ ہے جب تک اخراج فضلہ کی ضرورت نہ ہو
وہ کھُل نہیں سکتا - پس جبکہ اغلام میں زبردستی کی حرکت دخول و خروج کی اُسکے فعل سے
خلاف کام لئے جاوینگے - تو ضرور قضیب پر رگڑ لگے گی - دوسرے یہ بات ہے کہ رحم میں قوت
جاذبہ قدرتی ہوتی ہے جو دُبر میں نہیں ہوتی - اس کے ثبوت کی یہ دلیل ہے کہ اگر کوئی شخص ذ
بخوبی فرج میں داخل کرے رحم کے منہ سے ذکر کا سر ملا کر حرکت نہ کرے تو بھی بسبب قو
جاذبہ انزال ہو جاتا ہے - اغلام میں یہ بات ہرگز نہیں ہوتی جب تک حرکت نہ کریں انزا
نہیں ہوتا - اغلام بسبب اس کے کہ امر غیر طبعی ہے - بوجہ حرکات متعبہ کے بدن ساقط
ہے - قضیب کی رگوں سے حس بالکل زائل ہو جاتی ہے بشیخ نے کہا ہے کہ اغلام کرنا قبیح
اور شریعت میں بھی حرام ہے + ساتویں ابنہ ہونا اس کو علت المشائخ بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ مرض
بڈھوں کو اکثر ہو جاتا ہے اس واسطے اس کو علت المشائخ کہتے ہیں یہ مرض ایسا ہوتا ہے کہ دُ
میں جماع کرانے کی خواہش ہوتی ہے جب تک دُبر میں کوئی چیز داخل نہو تسکین نہیں ہو
اور یہ مرض کئی وجہ سے ہوتا ہے - ایک یہ کہ لڑکپن سے ہیز اور نامردوں کی صحبت میں
کا اتفاق ہوا اس سبب سے اس کار ناشایستہ میں مبتلا ہو دوسرے یہ کہ کبھی بعض مردوں
مزاج انوثی غالب ہوتا ہے - اس سبب سے آلات تناسل اندر کی جانب کو مائل ہو
ہیں جیسے عورتوں کے اعضاء تناسل اندر کی طرف ہیں جس وقت منی زیادہ ہوتی ہے یا گرم ہو جاتی
معائے مستقیم کے نواح میں دغدغہ پیدا ہوتا ہے کیونکہ وہ اُن آلات سے نزدیک ہیں جو بطن کی طرف مائ
ہیں اس خارش کی وجہ سے طبیعت چاہتی ہے کہ اس میں کوئی چیز داخل ہو - اور اس وجہ
مستقیم اُن آلات سے جو اوپر کو مائل ہیں نزدیک ہے اُسکے کھجلانے سے آلات میں بھی تسکین ہوتی ہے
جب تک کہ اس فعل کا اثر باقی رہتا ہے اُس شخص کو آرام رہتا ہے اور اس امر کی دلیل کہ آلا

طن کی طرف مائل ہیں یہ ہے۔ کہ اُبنہ والے کے خصیتین اور قضیب نہایت صغیر ہوا کرتے ہیں
سیرے یہ کہ معائے مستقیم میں کسی خلط کے آنے سے ایک بڑی خارش پیدا ہو اور یہ خلط اکثر ہو
و بلغم شور ہوتا ہی بعضے حکما کا قول ہے کہ معائے مستقیم میں کیڑے پیدا ہوتے ہیں جب کیڑوں
و بھوک معلوم ہوتی ہے اُس وقت مقعد میں کاٹتے ہیں پس جماع پذیر کرانے کی خواہش ہوتی
ہے اس مرض والے کا دل ضعیف ہوجاتا ہے اور قضیب طول میں کم اور سُست ہوجاتا ہی اور منی
غیر محرک ہوجاتی ہے پس طبیعت جماع کی طرف راغب نہیں ہوتی علاج اگر عادت پڑ جائے یا
مزاج میں انوثیت یعنی زنانہ پن غالب ہو مار پیٹ اور قید کرنے اور ذلیل کرنے اور قضیہ
ور جھگڑوں میں ڈالنے سے اس کام سے باز رکھیں اور طرح طرح کے ایذا سے اور فکر میں پھنسائیں تاکہ
س کام سے بچا رہے اور اگر امعا میں مادہ کے آنے سے ہو چاہیے اُس مادہ کی تنقیہ میں کوشش کریں
ور ایسی چیزوں سے حقنہ کریں کہ خارش کو دباوے جیسے روغن بنفشہ اور لعاب کے اقسام جیسے مناسب
ہوں اور یہ قسم اکثر بوڑھوں کو ہوجاتی ہی کیونکہ اُن میں رطوبت غریبہ غالب ہوتی ہی اور جلد علاج
پذیر ہوتی ہے اور پہلی قسم اسکے خلاف ہے کہ بہت کم جاتی ہے جدوار خطائی پُرانے سرکہ میں پیسکر حمول
اس میں بہت مفید ہی اور نیز یہ نسخہ نہایت ہی نافع ہے۔ گلنبخ ۵ درم اسبغول ۱۰ درم تخم خرفہ تخم کاسنی
ہر ایک ۳ درم کشنیز خشک ۲۰ درم سوائے اسبغول کے سب کو کوٹ چھان کر ہر روز ۳ درم پانی کے ساتھ
پلائیں + اب یہاں سے نسخہ جات مبہی و مقوی و ملذذ و ممسک کہ جو بارہا تجربہ میں آئے ہیں لکھے جاتے
ہیں جو صاحب امتحان فرماوینگے یقین ہی کہ مجرب پائیں گے۔ اول مفردات کا بیان کیا جاتا
ہے اور بعد اس کے مرکبات کے ہر قسم کے نسخہ الف سے یائے تک بیان کئے جاوینگے۔
وَاللّٰہُ المُوَفِّقُ وَالمُعِینُ بِالاِتمَامِ +

ادویہ مفردہ مقوی باہ

الف

آم - آلو - ابریشم - اخروٹ - اڑد - اردی اسارون - اسقنقور - اسگند - اظفار الطیب - اندر جو

الائچی خورد - اگر - اکبیر - انڈہ - انیسون - انار شیریں - اجذان - انجرہ - اجود - انگور - اونٹ کٹارہ - السی +

(ب) بابونہ - بادرنجبویہ - بادیان خطائی - باچی - بادام - بالچھڑ - بادرنج - باقلا - بتھوہ - بٹیر - بچھ بدھارا - برہمنڈی - بط - بلبل - بنولہ - بوزیدان - بھنگرہ - بھلاوان - بھنگ - بھنڈی - بہمن سرخ بہمن سفید - بہیدانہ - بیگن - بھوپھلی +

(پ) پارہ - پارس پیپل - پستہ - پلول - پنڈالو - پودینہ - پیاز - پیاز کا بیج - پیٹھہ - پیپل +

(ت) تالمکھانا - تارنج - تخم گندنہ - تخم بلیون - تخم کونچ - تخم خریزہ - تخم اسپست - تخم ترانیزک - تخم رطبہ - تخم خشخاش سفید - تخم کرنب - تخم کھیری - ترنجبین - ترمس - تل - توت - تودری سرخ تودری سفید - تودری زرد - تیتر - ٹیڑھی +

(ث) ثعلب مصری +

(ج) جامن - جاوتری - جائفل - جدوار +

(چ) چائے خطائی - چاول - چر - چرچی - چڑا - چڑیا - چقندر - چکور - چکوا - چکوی - چلغوزہ - چنا چندسہ - چنبلی - چوب چینی - چھوارا - چھاچ - چھڑ ملیہ +

(ح) حاشا - حب الزلم - حب الخضرا - حب الرشاد - حب القلقل - حب البان +

(خ) خبث الحدید - خراطین - خصیۃ العجاجیل - خوب کلاں +

(د) دارچینی - دوقو +

(ر) راب - رائی - رتالو - رسکپور - ریٹھہ +

(ز) زعفران - زعرور - زمین قند - زہر مہرہ +

(س) ساگودانہ - سروالی - سلاجیت - سمندرسوکھ - سنگھاڑہ - سنکھاہولی - سونچ مکھی - سورنجان - سونٹھ - سیپ +

(ش) شریفہ - شفتالو - شقاقل - شکر قند - شلغم - شلغم کا بیج - شہد - شیطرج شیر کی چربی +

(ص) صعتر +

(ع) عاقرقرحا - عنبر +

(ف) فطراسالیون - فندق +

(ق) قرومانا +

(ک) کاکنج - کالنقل - کبوتر - کباب چینی - کٹھل - کتیرا - کریلا - کچری کا بیج - کسیرو - کشمش - کلیجن - کندر - کنگنی - کوٹ - کوار جکنا - کھرنی - کیکر کے سب اجزاے - کیلا - کیڑا +

(گ) گاجر - گاجر کا بیج - گائے کا دودھ - گلو - گندک - گنا - گوکھرو - گوگل - گوبھی - گوند - گفنکچی - گھیگوار - گیہوں +

(ل) لاکھ - لعبت بربری - لوبیا - لونگ +

(م) مالکنگنی - مچھلی - مرگ چڑا - مرغ خانگی - مرچ سیاہ - مرچ سفید - مشک خالص - مکھانہ - موصلی سفید - موصلی سیاہ - موصلی سینبل - مولسری - مورچہ - مومیائی - مور - مولی - مولی کا بیج - موچرس - موز منقے - موتی - میدہ لکڑی - میتھی +

بہتر طریق موصلی سفید کے استعمال کا یہ ہے کہ جڑ درخت دو سالہ کی زمین سے اکھاڑ کر چھلکے ریشے اس کے دور کریں - اور لکڑی کے چھرے سے ورق ورق کر کے لکڑی کی سوئی سے ان ورقوں میں سوراخ کر کے ڈورا اس میں ڈال کر سایہ میں سکھاویں پس سفوف کر کے ایک دن ایک تولہ مصری کے ساتھ آدھے پیالہ پانی میں ملا کر لکڑی کے چمچہ سے ملاویں - کہ لعاب اس کا نکل جاوے - ۲۰ دن تک اسی طرح پیویں - اور ان دنوں ترشی و بادی اور جماع اغراض نفسانی اور بدنی اور سرد ہوا اور ٹھنڈے پانی سے پرہیز کریں - تمام قوائے حیوانیہ و طبعیہ و نفسانیہ کو قوت دیتی ہے بوڑھے کو جوان کرتی ہے حکیم شرف الدین صاحب نے اپنے مجربات میں لکھا ہے کہ میں نے اسکا کھانا شروع کیا اور میرا باپ اس واسطے کہ میں اپنی عورت سے مقاربت نکروں مجکو ایک طرف اور میری زوجہ کو دوسری طرف اپنے سلاتا تھا - جبکہ ۲۰ دن اس کو کھاتے ہوئے وقت باہ ایسی ہوئی - کہ صبر نہ کرسکا - ایک رات اپنے پاؤں کو باپ کے اوپر پھیلا کر اپنی عورت کو اس پر چڑھا کر اس طرف لایا اور مقاربت کر کے پھر پاؤں پر چڑھا کر اس طرف پہنچاتا تھا کہ میرے پاؤں نے لغزش کی - پاؤں میری زوجہ کا باپ کے پیٹ پر پڑا وہ خواب سے جاگا اور کہا اے ظالم ۲ روز صبر نہ کیا ورنہ لغزش اور ضعف باقی نہ رہتا

(ن) ناگرموتھہ۔ ناریل۔ ناگیسر۔ نرگس۔ نرکچور +

(ہ) ہرنکھری۔ ہلدیہ۔ ہلدی۔ ہینگ +

جو صاحب اِن مفردات کی ماہیت و مزاج وغیرہ دریافت کرنا چاہیں کتاب توضیح الاد
یں کہ جو اِس فقیر حقیر نے تالیف کی ہے ملاحظہ فرمادیں +

مرکبات

حرف الالف

آشب

آشب اُسے کہتے ہیں کہ دوا ایک برتن میں بھگو کر اُسے زمین میں دفن کریں او
بعد تمادی ایام کے کام میں لادیں +

آشب مقوی باہ

مویز منقے آدہ سیر کو دس سیر پانی میں پکاویں کہ نصف رہ جاوے صاف کرکے دارچینی الائچ
کلاں دار فلفل پانچ ٹرنگ ڈالکر پندرہ روز تک زمین میں دفن کریں اور ڈھائی تولہ روز پیویں +

آبزنات

یہ آبزن سرعت انزال کے واسطے کہ حدت لذت منی سے ہو مفید ہے ص برگ عوسج ب
مورد۔ گلنار۔ گل سماق لحیۃ التیس گرمازج پوست انار جوش کرکے آبزن کریں دیگر واسطے جلوق
کے بہت مفید ہے اور قضیب کو طویل کرتا ہے ص شیرہ پوست بیخ کنیر سفید۔ شیرہ پوست ب
اونٹ کٹارہ۔ شیرہ کٹائی معہ بیخ و بار و برگ شیرہ پوست سہجنہ روغن کنجد روغن نرگس روغن
درال کی چربی شیر کی چربی ہر یک نیم پاؤ شراب دو آتشہ پاؤ سیر اول قضیب کو کپڑے سے ملکر سرخ کریں پھر ان سب

ایک ظرف میں ڈالکر قضیب کو مع انثیین اس میں ڈالیں اور ایک پہر تک رہنے دیں باہر نکالکر
برگ بید انجیر باندھیں اور تین ہفتہ تک عمل کریں +

اطریفلات

اطریفل معرب تری پھل کا ہے کہ ہلیلہ و بلیلہ و آملہ سے مراد ہے چونکہ عموداً اس ترکیب سے ہلیلہ
جات ہیں۔ لہذا اس نام سے موسوم ہوا +

اطریفل کبیر

واسطے قوت باہ کے نہایت مفید ہے ص ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ پوست ہلیلہ کابلی آملہ
مقشر فلفل خنفل دراز ہر ایک ۵۰ درم زنجبیل بسباسہ بوزیدان شیطرج ہندی شقاقل تودری
سرخ تودری زرد اندرجو مغز حب الفلفل کنجد مقشر خشخاش سفید ہر ایک ۲۰ درم بہمنین ۵ درم کوٹ
چھان کر روغن بادام یا روغن گاؤ میں چرب کرکے ترنجبین ۲۰ درم عسل خالص ۳ پاؤ کا قوام کرکے
دوائیوں کو اس میں ملادیں اور دو درم سے چار درم تک کھادیں +

اطریفل اکبر

فوائد میں اطریفل کبیر سے زیادہ گرم ہے۔ گرم مزاج کو سوائے فصل سرما کے اسکا استعمال کرنا
چاہیئے ص پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ مقشر مغز چلغوزہ فلفل دار فلفل ہر یک ۶ درم
زنجبیل شیطرج ہندی اندرجو۔ ساذج ہندی کنجد مقشر مغز حب القلقل بہمن سرخ بہمن سفید
تودریین شقاقل بوزیدان تخم خشخاش سفید گلسرخ جاوتری برگ گاؤزبان دانہ الائچی خورد
دانہ الائچی کلاں دارچینی۔ قرنفل ہر ایک ۲ درم کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند نبات سفید
یک چند کا قوام کرکے دوائیوں کو اس میں ملاویں اور تین ماہ کے بعد استعمال کریں +

اطریفل مسیحی

واسطے سرعت انزال کے مفید ہے ص پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ مقشر ہر یک
۲ درم کشنیز خشک ۴ درم کوٹ چھان کر روغن بادام شیریں میں چرب کرکے کشمش منقیٰ بارہ درم نبات سفید

۴۲ درم کا قوام کرکے دوائیوں کو اس میں ملائیں۔ خوراک تین درم +

اطریفل خبث الحدید کبیر

سرعت انزال کے واسطے مفید ہے اور قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے صر پوست ہلیلہ ز
پوست ہلیلہ آملہ مقشر سیاہ تخم کرفس کوہی شیطرج ہندی نانخواہ صعتر فارسی ہر یک
الائچی خورد۔ بالچھڑ درج ترکی ہر یک ۲ درم دارچینی ۴ درم فلفل سیاہ فلفل سفید نارمشک نمک
ہندی ہر یک نیم اوقیہ۔ خبث الحدید مدبر تین اوقیہ خردل ڈھائی اوقیہ نوشادر نصف درم کوٹ
اور چھان کر روغن بادام شیریں میں چرب کرکے شہد خالص سہ چند کف گرفتہ میں ملائیں او
ظرف چینی میں نگاہ رکھیں اور چھ ماہ کے بعد استعمال کریں۔

اطریفل کشنیز

معمول جناب حکیم شریف خان صاحب دہلوی قدس اللہ سرہ واسطے قوت باہ کے بے مثل ہے
صر ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ پوست ہلیلہ کابلی آملہ مقشر فلفل دار فلفل ہر یک ساڑھے ۵ درم جاوتری
سونٹھ بوزیدان شیطرج ہندی شقاقل مصری تودری سرخ تودری زرد اندر جو حب القلقل کنجد
تخم خشخاش سفید ہر یک ۲۰ درم بہمنین ۵ درم کوٹ چھان کر روغن بادام یا روغن گاؤ میں چرب
کریں ترنجبین آٹھ درم عسل خالص آدھ سیر قوام کرکے دوائیوں کو اسمیں ملائیں خوراک ۲ درم سے ۴ د

اطریفل صغیر

واسطے اس ضعف باہ کے کہ منی کی کمی کا سبب آلات منی میں رطوبت کا ہونا مفید ہے صر پوست
ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ ہلیلہ سیاہ آملہ خشک ہر یک ۳ تولہ کوٹ چھان کر شہد
خالص سہ چند کا قوام کرکے دوائیوں کو اس میں ملائیں +

اطریفل کشمشی

واسطے سرعت انزال کے کہ جو ضعف قوت ماسکہ سے ہو مفید ہے صر پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ س
پوست بلیلہ آملہ مقشر ہر یک دو درم کشنیز خشک چار درم کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب
کریں کشمش سبز بارہ درم مصری ۴۲ درم کا قوام کرکے دوائیوں کو اس میں ملائیں خوراک ۲ د

امرپاگ

نہایت مقوی باہ ہے ص آم پختہ و شیریں کا رس چھ سیر اس میں چار سیر مصری ڈالیں اور گھی ایک سیر ڈال کر مٹی کے برتن میں پکا کر گاڑھا کر کے مثل چاشنی کے کریں اور چاندی کے برتن میں رکھیں اور اس میں یہ دوائیں ڈالیں سونٹھ فلفل ہر ایک ۲ تولہ پیپل ۴ درم تخم کشنیز خشک ۴ تولہ زیرہ سیاہ چترک پترج دارچینی ناگیسر الائچی۔ لونگ جائفل ہر یک ۲ تولہ کستوری چار ماشہ کافور بھیم سینی ۲ تولہ شہد خالص پاؤ سیر ان سب کو خوب باریک مخلوط کر کے مرتبان میں رکھیں اور ۲ تولہ ہر روز کھاویں

انقردیا

باہ کو زیادہ کرتا ہے ص عاقرقرحا شونیز۔ قسط۔ فلفل۔ دار فلفل وج ترکی ہر یک ۱ درم سداب کیکانج بید زراوند مدحرج ہینگ حب الغار جند بیدستر شیطرج خردل ہر یک پانچدرم سب کو کوٹ چھان کر روغن گردگان میں چرب کر کے عسل بلادر سہ چند میں ملائیں اور بعد چھ ماہ کے استعمال کریں خوراک ایک مثقال

انقردیا صغیر

اول کے منافع کے قریب ہے ص بلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ خشک ہر ایک ۱ درم سعد کوفی۔ بالچھڑ۔ کندر وج ترکی۔ فلفل سونٹھ ہر ایک پانچدرم کوٹ چھان کر روغن گردگاں میں چرب کریں اور عسل بلادر سہ چند میں ملائیں اور چھ ماہ کے استعمال کریں +

انوشداروے سادہ

انوشدارو لغت فارسی ہے معنے اس کے داروے ہاضم کے ہیں اور بغیر ہمزہ بھی کہتے ہیں اور اس کا استعمال ۴۰ روز کے بعد کرنا چاہئے اور قوت اس کی دو سال تک باقی رہتی ہے گرم مزاج کو شیا بارد و کیفیتا استعمال کرنا چاہئے نہایت مقوی باہ ہے ص گل سرخ چھ درم سعد کوفی ۵ درم قرنفل مصطگی اسارون بالچھڑ ہر ایک ۳ درم الائچی خورد الائچی کلان۔ تالیسپتر جاوتری جائفل قرفہ ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانیں۔ آملہ مقشر دس سیر کو ایک رات دن دودھ میں بھگو کر دھوئیں۔ اور تین سیر پانی میں جوش کریں کہ گل جاوے۔ پھر پتھر پر پیس کر صافی میں چھانیں قند سفید دو سیر کا قوام کر کے ادویہ مسحوقہ کو اس میں ملائیں اور بعد سرد ہونے قوام کے زعفران ۲ درم گلاب میں پیس کر اسمیں ملائیں

انوشداروی لولوی

نہایت مقوی باہ ہے ص یاقوت رمانی ۔ لبدا حمر سوختہ یشب ہر یک دو ماشے طباشیر سفید مروا
ناسفتہ کہربائے شمعی ہر یک ۳ ماشے سب کو عرق بید مشک میں کہرل کریں کہ مثل غبار کے ہو جائے
ریوند چینی ۔ اسارون ۔ سعد کوفی ۔ عود ہندی ۔ اذخر مکی صندل سفید پوست ترنج ساذج ہندی
زرشک ۔ بادرنجبویہ ۔ درونج عقربی الائچی خورد ہر ایک دو ماشے مصطگے بالچھڑ گلنج ابریشم مقرض
ہر ایک تین ماشے کوٹ کر چھانیں آملہ مقشر ساڑھے سات تولہ پانی میں پکائیں کہ گلجا دے پھر
پر مپکر صافی میں چھانیں قند سفید یک چند شہد خالص یک چند کا قوام کر کے ادویہ مسحوق و جواہر
محلول اس میں ملا دیں عنبر اشہب ۲ ماشہ اثناء قوام میں ڈالیں آگ سے اتار کر ورق نقرہ و ورق طلا
ہر ایک دو ماشہ ایک ایک ڈالکر اتنا حل کریں کہ سب اوراق حل ہو جاویں ۔ زعفران ۲ ماشہ گلاب میں
پیسکر اس میں ملائیں +

افیون مرکب

نہایت مبہی و مغلظ منی و ممسک ہے ص جائفل دو ماشہ جاوتری ۳ ماشے روغن بلسان ۵ ماشہ
مصطگے دو ماشہ عود ہندی تین ماشہ کہربائے شمعی چار ماشہ لبد احمر مومیائی تحفہ دارچینی ہر ایک ۳ ماشے
زعفران ۴ ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک تین ماشہ مشک خالص دو ماشے طباشیر کبود ۳ ماشے
مایہ شتر اعرابی دو ماشے عنبر اشہب تین ماشہ ثعلب مصری شقاقل مصری ہر یک ۶ ماشے تخم خشخاش
سیاہ چار ماشہ افیون خالص کہنہ نصف وزن ادویہ یا لبسہ کشتہ قلعی ڈیڑھ ماشہ نبات سفید تین پاؤ
آملہ مربی ۔ مربائے ہی ہر ایک پانچ عدد ورق نقرہ پچیس عدد ورق طلائے دس عدد آب
انار ریں پاؤ سیر بدستور مرکب کریں +

دیگر افیون مرکب بارد ۔ نہایت مقوی باہ و ممسک و مغلظ منی ہے ص افیون خالص پاؤ سیر
شقاقل مصری ثعلب مصری ہر ایک دو تولہ بزرالبنج سفید تخم خشخاش سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ بہمن سفید
ایک تولہ کوکنار نو ماشہ صمغ عربی کتیرا اسفید برگ گاؤزبان صندل سفید طباشیر کبود ہر ایک ایک تولہ
تخم سرس نو ماشے تخم کاہو مقشر ایک تولہ آملہ مقشر دو تولہ ۔ موصلی سیاہ موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ
جاوتری نو ماشے تخم خشخاش سفید مغز فندق مغز چلغوزہ مغز اخروٹ تخم خرفہ مغز تخم کدوی دراز
مغز میٹھہ ہندی مغز تخم تربوز مغز نارجیل مغز تخم تمرہندی ہر ایک دو تولہ دارچینی ۔ مصطگے ہر ایک

نو ماشہ موسیائی ۶ ماشہ عود غرقی مشک خالص ہر یک ۱ ماشہ کہربائے شمعی لیداحمر ہر یک ۶ ماشہ زعفران دو تولہ آملہ مربا۔ مربائے بہی ہر یک ۵ عدد آب انار شیریں نبات سفید ہر ایک پاؤ سیر ورق نقرہ تیں عدد ورق طلائے ۲۰ عدد بدستور مرکب کریں۔

دیگر افیون مرکب نہایت مقوی باہ اور مغلظ منی ہے ص افیون خالص پاؤ سیر عنبر اشہب ۶ ماشہ کہربائے شمعی مروارید ناسفتہ ہر یک یک تولہ۔ یاقوت رمانی رب السوس صمغ عربی ہر یک ۶ ماشہ جدوار خطائی مغز تخم کدوی شیریں ہر یک دو تولہ زعفران ۶ ماشہ ثعلب مصری ایہ شتر اعرابی ہر یک تولہ ورق طلائے ۶ ماشہ ورق نقرہ یکتولہ عرق کیوڑہ میں بدستور معروف مرکب کریں۔

حرف الباء

بیتیا

جریان و رقت منی کے واسطے مفید ہے اور نیز مقوی باہ ہے ص مازو۔ مائین۔ لودہ پٹھانی برنگ کابلی باؤ کھنبا گل دہاوہ۔ گوکہرو کلاں گوکہرو خورد گل سپیاری چکنی ڈلی موصلی سنبھل۔ سمندر سوکھ چھال درخت مولسری گوند ڈھاک الائچی خورد مع پوست مجیٹھ پلنگ توڑ کمر کس ہر یک یک تولہ سنگ جراحت دو تولہ گوند ببول گھی میں بھنا ہوا سات تولہ سب کو کوٹ چھان لیں میدہ برنج ساٹھی آدہ سیر شکر سفید تین پاؤ میں ملا دیں گری چھوارہ چرونجی ہر یک یک چھٹانک ریزہ ریزہ کرکے مخلوط کریں اور روغن گاؤ تین پاؤ جو دنع سے خوشبو کیا ہو ملا کر خواہ ویسا ہی رکھیں خواہ باضافہ قدرے پانی کے انکل لڈو بنا دیں +

دیگر بیتیا ص موصلی سنبھل مجیٹھ سپیاری کہنہ۔ پلنگ توڑ۔ تخم سریالی تخم گذر بیجبند مغز تخم کوبج گل دھاوہ۔ چڑیا کند رچینہ گوند۔ مغز پلاس پاپڑہ اندر جو۔ تیج پل۔ سمندر سوکھ۔ بائے بڑ ناگ۔ اجوائن دیسی تالمکھانہ سونٹھ۔ گوکہرو خورد گوکہرو کلاں موصلی سفید موصلی سیاہ دار چینی مازو باؤ کھنبا۔ لودہ پٹھانی۔ موچرس۔ کمر کس کامراج۔ بوہلی الائچی خورد اسگند ہر یک یک تولہ سنگ جراحت ۳ تولہ میدہ گندم میدہ برنج ساٹھی ہر یک پاؤ سیر شکر سفید ایک سیر روغن زردہ آدہ سیر +

حرف الباء الفارسی

پئی

عنی کو مفید ہے ص افیون عاقرقرحا قرنفل جائفل مساوی باریک کرکے سور کی چربی کے ساتھ
آوند آہنی میں آہن کے دستے سے سات پہر تک کھرل کریں سات روز استعمال کریں اس عرصہ میں
نفع ہو جاتا ہے دیگر آدمی ہر چند سُست اور نامرد ہو تین روز میں مرد کامل ہو جاتا ہے ص پارچہ
سفید گاڑھے کا ایک گز ہلدی آدہ پاؤ کو باریک پیس کر پارچہ مذکور کو سات مرتبہ تر کریں اور ہر مرتبہ
سایہ میں خشک کریں کہ تمام ہلدی اس میں جذب ہو جاوے۔ بعد ازاں سات مرتبہ آک کے دودھ
میں تر کریں پھر سات مرتبہ تھوہر کے دودھ میں پھر سات بار سینبل کے دودھ میں اور ہر دفعہ سایہ میں
خشک کریں پھر اُس پارچہ کو گھی میں بریان کریں اس طرح کہ نہ تو خام رہے نہ جل جاوے اگر داغدار
ہو جاویگا۔ تو خراب ہو جاوے گا اور خام رہتا ہے تو ناقص ہوتا ہے پس وہ اس قدر کہ آلت پر
آوے جدا کریں اور آلت سے لپیٹیں جب جل سی معلوم ہو دور کریں جماع سے پرہیز کریں اور دوسری
دفعہ پھر اسیطور پارچہ بقدر اول تیار کرکے آلت پر باندھیں بعد ایک ساعت کے کھول ڈالیں اسی
طرح سات روز تک کریں نامرد سے مرد ہو جاتا ہے۔ اگر اس کپڑے کو روغن گاؤ میں تر کرکے
بتی بناکر جلاویں اور بتی کے نیچے کوئی برتن رکھیں کہ روغن کے قطرے برتن میں ٹپکیں بعد جل
جانے ساری بتی کے اُس روغن کو چینی کے برتن میں رکھیں ایک ہفتہ قضیب پر طلاء کریں
دیگر مدار کا دودھ آدہ پاؤ۔ شہد خالص ڈھائی پاؤ افیون خالص چار ماشے کڑاہی میں ڈال کے
لوہے کے دستے سے اس قدر حل کریں کہ قوام بندہ کے کڑاہی دستہ کے ساتھ اٹھنے لگے پھر حسب
ضرورت گرم کرکے پٹی پر لگاکر باندھیں **دیگر** قوت باہ کے واسطے بہت مفید ہے ص گل کینر سفید
۲ درم قرنفل سات عدد دارچینی زعفران جائفل ہر یک یک تولہ روغن زیت آدہ پاؤ میں ۲ پہر
کھرل کریں اور پارچہ پر لیپ کرکے پٹی پر باندھیں۔ **دیگر** سیماب ایک دام شہد خالص دو دام
دونوں کو لوہے کی اوکھلی میں دستہ آہنی سے حل کریں۔ کہ ایک ذات ہو جاوے۔ پٹی پر رکھکر
آلہ پر لپیٹیں جس وقت نعوظ ہو قربت کریں **دیگر پٹی فرنگی**۔ نہایت نافع ہے ص مویزج عاقرقرحا
دارچینی قرنفل خراطین تازہ فرفیون جند بیدستر مالکنگنی ہر یک پانچ ماشے سب کو باریک
کریں۔ پیاز نرگس کہ جس کی ابھی پتے نہ نکلے ہوں ریزہ ریزہ کرکے آدہ سیر گائے کے دودھ
میں ۵ گھڑی تک تر کریں بعد اس کے پیاز مذکور کو ادویہ مسحوقہ کے ساتھ شیر مذکور میں کھرل

یں کہ بنیر خشک ہو جاوے۔ پس پیاز سفید ۵ عدد کا پانی داخل کر کے حل کریں کہ خشک ہو جاوے
یں جوان ہلیل کا پتہ داخل کر کے حل کریں اور کسی ظرف میں رکھیں اور وقت حاجت کے پان پر
کر باندھیں اکیس روز عمل میں لاویں اور پھر جماع کریں دیگر پارچہ کو لوبان کے ست میں یعنے
ق میں تر کر کے قضیب پر لپیٹیں اور اوپر اس کے دوسرا کپڑا باندھیں صحیح المزاج تمام دن بندھا
ھیں اور مریض تین روز نہایت ایک ہفتہ اور اس پٹی کو ضائع نہ کریں۔ جس وقت چاہیں پھر باندھ
یں دیگر واسطے مجلوق کے بہت مفید ہے ص تخم ہالون کوٹ خردل سب کو مساوی لیکر سفوف
یں اور آب نیمگرم میں ملائیں اور کپڑے پر لیپ کر کے قضیب پر باندھیں دیگر جس پانی میں کہ
فیون حل کی ہوئی ہو مغز پنبہ دانہ کو اس میں باریک کر کے کپڑے پر طلا کر کے چند روز قضیب پر باندھیں
لوق کو بہت نافع ہے دیگر باریک کپڑا اکھوہر کے دودھ میں تر کر کے تین بار ہر بار سایہ میں خشک کر کے
ر مسکہ میں چرب کر کے پٹی باندھیں اور تیل سے چرب رکھیں دیگر نہایت مقوی باہ ہے۔ ص
لطین خشک ایک تولہ زنجبیل خشک چار ماشہ بیر بہوٹی دارچینی بالنگنی ہر یک چار ماشہ سب کو باریک
کے چار تولہ روغن کنجد سیاہ میں تین روز کھرل کر کے وقت حاجت کپڑے پر لگا کر قضیب پر رکھکر
پر سے پان بنگلہ باندھیں دیگر مجلوق کو نہایت نافع ہے ص شیر کی چربی سور کی چربی ہر ایک ایک
ر دونوں کو ملا کر گرم کریں۔ بعدہٗ سنکھیہ آدھ ماشہ باریک کر کے اس میں ملائیں جب مخلوط ہو جاوے
تھوڑا سا لیکر کپڑے پر لگاویں۔ اور اس کپڑے کو سر قضیب و رسیون چھوڑ کر باندھیں اور تین روز تک
دھا رکھیں چوتھے روز کھول کر شراب تیز سے دھوئیں اور کھول کر چار پہر تک سر قضیب کو کھلا رکھیں
بعدہٗ بدستور مسطورہ دوسری پٹی باندھیں دیگر سستی کو دور کرتی ہے اور سختی لاتی ہے ص
رچہ باریک مدار کے دودھ میں تر کر کے رکھیں اوپر سے اس کے گندھک آملہ سار جھونگھی سفید سہاگہ
لیلہ ہر یک ۱ ماشہ ہڑتال طبقی ایک ماشے گائے کا گھی ۵ تولہ کل اجزائے باریک کر کے گھی میں ملا کر
پڑے پر لپیٹ کر قضیب پر باندھیں۔ اگر دانہ پیدا ہو تو دھویا ہوا گھی لگائیں +

برشتہ

سرعت انزال کو بہت مفید ہے ص مرچ سیاہ اجوائن خراسانی ہر یک بیس مثقال افیون خالص
دس مثقال زعفران ۵ مثقال بالچھڑ عاقرقرحا فرفیون ہر یک یک مثقال جدا جدا باریک کر کے وزن

کریں پھر شہد خالص سہ چند میں ملائیں اور تین مہینے جو میں رکھیں پھر عمل میں لاویں۔ مقدار
خوراک نہایت نصف مثقال اور کم سے کم ایک دانگ قوت اس کی ۵ سال تک باقی رہتی ہے
دیگر برشعثا۔ نہایت ممسک ومقوی باہ ہے ص مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی بسد احمر بالچھڑ عا
قرحاسونٹھ خولنجان سلیخہ بہمن سرخ بہمن سفید ساذج ہندی آملہ مقشر ورق نقرہ ہر یک ۲ ما
گلنج چار درم لونگ جائپھل۔ دارچینی۔ عود بلسان دوالہ سعد کوفی زعفران خالص ہر ایک
چار ماشے اجوائن خراسانی اجوائن دیسی ہر یک دو درم مشک خالص ایک ماشہ افیون خالص
سیر شہد خالص دو سیر مغز پستہ مغز بادام مغز نارجیل مغز اخروٹ ہر یک یک دام فلفل دار فل
ہر ایک چار ماشے کوٹ چھان کر بدستور معمول معجون بنا دیں۔

پنڈی

رقت منی اور سستی باہ کو دفع کرتی ہے ص تالمکھانہ چاکسو تخم اونٹنگن۔ بلیلہ آملہ مازوی
زیرہ سیاہ زیرہ سفید لودھ پٹھانی ہر ایک دو تولہ الائچی کلاں لائچی خورد تخم سریالی جائپھل لونگ ہر ایک
یک تولہ مغز پنبہ دانہ چھالیہ چار تولہ ہر ایک گوند ببول ۹ تولہ کوٹ چھان کر نشاستہ گندم ڈیڑھ پاؤ شک
ڈھائی پاؤ۔ روغن زرد آدھ سیر کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملا کر پنڈی بنا دیں۔
دیگر گل سپاری گوکھرو مائین کلاں کمرکس کمرتوڑ پوست درخت کیکر پوست درخت کچنال
درخت فالسہ گل دھاوہ تالمکھانہ مغز بادام مغز پستہ مغز نارجیل پوست خرما ہر یک ۵ تولہ در
سب کو جدا جدا باریک کر کے گھی میں بریان کریں دو سیر شکر سفید کا قوام کر کے کل اجزاء کو اس میں ملا کر پنڈی بنا

پوٹلی

نہایت مقوی باہ ص کنجد سیاہ چار تولہ جائپھل دال گھونگچی ہر یک ۳ ایک تولہ عاقرقرحا چھ ماشہ با
کر کے سات پوٹلی باندھیں دو دام شیر میش لیکر ظرف آہنی میں گرم کر کے پوٹلی اس میں ڈال کر نیم گ
اور عانہ پر سینکیں اور بعد سینکنے کے دوا کو اوپر قضیب کے لیپ کریں بعد اسکے پان باندھیں قضیب
سخت کرتا ہے۔ دیگر بیر بہوٹی خراطین خشک اسگند ناگوری زرد چوبہ انبہ ہلدی نخود بریان ہر
چھ ماشے ان سب کو باریک کر کے روغن گل میں چرب کر کے دو پوٹلیاں بنا کر کسی برتن میں رکھ کر
پر رکھیں اور ران اور پیڑو خوب سینکیں دیگر مجلوق کے واسطے نہایت مفید ہے۔ ص

رادہ دندانِ فیل میدہ لکڑی۔ کلتھی زرد چوب جائفل لونگ ہر یک چھ ماشہ تخم کنیر سفید یک تولہ
ستاک چھ ماشہ خراطین دو تولہ سب کو باریک کر کے چار پوٹلیاں تیار کریں۔ پاؤ سیر شیر گاؤ میں
کر جوش دیں۔ جب دودھ سب جذب ہو جاوے۔ اسی پوٹلی سے حشفہ کو چھوڑ کر سینکیں اور اسی
ح ایک چلہ عمل کریں دیگر مجلوق کو نہایت نافع ہے ص آنبہ ہلدی ایک دام ناگیسر مالکنگنی ہر
ک چار دام سم اسپ سیاہ سم گاؤ سیاہ ناخن فیل۔ خر سیاہ ہر یک ایک دام سب کو کوٹ
ان کر تین پوٹلیاں باندھیں چار دام روغن گاؤ اور چار دام عرق پیاز کور کابی میں رکھیں اور
ابی کو آتش نرم پر رکھکر پوٹلی کو اس رکابی میں رکھکر چار گھڑی تک اوپر قضیب کے سینک دیں
یگر برادہ دندان فیل برادہ دندانِ ماہی ہر یک یک تولہ لونگ آٹھ ماشے جوز گجراتی دو عدد
خ نرگس ان سب کو باریک کر کے دو پوٹلیاں بنادیں اور ڈیڑھ پاؤ دودھ کالی بھیڑ کالے کر
س میں تر کر کے تمام پیڑو اور ران اور قضیب کو سینکیں بعدہٗ بنگلہ پان گرم کر کے باندھیں اور
رد پانی سے پرہیز کریں دیگر رائی اسپند کے بیج مالکنگنی سیاہ تل ہر یک ۵ ماشے باریک کوٹ
ے تین پوٹلیاں بنا کے پاؤ سیر روغن کنجد کر چھے میں گرم کر کے پوٹلیاں اس میں چھوڑ کے
ضو مخصوص اور رانوں کی جڑوں کو خوب سینکیں۔ تین ہفتے تک عمل کریں دیگر واسطے
لوق زدہ کے نہایت مجرب ہے ص برادہ دندان فیل چار ماشہ مالکنگنی چھ ماشہ کنجد
سیاہ گوسفند کی چربی ہر یک ۵ ماشہ شیر میش بقدر حاجت جملہ ادویہ کو باریک کر کے
ٹلی میں باندھیں اور شیر میش کو کسی برتن میں گرم کریں اور پوٹلی کو اس میں ڈالیں جب
پوٹلی گرم ہو جاوے۔ قضیب و عانہ کو سینکیں۔ دو ہفتے نہایت تین ہفتے تک
استعمال میں لاویں +

دیگر نہایت مجرب ہے ص برادہ دندان فیل آنبہ ہلدی نرگس کنجد سیاہ ہر ایک ۵
رام بھیڑ کے دودھ یا بکری کے دودھ میں چرب کر کے چار پوٹلیاں باندھیں۔ ایک پوٹلی بھیڑ کے
دودھ میں تر کر کے چار روز تک سینکیں +

دیگر واسطے مجلوق وسستی باہ کے نہایت نافع ہے ص خراطین خشک ۲ تولہ بیر بہوٹی
چھ ماشہ برادہ دندانِ فیل سم اسپ مشکی کلتھی جوز جائفل جاوتری اجوائن دیسی ہر ایک

دو تولہ اجوائین خراسانی ۲ ماشہ جمال گوٹہ دو عدد مالکنگنی ۵ ماشہ بھیڑ کا دودھ آدہ پاؤ تین پو

بنادیں۔ دودہ میں ترکرکے صبح کے وقت سینکیں +

دیگر برادہ دندان فیل ایک تولہ عاقرقرحا دارچینی پوست بیخ کنیر ہریک ۲ ماشہ کنجد سیاہ نا

تخم کتان مغز بیدانجیر انبہ ہلدی سرشف ہریک یک تولہ رائی۔ قسط شیریں۔ لونگ کلونجی جائفل

چھ ماشہ شیر کی چربی دو تولہ پوٹلیاں باندھ کر ایک پوٹلی آدہ پاؤ بھیڑ کے دودھ میں ترکرکے

روز تک سینکیں +

دیگر مخلوق کے واسطے نہایت نافع ہے ص رائی اسبند مالکنگنی کنجد سیاہ ہرایک

۵ ماشہ کوٹ کر سب کو پوٹلی میں باندھیں اور روغن کنجد میں کہ کڑچھے میں گرم کیا ہو ڈال کر گرما گرم قضیب

کو ایک پہر تک سینکیں اور ہر روز عمل کریں دیگر مخلوق کے واسطے نہایت مفید ہے ص تخم ہالو

تخم سویہ مغز تخم کوچ عاقرقرحا تخم شلغم گھونگچی سفید مالکنگنی زہر تیلیہ پوست بیخ آک انبہ ہلدی کلو

ہریک ۵ ماشہ پوست بیخ اونٹ کٹارہ پوست بیخ کنیر سفید گھوڑے کے سُم کا برادہ میدہ چوب

مغز بیدانجیر میدہ گندم بینگن کے بیج ہریک دس ماشہ برادہ ہاتھی دانت کنجد سیاہ ہریک

ماشہ دارچینی ایک ماشہ مشک خالص پاؤ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر پندرہ پندرہ ماشے کی

پوٹلی باندھیں اور بھیڑ کا دودہ برتن میں رکھیں اور پوٹلی اس میں ڈالیں اور سینکیں جبکہ سرد ہو

پھر دودھ میں ڈالیں۔ دو گھڑی تک یہی عمل کریں دیگر نہایت مقوی باہ ہے اور مخلوق کے واسطے

نہایت مفید ہے ص ہاتھی دانت کا برادہ چار تولہ السی کنجد سیاہ مغز بیدانجیر ہریک دو تولہ جا

دال گھونگچی خراطین خشک عاقرقرحا سرشف زرد دارچینی بینگن کے بیج عود غرقی پوست بیخ آک

ہلدی بیربھوٹی پوست بیخ کنیر سفید ہریک ۲ ماشہ خردل ناگیسر مالکنگنی ہرایک تین ماشہ سب کو کوٹ چھا

سات پوٹلیاں باندھیں بھیڑ کا دودہ چار تولے کر لوہے کے برتن میں آگ پر رکھیں ایک پوٹلی اس

میں ڈال کر قضیب وپیڑو کو سینکیں۔ جبکہ سرد ہو جاوے دوسری سے سینکیں۔ بعدہٗ پوٹلی کی

دوا قضیب پر ضماد کریں۔ اوپر سے پان باندھیں اسیطرح سات روز عمل کریں +

دیگر نہایت مجرب وآزمودہ ہے ص برادہ دندان فیل دو تولہ خراطین خشک ایک تولہ بیربھوٹی

ماشے۔ فرفیون ۲ ماشہ عاقرقرحا چار ماشے قرنفل ۲ ماشے سفوف کرکے دو پوٹلیاں باریک

باریک کپڑے میں باندھیں۔ ایک سیر دودھ بھیڑ کا برتن میں رکھکر کوئلے کی آگ پر رکھیں۔ اور برتن کے منہ پر کپڑا باندھیں۔ اور کپڑے کے اوپر پوٹلی رکھیں۔ جب وہ گرم ہو تو اسے پیڑو اور قضیب اور ران خوب سیکیں۔ پندرہ روز تک یہ عمل کریں +

حرف التاء المثناۃ الفوقانیہ

تریاقات

تریاق خواجہ بوعلی سینا باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ صہ پوست ترنج بکھان بید مرکی حب بلسان ورگ بادر رنجبویہ تخم فرنجمشک زرنباد درونج عقربی ہر یک چار درم مشک تبتی عنبر اشہب ہر یک یک مثقال عود ہندی دو مثقال کافور سہ مثقال قسط دارچینی وج ترکی زعفران فنتین رومی ساردین ہر یک تین درم سنگ فوموفطراسالیون ہر ایک دو درم تخم جرجیر تخم شلغم تخم گندنا۔ بذر جو حب القلقل ہر ایک دو درم سنگ افیون خالص تین درم سب کو باریک کرکے شہد خالص میں ملادیں خوراک ایک مثقال چھ ماہ کے بعد استعمال کریں۔ دیگر تریاق استمناء کے واسطے مجلوق کے نہایت مفید ہے صہ گدھی کا دودھ کہ اول بار جنی ہو اور ابھی تک بچہ نے اس کا دودھ نہ پیا ہو ایسی گھوڑی کا دودھ بڑہ کے درخت کا دودھ شراب دوآتشہ آب اورک آب پیاز سفید شہد خالص ہر ایک نیم پاؤ عاقرقرحا دارچینی قرنفل زنجبیل رنبجان جائفل۔ جاوتری۔ تخم حرمل ملکنگنی دودالمطر ہر ایک یک تولہ سب کو باریک کرکے آپس میں ملادیں اور ایسا حلایہ کریں کہ ایک ذات ہوجاوے اور ظرف چینی میں رکھیں وقت حاجت کے کسی قدر اس میں سے کو شراب میں پیس کر ذکر پر ضماد کریں اور اوپر بادامنڈ کا پتہ باندھیں۔ ایک ہفتہ تک عمل میں لادیں اور نیز بقدر ایک ایک ماشہ تا یکہفتہ اس میں سے ہمراہ شیر گاؤ یا شراب وقت عصر کھلادیں نہایت ممسک ومقوی باہ ہے +عمل

حرف الجیم

جلاب

واسطے اس نقصان باہ کے کہ بسا استفراغ کثیرہ صہ نبات سفید ۱۰ درم۔ عرق گاؤزبان

تودری سرخ۔ تودری سفید ہریک تین درم نبات کو عرق میں حل کرکے قوام کریں۔ تودری اوپر
چھڑکیں۔ ہر صبح و شام پیویں۔ غذا نخود آب گوشت بزودراج +

جواہر مہرہ

نہایت مقوی باہ ہے صر زہر مہرہ خطائی لعل شفاف یاقوت رمانی یعنے سرخ یاقوت سفید یاقوت
کبود زمرد سبز فیروزہ نیشاپوری مرجان مروارید ناسفتہ عقیق سرخ عقیق زرد عقیق سفید یشب سفید
کہربائے شمعی ہر یک دو مثقال عرق کیوڑہ میں کھرل کریں کہ مثل غبار کے ہو جاوے۔ پس عنبر اشہب
۵ ماشہ مشک خالص ۳ ماشہ اضافہ کرکے پھر کھرل کریں کہ یک ذات ہو جاوے پھر ورق نقرہ پچاس
عدد ورق طلا ۵۰ عدد ایک ایک ڈال آنا حل کریں کہ جلد اوراق حل ہو جاویں +

جوارشات

جوارش بکر ماجیت پشت کو قوی کرتی ہے اور باہ کو زیادہ کرتی ہے۔ صر صمغ عربی آدہ سیر دو سیر گائے
کے گھی میں بریان کریں پس نکال کر صمغ کو جدا اور روغن کو جدا رکھیں بعد اس کے اسگندھ موصلی
سیاہ ہر یک ۲۰ درم کنکول ۱۵ درم دارچینی ۴ درم خولنجان کباب چینی جاوتری عاقرقرحا ہر
یک ۴ درم لونگ جائفل ہر یک دس درم سب کو کوٹ چھان جس روغن میں کہ صمغ عربی بریان کیا
ہو چوب کریں شکر سرخ دو سیر نبات سفید دو سیر قوام کرکے صمغ کو کوٹ کر داخل کریں۔ تاکہ حلوہ
ہو جاوے۔ آگ سے اتار کر دوائیوں کو اس میں داخل کریں +

جوارش خبوش

نہایت ممسک ہے۔ اور سرعت انزال کے واسطے مفید ہے صر پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ شیطرج
ہندی تخم کرفس ہر یک ۶ درم پوست بلیلہ آملہ مقشر ہ کے تودری سرخ تودری زرد دار فلفل
کنجد مقشر ہر یک ۴ درم قرنفل سنبل الطیب جائفل سونٹھ دو سری ہر ایک آٹھ درم الائچی خورد قط
بلیلہ قرنفل بسباسہ خولنجان نارمشک ہر یک ۶ درم ساتھ لونگ چار درم مشک خالص دو
مثقال عنبر اشہب۔ ایک مثقال جنت المحید بیدبر دو تولہ مجموعہ ادویہ روغن گاؤ دو سیر
اثار دوائیوں کو کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں چوب سفو عہ خالص کف گیر منتہ میں

ملائیں خوراک دو درم گائے کے دودھ یا گائے کی چھاچھ یا سکے کے ساتھ +

جوارش خبث الحدید

باہ کو زیادہ کرتی ہے۔ صہ بلیلہ سیاہ آملہ مقشر دار فلفل سونٹھ۔ زیرہ سیاہ مدبر تخم شبت پوست بلیلہ تخم کرفس تخم گندنا تخم جرجیر تخم شلغم تخم گزر سلیخہ سعد کوفی دارچینی لونگ۔ جائفل ہر یک یک درم جاوتری الائچی خورد گل سرخ الائچی کلاں مشک خالص۔ عود ہندی مشک تبتی ہر یک دو درم تخم سپندان سفید ۳ اوقیہ خبث الحدید مساوی کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص کف گرفتہ میں ملائیں

جوارش سقنقور

باہ کو زیادہ کرتی ہے۔ شہوت جماع اور قوت باہ میں کوئی دوا اس سے مقوی نہیں ہے صہ تخم بلیون تخم پیاز تخم شلغم تخم شبت تخم گندنا تخم گزر تخم جرجیر تخم انجرہ شاہ بلوط حبۃ الخضرا اندر جو کنجد مقشر تخم ترب تودری سرخ تودری زرد۔ مغز چلغوزہ حب الرشاد ہر یک تین درم زنجبیل شقاقل خولنجان دار فلفل ہر یک ۵ درم دارچینی جائفل بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک دو درم سرہ سقنقور پانچ درم ثعلب مصری دس درم قضیب گاؤ خشک سوہان زدہ دس درم عصل مشوی ۳ درم قند سفید برابر کوٹ چھان کر شہد خالص میں ملائیں خوراک دو درم اور بعض عنصل داخل نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ جوارشات میں پیاز عصل شامل نہ کریں کہ بسبب تلخی کے طعم کو خراب کرتا ہے یہہ جوارش اول درجہ ثالثہ میں گرم ہے۔ اور خشک ہے وسط درجہ ثانیہ میں +

جوارش ملکی

باہ کو قوت دیتی ہے اور شہوت کو زیادہ کرتی ہے۔ مجامعت میں قوت عظیم پیدا کرتی ہے صہ مشک خالص ڈیڑھ دانگ لاچی کندر ہر یک یک مثقال لونگ جوز الطیب جاوتری اندر جو بیخ اذخر سونٹھ دارچینی مصطگی عود ہندی زعفران ہر یک تین درم اشنہ تین مثقال قند و گلاب ہر یک دس مثقال قند کو گلاب میں حل کر کے عسل خالص بقدر کفایت ڈالیں اور آگ پر رکھیں کہ منعقد ہو جاوے نیچے اتار کر دوائی کو کوٹ چھان کر اسمیں ملائیں اور کفچہ سے ملاتے رہیں خوراک ایک مثقال

جوارش دارچینی

نہایت مقوی باہ ہے۔ صہ بالچھڑ دانہ الائچی سفید سلیخہ دارچینی خولنجان لونگ سعد کوفی سونٹھ

مرچ سیاہ۔ دار فلفل قسط شیریں اسارون ہر یک دو جزو زعفران ایک جز مصطگی ۵ جزو شکر
برابر شہد خالص دو چند بدستور قوام کریں +

جوارش جلالی

منی کو زیادہ کرتی ہے اور مجامعت کو قوت دیتی ہے۔ صہ مشک ایک دانگ انیسون تخم کرفس ہر
یک مثقال فلفل دو مثقال زیرہ کرمانی مدبر لبر کہ مصطگی پودینہ خشک عود ہندی ہر ایک چار مثقال
بالچھر قرفہ لونگ دارچینی الائچی ہر ایک دس مثقال قند سفید برابر کوٹ چھان کر عسل خالص کف
گرفتہ میں ملاویں۔ خوراک ایک مثقال +

جوارش عطائی

منی کو زیادہ کرتی ہے صہ بہمنین تودرین تخم اسپست مغز تخم خربزہ تخم جرجیر تخم پیاز تخم حماض تخم
کتیرا سفید تخم ہلیون تخم شلغم تخم کرفس ہر یک تین مثقال شقاقل مصری الائچی خورد۔ دار فلفل
خولنجان دارچینی۔ سونٹھ قرفہ ہر یک یک مثقال ترنجبین سہ چند ترنجبین کو ایک رات گائے کے دو
میں بھگوئیں۔ صبح کو مل کر صاف کر کے آگ پر رکھیں تاکہ غلیظ ہو جاوے نیچے اتار کر دوائی کو اس میں
ملائیں اور چینی کے برتن میں رکھیں خوراک ۳ مثقال شیر گاؤ تازہ کے ساتھ +

جوارش جالینوس

باہ کو قوت دیتی ہے صہ بالچھڑ قاقلہ سلیخہ دارچینی خولنجان لونگ سونٹھ سعد کوفی فلفل قسط بحری
بلسان اسارون تخم مورد چرائتہ زعفران ہر ایک دو درم مصطگی ۵ درم کوٹ چھان کر قند سفید
مساوی لے کر قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملاویں +

جوارش زعفران

باہ کو زیادہ کرتی ہے۔ امساک لاتی ہے صہ زعفران عود ہندی لونگ جائفل عاقرقرحا خولنجان
دارچینی۔ زنجبیل الائچی خورد مصطگی ہر یک ۲ درم مغز بادام چار درم شکر سفید ۵ درم شکر کو قوام
کر کے دوائی کو اس میں ملائیں دیگر یہ جوارش نہایت ممسک ہے۔ صہ تخم اسپست تخم جرجیر تخم گندر تخم ہلیون
تودری سرخ و سفید بہمن سرخ و سفید تخم انجرہ تخم کرفس مغز تخم خربزہ تخم پیاز کتیرا سفید ہر یک ۵ درم
دارچینی خولنجان شقاقل سونٹھ دار فلفل الائچی خورد قرفہ ہر یک دس درم کوٹ کر چھان کر

ترنجبین پانی میں رات کو تر کر کے صبح کو صاف کر کے آتش نرم پر قوام کریں اور دوائی کو اس میں
ملائیں۔ خوراک سات درم دیگر نہایت مبہی ھو بزرالبنج دو درم روغن بلسان فرفیون افیون خالص
جند بید ستر بالچھڑ دارچینی سونٹھ دار فلفل زعفران ہر یک چار درم دوائی کو کوٹ چھان کر روغن بلسان
میں چرب کریں اور زعفران حل کر کے ملادیں اور عسل خالص کف گرفتہ میں ملادیں اور چینی کے
برتن میں رکھیں اور بعد ۶ ماہ کے استعمال کریں بمقدار خوراک قوی کو ایک چنے کے برابر اور لڑکوں کو
عدس کے دیگر نہایت مقوی باہ ھو حلبہ تخم کتاں تخم شلغم اور تخم پیاز سونٹھ موصلی سیاہ تخم اوٹنگن
دار فلفل لونگ دارچینی عاقرقرحا خولنجان جاوتری جائفل ہر ایک دو درم مغز پستہ مغز چلغوزہ
ہر یک تین درم نبات سفید برابر بدستور قوام کریں۔ دیگر یہ جوارش عجیب النفع ہے جریان کیواسطے
مفید ہے ھو ثعلب مصری دارچینی بہمن سرخ بہمن سفید موصلی سفید بادرنجبویہ الائچی خورد تودری زرد تودری سفید
کُند سفید تخم گزر تخم شلغم سمندر سوکھ تخم فرنجمشک گوکھرو خورد ہر یک ۶ ماشہ باریک کر کے شہد
خالص میں شیرہ مغز کدو شیرہ مغز تخم تربوز ہر یک تولہ شریک کر کے بدستور جوارش کا قوام کریں
اور وقت تیاری جائفل جاوتری ہر ایک ۶ ماشہ زعفران مشک خالص مروارید ناسفتہ۔
یاقوت رمانی ہر ایک تین ماشہ طباشیر کبود ہر ایک ۶ ماشہ شریک کر کے ظرف نقرہ میں خواہ
ظرف چینی میں رکھیں اور ایک تولہ نوش فرمائیں ✤

جوارش آملہ

ضعف باہ کے واسطے نہایت مفید ہے ھو شیر آملہ پندرہ مثقال زرشک ۵ مثقال فادزہر معدنی
کہربائے شمعی گل داغستانی گل ارمنی مغول طباشیر سفید صندل سفید کزمازج صمغ عربی بزرالبنج سفید
تخم لیموں گل سرخ عنبر اشہب ہر یک یک مثقال تخم کشنیز خشک تخم خرفہ مقشر مغز تخم خیارین مغز تخم
خربزہ ہر یک تین مثقال مایہ شتر اعرابی نصف مثقال نبات سفید ایک سو مثقال رب بہ شیریں۔
گلاب عرق بید مشک ہر ایک ۔ ۲۰ مثقال بدستور مرتب تیار کریں ✤

جوارش ہندی

واسطے ضعف باہ کے و امساک کے بے نظیر ہے ھو عاقرقرحا جائفل جاوتری لونگ سپستان
سنگھاڑہ خشک دانہ الائچی خورد مرچ سیاہ آملہ سونٹھ دار فلفل ساوی کوٹ چھان کر شہد خالص چند میں ملادیں

بقدر بادام کے کھاویں۔ اور بعد کھانے کے آب سرد نہ پیویں اور اشیاء ترش نہ کھاویں +

دیگر یہ جوارش تقویت باہ کے لئے نہایت مفید ہے صہ عاقرقرحا لونگ خولنجان نانخواہ زیرہ سبز مساوی کوٹ چھان کر نبات سفید سہ چند کا قوام کر کے دوائیوں کو اُس میں ملائیں۔ خوراک نصف درم سے ایک درم تک +

جوارش زرعونی

منی کو زیادہ کرتی ہے۔ صہ تخم کرفس تخم گزر تخم شلغم تخم اسپست نانخواہ بادیان مغز تخم خربزہ مغز تخم بادرنگ بیخ کرفس مغز حب قلقل مغز حب الملم مغز نارجیل تازہ مغز چلغوزہ ہر یک ۵ مثقال جاوتری لونگ فلفلمویہ کبابہ عاقرقرحا سونٹھ تخم جرجیر تخم پیاز حب الرشاد تخم انجرہ تخم گندنا۔ خولنجان جائفل قرفہ دارفلفل ہر ایک ۳ درم زعفران کندر مصطگی عود ہر یک ۴ درم تخم بلیون بوزیدان بہمن سرخ بہمن سفید تودریین شقاقل انزد جو ہر یک پانچ درم بصل الفار بریان ثعلب مصری قضیب گاؤ سودہ مغز کلہ کنجشک نر۔ خک مربی کشمش خرما ہر یک دس مثقال عنبر اشہب ۲ مثقال مشک خالص نصف مثقال قند سفید دوچند عسل خالص ہموزن خوراک گرم مزاج کو دو مثقال ہمراہ شیر گاؤ +

حرف الحاء الحطی

حبوب

یہ گولیاں واسطے اُس شخص کے جو از آلہ بکارت سے عاجز ہو نافع ہیں صہ عاقرقرحا لونگ خشخاش موصلی سیاہ شونیز جائفل اسگندھ فلفلمور مساوی کوٹ چھان کر گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنادیں۔ ہر صبح ایک گولی کھاویں +

حب فادزہر

واسطے تقویت باہ کے بے نظیر ہے صہ فادزہر معدنی عود ہندی لونگ دارچینی جائفل جاوتری بالچھڑ شقاقل بہمن سرخ بہمن سفید ثعلب مصری ہر یک نیم مثقال عنبر اشہب نیم دانگ زعفران ڈیڑھ دانگ کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنادیں +

دیگر۔ نہایت مقوی باہ و ممسک صہ سفوف خستہ تمر ہندی مصطگی ہر یک یکتولہ کوٹ چھان کر

گولر کے دودھ میں تر کر کے خمیر کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں اور ترشی سے پرہیز کریں +

دیگر حب نشاط - یہ گولیاں باہ محرورین کو زیادہ کرتی ہیں - ۞ صمغ عربی کتیرا اسفید رب السوس نشاستہ سفید ہر یک ۵ مثقال - افیون خالص دو مثقال حب المحلب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی یاقوت رمانی کوٹ چھان کر لعاب بیدانہ میں گولیاں بناویں +

حب سیماب نہایت مقوی باہ ۞ سیماب خالص گندک کہتہ سفید لونگ ہر یک چار ماشہ اول سیماب وگندگ کو خوب باریک کریں - پھر دوسری دوائی کو ملا کر پیسیں - پھر انڈے کی زردی میں صلایہ کریں اور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا دیں - ہر روز ایک گولی کھاویں - اگر ایک ہفتہ ان گولیوں کو کھاوے اور اوپر سے شوربائے گوشت گوسفند یا گائے کا دودھ نیم گرم نوش کریں اور بیس روز تک مجامعت نہ کریں - تو ایسی قوت باہ ہوتی ہے کہ بیان سے باہر ہے - دیگر نہایت مقوی باہ وممسک جو عورت پر قادر نہو اُس کے واسطے مفید ہے - ۞ کچلا دس درم گائے کے دودھ میں بھگوئیں کہ پوست اسکا جدا ہو جاوے پوست کو دور کر کے فلفل دار فلفل ہر ایک ۵ درم کوٹ چھان کر سب کو ایک جگہ کر کے موافق نیم درم کے گولیاں بنائیں - سایہ میں خشک کر کے رکھ چھوڑیں ایک گولی صبح ناشتا کھاویں دیگر یہ گولیاں واسطے سستی کے کہ بعد جماع کے معلوم ہوتی ہے بہت مفید ہیں ۞ مومیائی کانی صمغ عربی جس قدر مومیائی ہو اُس کا تیسرا حصہ صمغ عربی نبات سفید ہموزن پیس کر گولیاں بناویں اور بقدر ساڑھے چار ماشہ کے کھاویں - اگر اسکے اوپر شراب یا ماء اللحم پیویں زیادہ نافع ہے دیگر حب موصلی واسطے تقویت کے بہت مفید ہیں ۞ موصلی سیاہ پاؤ سیر ڈیڑھ سیر گاوے کے دودھ میں جوش کریں - کہ تمام دودھ جذب ہو جاوے - سایہ میں خشک کر کے جائفل جاوتری ہر یک یک چھٹانک کوٹ چھان کر شہد کے ساتھ قوام کریں اور ملا دیں اور گولیاں بناویں اور عجیب مزاج میں اگر کسی قدر ہینگ داخل کریں قوی تر ہو گا - دیگر حب نہایت مقوی باہ وممسک ۞ تخم دھتورہ پانچ ماشہ بزرالبنج سفید نو ماشہ تخم موٹھ ۵ ماشہ تخم خشخاش سفید ۶ ماشہ زعفران ۲ ماشہ بہمن سفید قاقلہ مصری ۶ ماشہ کوکنار ۵ عدد ثعلب مصری ۶ ماشہ مغز بادام مغز کدوی شیریں ہر یک یک تولہ تخم کاہو مغشر تخم خرفہ سیاہ ہر یک ۶ ماشہ - کشتہ ایک تولہ جائفل جاوتری تخم ہلیون - تودرین ہر یک ۶ ماشہ گاؤزبان - ایک تولہ - دارچینی

۱۰ ماشہ قرنفل ۳ ماشہ مغز تخم خربزہ ۶ ماشہ کوٹ چھان کر گوند کے پانی میں گولیاں بنائیں ٭

دیگر نہایت مہی و ممسک صہ تخم دہتورہ تین ماشہ بزرالبنج سفید تخم خشخاش سفید افیون خالص تخم کاہو مقشر زعفران ہریک ۶ ماشہ موٹ ۳ ماشہ مغز بادام شیریں مغز کدو مغز نارجیل صمغ عربی کتیرا سفید ہریک ۶ ماشہ بہمن سفید بہمن سرخ ثعلب مصری ہریک تین ماشہ شقاقل مصری جائفل جاوتری لونگ ہریک دو ماشہ عود غرقی مصطگی صندل سفید طباشیر کبود ہریک ۳ ماشہ مغز اخروٹ مغز فندق ہریک ۶ ماشہ کہربائے شمعی بسد احمر ہریک دو ماشہ مغز تخم پیٹھہ ہندی مغز تخم تربوز برگ گاؤزبان ہریک ۱۰ ماشہ مشک خالص ایک ماشہ قشر خستہ تمر ہندی ۶ ماشہ کوٹ چھان کر آب افیون میں گولیاں بنا دیں۔ دیگر حب جالینوس اُس شخص کے واسطے جو ازالہ بکارت سے عاجز ہو ۔ خواہ از راہِ سستی اعصاب خواہ از جلق خواہ بسبب دیگر امور اغلب کہ اول شب میں قادر ہو ورنہ شب دوم و سوم میں صہ مغز سر کنجشک کہ وقت ہیجان کے لیں شقاقل مصری تازہ تخم پیاز کشش خرما. تخم گندنا تخم جرجیر ثعلب مصری سمک صیدا جملہ مساوی کوٹ چھان کر مشک خالص قدرے پیس کر ملا کر جرجیر کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنا دیں خوراک ایک مثقال دیگر حب جدوار کہ جو ضعف باہ بسبب ضعف اعضائے رئیسہ کے ہو مفید ہے صہ جدوار خطائی عود ہندی الائچی کلاں بالچھڑ دارچینی اذخر لونگ بہمن سرخ مایہ شترا عرابی ہریک تین ماشہ زرنباد درونج عقربی صندل سفید مروارید ناسفتہ یاقوت سرخ عود بلسان فلفل سفید سونٹھ ریوند چینی بادرنجبویہ ساذج ہندی جاوتری خولنجان کباب چینی عود صلیب بوزیدان تودری گل سرخ تخم فرنجمشک دوقو عاقرقرحا ہریک دو ماشہ گل گاؤزبان ثعلب مصری مصطگی طباشیر سفید پوست ترنج سنگ صیدا ہر ایک ۵ ماشہ صمغ عربی سات ماشہ عنبر اشہب مشک خالص ہریک یک ماشہ بہمن سفید سات ماشہ نبات سفید بیس ماشہ کوٹ چھان کر گلاب میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں دیگر نہایت مقوی باہ صہ گل دہتورہ سیاہ کو خشک کر کے بقدر نخود گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی۔ دیگر نہایت مغلظ منی و مقوی باہ صہ دودھی خورد سایہ میں خشک کر کے پیسیں۔ اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں دیگر واسطے تقویت باہ و امساک کے بے نظیر ہے صہ جوز الطیب شقاقل مصری سہاگہ ہریک چار ماشہ شنگرف دو ماشہ کوٹ چھان کر ماش کے دانہ کے برابر گولیاں بنا دیں ایک گولی قبل طعام کے

گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں اور جب تشنگی معلوم ہوگائے کا دودھ پیویں دیگر نہایت مقوی باہ بعد جماع کے جو سستی معلوم ہوتی ہے نہیں ہوتی اور نیز ممسک بھی ہے ص اسبند سوختنی پانچدرم نصف خام و نصف بریان پوست خشخاش کنجد سیاہ ہر ایک دو درم قند سیاہ بیس درم کوٹ چھان کر قند سیاہ میں کوٹیں کہ ایک ذات ہو جاوے سات گولیاں بنائیں۔ ایک گولی وقت مجامعت کے کھاویں دیگر نہایت مبہی و مقوی ہے اور امساک میں بے نظیر ہے ص فادزہر حیوانی ایک مثقال مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی جاوتری مشک درونج عقربی کباب چینی اسارون ہر ایک دو مثقال قرنفل فادزہر معدنی الائچی خورد مصطگی بہمن سفید بہمن سرخ تعلب مصری شقاقل مصری صمغ عربی کتیرا اسفید ہر ایک تین مثقال عنبر اشہب ایک مثقال سعد کوفی دارچینی۔ افیون خالص ہر ایک ۵ مثقال ورق نقرہ پچاس عدد ورق طلائے تیس عدد کوٹ چھان کر جواہر کو سنگ پر صلایہ کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں اور چنے کے برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی ٭

دیگر نہایت مبہی ہے ص افیون خالص ایک تولہ عنبر اشہب چھ ماشہ کہربائے شمعی مروارید ناسفتہ ہر یک یک تولہ یاقوت رمانی صمغ عربی ہر یک چھ ماشے جدوار خطائی مغز تخم کدو ہر ایک دو تولہ زعفران نو ماشے تعلب مصری دو تولے پنیر مایہ شتر اعرابی ایک تولہ ورق طلائے ورق نقرہ ہر یک چھ ماشہ عرق کیوڑہ میں گولیاں بنا دیں دیگر قوت باہ کو زیادہ کرتی ہے اور امساک میں بے نظیر ہے ص جند بیدستر کافور ہر یک نیم مثقال پوست ترنج فرنجمشک سنبل الطیب کبابہ قرنفل بسباسہ سعد کوفی زرنباد دھتورہ بزرالبنج مشک کشنیز خشک عنبر اشہب ہر یک یک مثقال مصطگی گل سرخ صندل سفید عود القرح ہر ایک دو مثقال جائفل تین مثقال بیخ لفاح جدوار زعفران ہر ایک تین مثقال ورق نقرہ ورق طلائے ہر ایک پچیس عدد کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں دیگر واسطے شہوت جماع کے نہایت مفید ہے ص ایارج فیقرا السوت ہر ایک ساڑھے تین ماشہ حب النیل انیسون ہر یک پونے دو ماشہ شحم حنظل غاریقون عاقرقرحا تعلب مصری ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول سقمونیا۔ کتیرا اسفید ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ چھان کر گلاب میں گولیاں بنا دیں دیگر نہایت مفید ص پوست بیخ کنیر سفید پوست بیخ دھتورہ پوست بیخ بھنگ پوست بیخ آک مساوی لے کر سایہ میں خشک کریں۔ برگ دھتورہ کے شیرہ میں گولیاں بنائیں اور وقت حاجت شراب یا اپنے پیشاب میں یا

بھٹ کٹائی کے پانی میں پیسکر طلاے کریں۔ جب خشک ہو دور کرکے مشغول ہوں دیگر حب چرس نہایت مقوی باہ اور سرعت انزال کو دفع کرتی ہے ص چرس تخم گندر ثعلب مصری ہریک دو مثقال درونج عقربی فرفیون ہریک ۳ مثقال جدوار خطائی ایک مثقال کوٹ چھان کر کنار کے پانی میں گولیاں گولیاں خوراک ایک حب دیگر مغلظ منی و مقوی و دافع جریان ص تالمکھانہ تمر ببول گل ببول زرد بہیند گل فوفل موصلی سیاہ تخم خرفہ ہرایک چھ ماشہ خستہ تمر ہندی تین تولہ کوٹ چھان کر شیر برگد میں تر کرکے سایہ میں خشک کریں گزمازج کشنیز خشک ہریک چھ ماشہ نبات سفید دو تولے ملا کر کوٹ چھان کر ریشہ برگد کے پانی میں خمیر کرکے گولیاں بنائیں صبح کے وقت گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ کھاویں دیگر نہایت مقوی باہ و دافع جریان ص۔ تالمکھانہ۔ تخم تمر ہندی مصطگے ہریک یک تولہ گولر کے دودھ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں ترشی سے پرہیز کریں +

دیگر مقوی باہ ص چرس درونج عقربی ثعلب مصری ہرایک نو ماشہ جدوار خطائی ۳ ماشہ گولیاں بناویں دیگر عنی کو مرد کرتی ہیں ص تخم مرغ سقنقور ایک عدد جاوتری جائفل زعفران دارچینی تخم اوٹنگن لونگ عاقرقرحا مصطگے ہرایک نیم درم شیرہ ناگ شیرہ کنگھی شیرہ بڑبند ہی ہرایک ڈیڑہ دام روغن گاؤ نصف دام اول ریگ ماہی کو روغن میں بریان کریں پھر تخم مرغ بریان کریں۔ ردوائیوں کو کوٹ چھان کر شیرہ داخل کریں تھوڑا سا شہد خالص اضافہ کرکے چودہ گولیاں بنائیں۔ ایک صبح ایک شام دیگر۔ سفید کنیر کی جڑ کا پوست عاقرقرحا اجمود سیاہ دھتورہ کے بیج جائفل ان سب کو پانی میں باریک پیسکر کالی مرچ کے برابر گولیاں بناویں۔ اور ایک گولی گھسکر آلت پر لیپ کریں باہ کی ضعیفی دور ہوتی ہے۔ اور نیز ممسک بھی ہے دیگر نہایت مقوی باہ ہے ص تکچھکنی موصلی سیاہ تخم کونچ تخم اوٹنگن پوست بیخ اونٹ کٹارہ مالکنگنی قند سیاہ مساوی کوٹ چھان کر ادرک کے شیرہ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں ہر روز ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں +

دیگر مبہی ص پوست بیخ اونٹ کٹارہ۔ دارچینی تخم جلبلی سمندر سوکھ تالمکھانہ موچرس ہریک پانچ دام کوٹ چھان کر پانچ سیر گائے کے دودھ کا کھویہ کرکے ڈھائی سیر شکر سفید ملا کر بقدر ایک دام بختہ کے گولیاں بناویں ایک گولی صبح کھاویں ترشی سے پرہیز کریں۔ دیگر زعفران۔ لونگ۔ جائفل افیون خالص مشک خالص مساوی عسل خالص کف گرفتہ میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں +

ایک گولی جماع سے پہلے کھاویں دیگر کنجشک نرخانگی وقت ہیجان کے شکار کرکے ذبح کریں اور پر و
احشا دفع کرکے ایک چھوارہ میں بقدر اس کے تخم کے افیون خالص بھر کے شکم کنجشک میں رکھکر آرد
گندم سے گلحکمت کرکے پکاویں۔ جب پک جاوے آٹا دور کرکے چنے کے برابر گولیاں بنا کے قبل از وقت
کھاویں دیگر حب ہندی۔ ص مالکنگنی تخم زردک عاقرقرحا ہریک یک دام لونگ زعفران ہریک
نیم دام اسبند نیم درم تخم خشخاش کنجد ہرایک پانچ درم روغن گاؤ شہد خالص ہریک چار دام زردہ بیضہ
مرغ پانچ عدد دوائیوں کو کوٹ چھان کر روغن اور شہد خالص اور زردی مں ملاکر جائفل کے
برابر گولیاں بناویں۔ ایک گولی جماع سے پہلے کھائیں۔ نہایت مقوی باہ ہے۔ ہرچند انزال ہو۔ مگر
شہوت ویسے ہی برقرار رہتی ہے۔ اگر کسی کو زردی خام سے نفرت ہو تو انڈے کو پانی میں جوش
کرکے اس کی زردی مزوج کریں +
دیگر حب عنبر تالیف حکیم مومن واسطے تقویت باہ و امساک کے بے نظیر ہے بعد چھ ساعت کے
نعوظ پیدا کرتی ہے ص مشک خالص۔ مصطگی لونگ ہرایک ایک مثقال عنبر اشہب ثعلب مصری
خولنجان ہرایک دو مثقال ماہیٔ شنقور اعرابی ۳ مثقال کوٹ چھان کر گلاب میں فندق کے برابر
گولیاں بنائیں اور ہر روز ایک عدد کھاویں اور پیچھے اس کے شراب یا شیر تازہ یا آب ترہ تیزک یا آب
نخود خام پیویں نیم مثقال تک ان گولیوں کو کھاویں مرطوب مزاج اس سے زیادہ کھا سکتا ہے دیگر
مقوی باہ ص پوست بیخ کسوندی خشک کرکے باریک کریں اور شہد خالص میں گولیاں بنادیں دیگر
حب جدوار واسطے تقویت باہ کے بے نظیر ہے ص جدوار خطائی نیم مثقال۔ فادزہر حیوانی
ورق طلائے ہرایک نیم دام۔ لونگ زعفران۔ عاقرقرحا جندبیدستر۔ جائفل۔ جاوتری الائچی
خورد۔ دارچینی ہریک یک دانگ کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنادیں وقت حاجت کے دو
گولیاں صبح کے وقت اور دو شام کے وقت کھائیں بعد اس کے ایک پیالہ دودھ کا شیر گرم پیویں +
دیگر حب جدوار واسطے تقویت باہ اور سرعت انزال کے نہایت نافع ہے ص جائفل ۵ عدد
افیون نیم مثقال۔ جائفل میں سوراخ کرکے افیون کو اس میں بھریں اور خمیر کرکے روغن گاؤ
میں بریان کریں۔ پس خمیر کو اس سے جدا کریں۔ جائفل کو افیون کے ساتھ کہ اس میں
ہے۔ اور جدوار دارچینی۔ لونگ زرنب دانہ ہیل۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ شقاقل

ہریک یک مثقال مایہ شتر اعرابی زعفران ہریک نیم مثقال کوٹ چھان کر گوند کے ساتھ چنے کے برابر
گولیاں بناویں دیگر حب جدوار نہایت مبہی و مقوی ہیں اور امساک لاتی ہیں ص جدوار
خطائی ثعلب مصری جاوتری ہریک ۵ مثقال فادزہر حیوانی الائچی کلاں خولنجان جائفل عود ہندی
بالچھڑ مایہ شتر اعرابی سعد کوفی نارمشک انیسون تخم کرفس صمغ عربی تخم ہلیون لعل بدخشی یاقوت رمانی
یشب سبز مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ہر ایک دو مثقال جند بید ستر افیون خالص کتیرا اسفید عنبر
اشہب ورق نقرہ ہر ایک ایک مثقال زعفران لونگ ہر ایک چار مثقال ورق طلاے مشک خالص
ہر ایک نیم مثقال مبانت سفید و صمغ کو عرق دارچینی میں حل کر کے باقی دوائی کو باریک کر کے گولیاں
بناویں دیگر حب جدوار نہایت مبہی ص فلفل سیاہ بیس مثقال دارچینی زرنباد ہریک بارہ
مثقال سنبل الطیب دوالہ درونج عقربی عود قماری قرنفل الائچی خورد ہریک دو مثقال دار فلفل
آٹھ مثقال سعد کوفی میعہ سائلہ ہر ایک بارہ مثقال زنجبیل مصطگی ہر ایک پندرہ مثقال زعفران تین
مثقال تخم کرفس بائیس مثقال جائفل جاوتری ہر ایک سات مثقال تیز پات کبابہ اسارون حب النار
مرکی ہریک چھ مثقال جدوار خطائی ۵ مثقال مشک خالص تین مثقال ورق طلاے ایک مثقال ورق
نقرہ دو مثقال عنبر اشہب زرشک ہر ایک تین مثقال روغن بلسان سات مثقال افیون خالص ۲ ۱/۲ مثقال
صمغ عربی و گلاب بقدر حاجت بدستور گولیاں بناویں دیگر حب نہایت مقوی باہ ص مشک خالص
ایک ماشہ مصطگی ایک ماشہ قرنفل نصف ماشہ عنبر اشہب زعفران ہر ایک دو ماشے ثعلب مصری
سہ ماشہ خولنجان دو ماشہ شقاقل مصری بہمن ہریک تین ماشہ باریک کر کے بقدر فندق گولیاں بنائیں
دیگر حب خراطین ص خراطین صاف بریان آدہ پاؤ عاقرقرحا لونگ جاوتری دانہ الائچی خورد
ہریک چھ درم مشک خالص ایک ماشہ سب کو باریک کر کے شہد خالص میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں
بنائیں ایک صبح اور ایک شام گائے کے دودھ کے ساتھ کھاویں دیگر حب ریگ ماہی واسطے تقویت
باہ کے و امساک کے مجرب ہے ص ریگ ماہی شنگرف مازوے سبز لونگ ہریک چار جزو زعفران مشک
خالص افیون خالص ہریک یک جزو کچلہ ورق طلاے ہریک تین جزو ارخیشغان دارچینی ورق نقرہ
ہریک سات جزو کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں بعد دو ساعت
کے جماع کریں دیگر حب خراطین مقوی باہ و جید الاثر ہے ص خراطین تازہ چھ درم مٹی سے

پاک کرکے سبوس اجوائن دو درم قند سیاہ چار درم ملاکر بقدر ایک تولہ کے گولیاں بنائیں ایک
گولی ۲۰ روز تک کھاویں دیگر حب جدوار نہایت مبہی ص جدوار خطائی زرنباد وج ترکی ہریک
۴ درم مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی لعل بدخشانی مرجان ہرایک دو مثقال فادزہر حیوانی نیم
مثقال بالچھڑ جاوتری - جائفل مصطگے ہرایک دو مثقال - دارچینی لونگ کباب چینی عود ہندی
ہرایک چار مثقال مومیائی افیون خالص عنبر اشہب زعفران قرص افعی ہرایک یک مثقال مشک
خالص دو دانگ کوٹ چھان کر روغن بلسان میں چرب کرکے لوند کے پانی میں مرچ کے برابر
گولیاں بناویں - ورق طلا تے میں لپیٹ کر سایہ میں خشک کریں خوراک ایک گولی سے دو
گولی تک دیگر حب بیضہ مرغ یہ نسخہ قوت باہ میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے ص اوّل بیضہ مرغ
میں سوراخ کریں اور ایک ماشہ ہینگ کا سفوف اس میں بھریں دوسرے روز دو ماشہ علیٰ ہٰذا
اکیس ماشہ تک بیضہ مذکور میں داخل کریں بعد ازاں آرد گندم میں اس کو غلولہ کرکے بھوبل میں
پکاویں - جب سرخ ہوجاوے نکالکر عسل خالص میں ڈالکر کھرل کریں اور بقدر ایک رتی کے گولیاں
بناویں - ایک صبح کو کھایا کریں ایک ہفتہ میں اصلی قوت آجاتی ہے اور تا استعمال دوا جماع سے پرہیز
کریں - اگر متحمل ہوجاویں تو ایک صبح اور ایک شام کھائیں - دیگر حب فادزہر حیوانی تالیف حکیم
شریف خان صاحب دہلوی واسطے تقویت باہ کے بےنظیر ہے لیکن سن جوانی و مزاج و فصل حار میں
استعمال نکریں ص فادزہر حیوانی مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی بسد احمر مرجان مصطگے لاجورد مغسول
درونج عقربی حب بلسان شقاقل مصری بہمن سرخ بہمن سفید ہرایک نیم مثقال زعفران جندبیدستر
مومیائی اصلی مشک خالص عنبر اشہب ہرایک دو دانگ مایۂ شتر اعرابی ثعلب مصری مغز سر گنجشک
نر ہریک یک دام مومیائی و عنبر کو روغن زیت میں پگھلادیں اور جواہر کو باریک کریں اور باقی ادویہ
کو کوٹ کر اور چھان کر مخلوط کریں گلاب خالص میں چنے کے برابر گولیاں بناویں ورق طلاے اور ورق
نقرہ میں لپیٹ کر رکھیں خوراک دو گولیاں دیگر مقوی باہ ص عنبر اشہب ۳ ماشہ مشک خالص
ڈیڑھ ماشہ کہربائے شمعی بسد احمر ہریک چھ ماشے مغز بادام مقشر کبابہ عود غرقی مروارید ناسفتہ
یاقوت رمانی ہریک ایک تولہ رب السوس صمغ عربی نبات سفید تخم بنفشہ افیون خالص ہریک دو تولہ
جواہر کو سنگ سماق میں صلایہ کرکے دوسری دوائیوں کو کوٹ چھان کر ایک جگہ کرکے گلاب میں خمیر

کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں دیگر واسطے تقویت باہ کے قوی ہے اور نہایت ممسک ہی جب تک
ترشی نہ کھائیں۔ انزال ممکن نہیں ص مشک خالص زعفران ہر ایک یک درم جزبدی الائچی
دارچینی مصطگے چوب چینی تیج پل۔ فلفلموبہ دار فلفل تخم اوٹنگن تخم کوچ خشک تخم گندر منڈی مالک
بیخ بنفشہ سمندر پھل شنگرف موچرس اندر جو سعد ہندی ست گلو ستاور ناگیسر موصلی سیاہ موصلی سف
لونگ عاقر قرحا کباب چینی بدن مست ہر یک پانچدرم قند سیاہ کہنہ نو سالہ برابر سب دوائیوں کے
دواؤں کو کوٹ چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی صبح کے وقت کھاویں دیگر مقو
باہ ص آملہ بلیلہ ہر ایک ساڑھے نو درم تخم پنواڑ بیس درم بھنگرہ ساٹھ درم چرچٹا بائیس درم پرانا
گڑ ڈھائی سیر سب دوائیوں کو کوٹ پھیکے گڑ میں ملا کر تین سو ساٹھ گولیاں بنا دیں۔ ہر روز ایک گولی
کھائیں ایک سال تک دیگر نہایت مفید ص مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ جائفل ہر یک پاؤ
سیر تخم مغز خربزہ مغز تخم تربوز ہر ایک آدھ سیر۔ بیخ لجالو گھونگچی سفید جیبند لونگ۔ جاوتری۔ دارچینی
ہر ایک آدھ پاؤ۔ الائچی خورد ساڑھے سات تولہ عنبر اشہب ۳ ماشہ شراب دوآتشہ سوا سیر سب
دوائیوں کو باریک کر کے شراب دوآتشہ میں ملا کر انڈے کی زردی کے روغن میں ایک سو بیس
گولیاں بنائیں پہلے آدھی گولی کھاویں بعد اس کے ایک مگر جاڑوں میں استعمال کریں +

دیگر مقوی باہ ص جدوار ربع درم زعفران علک رومی مصطگے ہر یک یک درم مشک خالص ڈیڑھ
درم قرنفل تین درم شنگرہ ۵ درم باریک کر کے گلاب میں گولیاں بنا دیں دیگر نہایت ممسک دربغوظالا
ہے ص عود خام لونگ کباب چینی تخم مرچ سیاہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ زعفران خالص
پونے دو ماشہ بالنگو سات ماشہ پیپل تخم بابونہ مروارید ناسفتہ ہر یک ساڑھے ۳ ماشے
باریک کر کے قند سفید کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں دیگر
ممسک وہمی ص شنگرف دارہلدست گلو تینوں برابر باریک پیکر اور گوندلے پانی میں جھڑبیری
کے بیر کے برابر گولیاں بنا دیں اور خشک کریں اور گولی کو اندر سے خالی کر کے ایک رتی پارہ اسمیں
بھر کے سوراخ بند کر دیں۔ اور خشک کر کے رکھیں۔ ایک گولی قبل ضرورت یا وقت ضرورت
کے کھاویں۔ اگر زیادتی باہ کی منظور ہو۔ تو ہمیشہ اس دوا کو کھاویں۔ دیگر ممسک و مقوی
باہ ص جائفل۔ جاوتری۔ دارچینی۔ لونگ زعفران گندسیاہ افیون خالص اسبند

مغز بادام مقشر ہر ایک چودہ ماشہ خراطین سیاہ ۲۸ ماشہ سب کو جدا جدا باریک کرکے
شہد خالص میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں ایک گولی وقت شام کھاویں دیگر واسطے
قوت باہ و امساک منی کے مجربات سے ہے ص ۔ زعفران بزرالبنج تالمکھانہ جاوتری جائفل لونگ
افیون خالص ۔ بلیلہ مساوی کوٹ چھان کر شہد میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور تین ساعت
پہلے جماع سے ایک گولی کھاویں اور اوپر اس کے پان کھاویں دیگر واسطے استحکام قضیب کے خصوصاً
مرطوب مزاج کے واسطے عجیب ہے ص زعفران کبابہ دارچینی عاقرقرحا ریگ ماہی خولنجان مساوی برابر
جنگلی بیر کے گولیاں بناویں اور جماع سے پہلے کھائیں دیگر قوت مجامعت مفید ہے اور سرعت انزال
کو نہایت نافع ہے ص الائچی کلاں جائفل ۔ دارچینی ہر ایک تین درم قرنفل گلسرخ صندل سفید
ہر یک دو درم کوٹ چھان کر گلاب میں چنے کے برابر گولیاں بناویں سایہ میں خشک کرکے وقت مجامعت
کے ایک گولی کھائیں اور ایک گولی منہ میں رکھیں دیگر قوت باہ کے لئے بے نظیر ہیں ص نبات سفید ۔
مثقال مغز سر گنجشک نر خانگی خشک کیا ہوا چھوارہ کندر مساوی سفوف کریں اور گرم پانی میں چنے کے
برابر گولیاں بناویں اور وقت ضرورت ہمراہ شراب کے یا ماءاللحم غنمی کے استعمال کریں اور سات گولیوں سے
زیادہ نہ کھاویں دیگر ان گولیوں کا ضماد قضیب پر کرنا تقویت باہ کے واسطے نہایت مفید ہے ص
جند بید ستر عاقرقرحا فرفیون ہر ایک آٹھ ماشے مویزج کوہی دارچینی ہر ایک چار ماشہ لونگ ۱۲ عدد
اور سب کو باریک کرکے شراب یا شہد میں بقدر جنگلی بیر کے گولیاں بناویں ایک گولی کو وقت شام
گھسکر قضیب پر ضماد کریں اور صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں ایک ہفتہ میں اصلی قوت آجاویگی دیگر
حب منشط نہایت ممسک ص اسارون زعفران تخم کرفس دارچینی ریوند چینی بالچھڑ مصطگی ہر یک یک
مثقال زرنباد حب لغار عاقرقرحا لونگ جاوتری صمغ عربی ہر ایک نیم مثقال بزرالبنج فلفل سیاہ
ہر ایک ڈیڑہ مثقال افیون خالص ڈھائی مثقال فرفیون ۲ مثقال کوٹ چھان کر گلاب میں چنے کے برابر
گولیاں بناویں اور چار گھڑی قبل جماع کے کہائیں دیگر نہایت ممسک ص قرنفل خولنجان عاقرقرحا
ہر ایک یک درم گلسرخ قند سفید عود ہندی طباشیر کافور مشک خالص ہر یک ڈیڑہ دانگ باریک کرکے
گلاب میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بناویں دیگر سرعت انزال کے واسطے نہایت نافع ص ثعلب
مصری ۔ مصطگی ۔ لاکھ جھربیری مساوی برگد کے دودہ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں +

ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ روزانہ چالیس روز تک برابر کھائیں دیگر یہ نسخہ سہل الوجود
ممسک ہے ص املی کے بیج چار روز پانی میں بھگو کر پوست دور کر کے اُس کے مغز کو دو چند قند
ساتھ کوٹ کر چنوں کے برابر گولیاں بنا دیں اور قبل جماع کے دو گولیاں کھا دیں + دیگر حب
سیماب نہایت ممسک کہ بدون ترشی کھانے کے انزال ممکن نہیں ص سیماب ۳ درم کو سات مرتبہ
کپڑے میں چھانیں افیون خالص تین درم کوٹ چھان کر پان کے شیرہ میں باریک کر کے
میں خشک کریں ایسے ہی سات مرتبہ کریں پھر عاقرقرحا بزرالبنج سفید خولنجان جائفل - قرنفل ہر یک
یک درم کوٹ چھان کر آپس میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بناویں - جب ایک پہر اور ایک گھڑی
تناول غذا سے گذرے ایک گولی نگلیں اور بعد تین گھڑی کے جماع کریں - غذا گیہوں کی روٹی گھی
کے ساتھ اور شکم سیر ہو کر نہ کھائیں - دیگر نہایت ممسک بلا افیون ص عاقرقرحا ایک درم تخم
آٹھ درم قند سفید ۹ درم کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں اور ایک درم کھائیں جب تک لیموں
کھائیں انزال ممکن نہیں دیگر حب افیون ممسک ص مصطگی فلفل گرد عود غرقی دارچینی ہر یک
یک دام زعفران تین درم جند بیدستر نیم دام پوست ترنج دو دام افیون خالص برابر کوٹ چھان کر گلاب
میں خمیر کر کے گولیاں بنا دیں دیگر نہایت ممسک ص تخم دھتورہ تخم گندر تخم شلغم خارخسک بزرالبنج
قرنفل عاقرقرحا تخم اوٹنگن ریگ ماہی لونگ جائفل دارچینی موصلی سیاہ زعفران جاوتری ہر
۵ تولہ سب کو نیم کوفتہ کر کے ڈھائی سیر گائے کے دودھ میں پکا دیں کہ غلیظ ہو جاوے پس اس
روے سنگ پر دستہ سے ملیں اور بقدر جائفل کے گولیاں بنا دیں خوراک ایک گولی + دیگر
ممسک ص تخم دھتورہ تخم ہنواڑ بابچی مغز بیدانجیر ہر یک چار ماشے شیر گوسفند میں پیس کر بقدر
ایک ماشے کے گولیاں بنائیں اور ۳ ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھا دیں جب تک ترشی
نہ کھائیں انزال ممکن نہیں دیگر ممسک ص کوکنار اسپند بریاں تخم ہلہل نیم بریاں کوٹ چھان
قند سیاہ میں بقدر اخروٹ کی گولیاں بنا دیں ۔ اور وقت مجامعت کے ایک گولی کھائیں +
دیگر نہایت ممسک ص سنگرف موچرس افیون خالص ہر یک چار ماشہ سہاگہ بقدر فلفل گولیاں
بنا دیں اور ایک گولی قبل جماع کے کھائیں دیگر ممسک ص افیون خالص اسپند بریاں کاور
بزرالبنج مساوی ادرک کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں - ایک گولی گائے کے دودھ کے

ساتھ جماع سے پہلے کھاویں دیگر ممسک ص افیون خالص شنگرف کافور عاقرقرحا جائفل نبات سفید
ہرایک ایک تولہ زعفران جند بیدستر ہرایک چھ ماشہ بیربہوٹی دس عدد سب کو خوب باریک کرکے۔
جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں اور قبل جماع کے ایک گولی کھاویں جب چاہیں کہ انزال ہو سرد پانی
پیویں دیگر امساک منی کے واسطے مجرب ہے ص مشک خالص ایک درم حب بلسان مرکی عاقرقرحا
ب السوس زرنباد جنذ بیدستر جدوار خطائی درونج عقربی مصطگی عود خام ہرایک دو درم قرفہ
تخم کرفس لونگ دارفلفل بچھان بید ہرایک ۳ درم داچینی فلفل زنجبیل صمغ عربی کتیرا زعفران
جاوتری ہریک ۵ درم افیون خالص دس درم نبات سفید ۱۵ درم کوٹ چھان کر چنے کے برابر
گلاب میں گولیاں بناویں دیگر ممسک ص شنگرف کبابہ جنذ بیدستر لونگ عاقرقرحا مصری ہریک
چھ ماشے باریک کرکے افیون خالص ایک تولہ ملا کے شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں
وقت حاجت کے ایک گولی چھ گھڑی پیشتر کھلاویں۔ امساک عظیم ہوتا ہے۔ جب تک فارغ
نہوں کھانا اور پانی نہ کھائیں دیگر نہایت ممسک ص بزرالبنج سفید عاقرقرحا سمندر سوکھ اسپند
بریان شنگرف گوکھرو کچلہ سوختہ مساوی کوٹ چھان کر گوکنار کے پانی میں گولیاں بنادیں
اور جماع سے چار گھڑی پہلے ایک گولی کھاویں اور ایک پیالہ دودھ کا اوپر سے پیویں +
دیگر نہایت ممسک ص بیخ کنیر سفید چار ماشہ سایہ میں خشک کرکے کوٹ چھان کر پوست خشخاش
کے پانی میں کہ اس سے افیون نہ نکالی ہو۔ گولیاں بنا کر رکھیں اور وقت حاجت کے ایک گولی
پانی میں حل کرکے ذکر پر سوائے حشفہ کے طلا کریں جبکہ خشک ہو جماع کریں +
دیگر ممسک ص پوست بیخ کٹائی سفید سات ماشہ تخم اوٹنگن کافور ہرایک ڈیڑھ تولہ باریک
کرکے بقدر ایک ماشہ کے گولیاں بنادیں۔ ایک گولی واسطے لیپ کے کافی ہے جب تک دودھ
نہ پیویں انزال نہوگا دیگر نہایت ممسک ص جائفل جاوتری لونگ دارچینی اسپند افیون
خالص ہریک یک درم کنجد سیاہ دو درم کوٹ چھان کر شہد خالص میں جنگلی بیر کے برابر
گولیاں بنائیں ایک گولی شام کے وقت دودھ کے ساتھ کھائیں +
دیگر امساک میں بے عدیل ہے ص جائفل خولنجان ہرایک دو درم۔ جاوتری ایک درم
افیون خالص ڈیڑھ درم جدوار نرمنجی۔ ایک درم۔ ثعلب مصری دو

دو درم چنے کے برابر گولیاں بنائیں دیگر نہایت ممسک ص کافور خالص جائفل جاوتری افیون خالص مساوی پان کے شیرہ میں چھ گولیاں بناویں وقت حاجت کے ایک گولی کھاویں

دیگر ممسک ص لونگ جائفل زعفران مصطگی قضیب گاؤ دارچینی۔ ثعلب مصری ہر ایک ایک درم مشک خالص نیم درم افیون خالص ۴ درم شہد مقوم میں بقدر نیم درم گولیاں بنا... جس شخص کو عادت افیون کی ہو۔ ایک گولی ورنہ کم دیویں +

دیگر ممسک ص جائفل شنگرف عاقرقرحا افیون خالص ہر یک یک درم چاروں کو ایک جا کر کے دو رکوٹ چھان کر شہد خالص میں ملاکر ۲۰ گولیاں بناویں ایک گولی عشا کے وقت کھاویں اور بعد اس کے پان کھاویں سات ساعت تک امساک کرتا ہے دیگر نہایت ممسک و مقوی باہ ص زعفران قرنفل جائفل افیون خالص مساوی شہد کف گرفتہ میں گولی بقدر نخود کے بناویں اور قبل جماع کے استعمال کریں دیگر نہایت ممسک ص جائفل خولنجان ثعلب مصری ہر ایک یک تولہ جاوتری جدوار خطائی ہر ایک چھ ماشہ افیون خالص ۳ ماشہ چنے کے برابر گولیاں بناویں دیگر نہایت ممسک ص کافور چینیہ مشک خالص جائفل افیون خالص مساوی کوٹ چھان کر پان کے شیرہ میں پیکر چنار کے برابر گولیاں بنالیں اور وقت حاجت کے آب گرم میں حل کر کے کھاویں۔ دیگر ممسک ص تخم تمر ہندی تخم ببول مقشر تخم سرس تخم کونچ تخم پیاز ہینگ تالمکھانہ منڈی موصلی سفید ہر ایک دو تولے بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناویں خوراک ۲ ماشہ گرم دودھ کے ساتھ +

دیگر نہایت ممسک ص جائفل کو درمیان سے خالی کر کے اس کے شکم میں افیون خالص ایک تولہ۔ جدوار خطائی زعفران ہر ایک ۳ ماشہ بھر کر آرد گندم میں خمیر کر کے خاکستر گرم میں پکاویں بعد اس کے جائفل نکال کر آٹے کو دور کر کے خوب کوٹیں کہ باہم یک دگر ممزوج ہو بعد اس کے گولیاں بناویں دیگر ممسک ص صمغ سرو ایک جزو برگ قنب ڈیڑھ جزو کھرل کر کے گل منڈی کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی آخر روز کھائیں اوپر سے غذائے شیریں تناول کریں۔ دوسری گولی وقت عشا کے کھاویں اور بعد اس کے جماع میں مشغول ہوں دیگر حب جدوار سرعت انزال کیواسطے مفید ہے ص جدوار خطائی۔ فلفل سیاہ فلفل سفید سنبل الطیب گلنج ہر ایک پانچ درم

کہربائے شمعی مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی تخم کرفس ساذج ہندی سلیخہ حب بلسان عود بلسان
زفیون زنجبیل - دارچینی - کباب چینی - زرداونذ مدحرج اسارون زرنب عود قماری پوست بیرون
پستہ صمغ عربی دارفلفل - عقیق یمنی بسد احمر یشب سبز ہر یک تین درم زعفران جائفل جاوتری
حب الزلم شقاقل مصری ریوند چینی ثعلب مصری ہر ایک چھ درم عاقرقرحا درونج عقربی ہر ایک چار
درم زرنباد بزرالنجح سفید ہر ایک دو درم عنبر اشہب ایک درم ورق نقرہ ایک سو عدد ورق طلا ۵۰
عدد باریک کرکے روغن پستہ میں چرب کرکے گوند کے پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بناویں
وقت حاجت دو عدد گولیاں کھاویں تھوڑی دیر کے بعد مشغول بجماع ہوں دیگر نہایت ممسک
ص تخم تمر ہندی مقشر تخم مرس تخم کونچ تخم بارتنگ تالمکھانہ منڈی موصلی سفید ہر ایک دو تولہ
ہیڑہ کے دودہ میں کھرل کرکے چنے کی برابر گولیاں بناویں - خوراک ۲ ماشہ دودہ کے ساتھ -
دیگر حب خوش کیف کہ امساک میں بے نظیر ہے اور نہایت مقوی باہ ہے ص جدوار
افیون خالص زعفران دارچینی بسباسہ ہر یک ماشہ مغز بادام جائفل خولنجان ثعلب مصری
ہر ایک دو ماشہ برگ قنب برابر کوٹ کر اور چھان کر گولیاں بناویں دیگر حب ممسک ص جائفل اور
جاوتری افیون خالص مازوے سبز اسبند مصطگے زعفران ناکیسر موچرس بجر گوگل سپاری چھالیہ
دانہ الائچی خورد طباشیر سفید اجوائن خراسانی ہر یک ۱ ماشہ باریک کرکے لعاب اسبغول و بہدانہ میں
جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں اور وقت حاجت کے ایک گولی تازے پانی کے ساتھ کھاویں
اور بعد چار گھڑی کے تازہ دودہ پیویں دیگر نہایت ممسک ص افیون خالص عاقرقرحا فلفل مشک
خالص ہر ایک دو ماشے طیار کرکے مرچ کی برابر گولیاں بناویں دیگر امساک کے واسطے مجرب ہے ص
مشک ۱ ماشہ قرنفل جائفل سعد کوفی قرفہ سنبل الطیب پوست اترج عود ہندی کوٹ چھان کر گوند
کے پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بناویں دیگر ممسک ص عود خام قرنفل کبابہ ہر ایک تین درم
زعفران نیم درم بالنگو ۲ درم فلفل تخم بالنگو مروارید ناسفتہ ہر یک یک درم باریک کرکے چنے کی برابر
گولیاں بنادیں وقت جماع دو گولیاں منہ میں رکھیں دیگر ممسک ص انگوزہ خالص پوست خشخاش
مغز پنبہ دانہ تخم کرفس افیون خالص کتیرا اسفید اجوائن خراسانی کوٹ چھان کر قند سیاہ میں ملا کر
گولیاں بنائیں ایک گولی وقت شام کھاویں اور بعد ایک پہر کے آدہ سیر دودہ پیویں اور کام میں مشغول ہو

دیگر نہایت ممسک ص مصطگی چودہ ماشے بیخ کبرسفید ۲۰ ماشہ دونوں کو گھیکوار کے پانی میں کھرل کر کے بقدر چھالیہ کے گولی بنا کر رکھیں وقت حاجت کے ایک گولی پانی میں گھسکر قبل جماع کے ہاتھ اور پاؤں پر ضماد کریں اور بعد ایک پہر کے دھو ڈالیں اور کام میں مشغول ہوں دیگر ممسک ص اجوائن خراسانی اور کلونجی اسپند تخم گندنہ ہر ایک ۳ ماشہ افیون خالص ۱۲ سب باریک کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گولی سے دو گولی تک کھاویں دیگر ممسک ص زنجبیل کباب چینی عاقرقرحا جائفل جاوتری ہر ایک پانچ ماشے زعفران افیون خالص ہر ایک ایک ماشہ سب کو باریک کر کے شہد میں گولی بنا دیں اور نیم درم کھاویں دیگر ممسک ص کافور اجوائن خراسانی ہر ایک یک ماشے جائفل ایک عدد سمندر پھل بارہ عدد افیون خالص ۱۴ سب کو شہد خالص میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور دو گولی کھاویں۔ جب تک آملہ منہ میں نہ رکھیں انزال ممکن نہیں دیگر حب ممسک کہ جدید الاثر ہے ص جائفل ایک عدد بگرم سات ماشے سے ہو سوراخ کر کے ڈیڑھ ماشہ افیون خالص بھر کر اوپر سے آٹا لپیٹ کر پکا دیں۔ جس وقت کہ آٹا سرخ ہو جاوے آٹے کو جدا کر کے جائفل کو ہمراہ اسپند عاقرقرحا مصطگی جفت بلوط تالمکھانہ اجوائن خراسانی بہمنید سمندر سوکھ ہر ایک دو ماشے لسباسہ ایک ماشہ قرنفل آدھ ماشہ پیسکر شہد خالص میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں اور جماع سے پہلے کھاویں +

حبوب ملذذ

نہایت ملذذ ص زنجبیل عاقرقرحا دار چینی نبات سفید ہر ایک چار ماشے باریک کر کے سونف کے عرق میں گولیاں بناویں اور سایہ میں خشک کر کے وقت حاجت کے روغن زنبق میں حل کر کے ذکر پر ملیں دیگر ملذذ ص گھونگچی کے پتے خوب باریک پیسکر آدھے درم کی گولیاں بنا دیں ایک گولی کھانے سے توافق انزال ہوتا ہے دیگر ملذذ ص مرغ جوان کا خون نو درم شہد خالص ایک درم مٹی کے ظرف میں رکھ کر مٹر کے برابر گولیاں بنا دیں اور لعاب دہن کے ساتھ طلا کریں دیگر ملذذ ص پارہ جنگلی کبوتر کی بیٹ نمک سنگ مسادی آب پیاز میں پیسکر گولیاں بنا دیں اور جماع کے وقت لعاب دہن کے ساتھ طلا کریں دیگر نہایت ملذذ ص مشک خالص عاقرقرحا افیون خالص ہر ایک یک پتہ مرغ سفید دو عدد دوائیوں کو مرغ کے پتہ میں حل کر کے دہی کے پانی کے ساتھ سترہ عدد گولیاں بنائیں وقت مقاربت کے ایک گولی منہ میں رکھیں اور اس کا لعاب ملیں۔ دیگر نہایت ملذذ

فاعل کو بھی لذت دے اور مفعول کو بھی ص عاقرقرحا موئیزج دارچینی کبابہ مساوی باریک کرکے شہد
خالص میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی منہ میں رکھیں اور ذکر پر ملیں دیگر نہایت
ملذذ ص دارچینی کبابہ زنجبیل مساوی کوٹ چھان کر شہد خالص میں گولیاں بناویں وقت
مجامعت کے ایک کو اس میں سے چباویں اور لعاب دہن کے ساتھ قضیب پر طلا کریں اور باقی کو منہ
میں رکھیں اور جماع کریں ایسی لذت ہوتی ہے کہ دونوں میں ہو جاتے ہیں دیگر نہایت ملذذ ہے
ص عاقرقرحا سونٹھ دارچینی مساوی باریک کرکے اُس پانی میں کہ جس میں کیکر کا گوند حل کیا ہو
ملا کر شہد میں ملا دیں اور گولی بنا کر رکھیں اور وقت حاجت کے منہ میں رکھیں۔ جس وقت کہ پگھلے ذکر پر
طلا کریں دیگر ملذذ ص قرنفل زعفران دارچینی عاقرقرحا ہر یک چار ماشہ کوٹ چھان کر شہد میں
ملا کر گولیاں بنائیں وقت حاجت کے ایک گولی لعاب دہن کے ساتھ حل کرکے ضماد کرکے جماع کریں۔
دیگر ملذذ ص لونگ۔ زعفران۔ دارچینی عاقرقرحا ہر یک پانچدرم باریک پیکر مساوی شہد اور
تھوڑا مشک ملا کے آدھے درم کی گولیاں بناویں۔ ایک گولی منہ میں رکھیں ایسی لذت ہوتی ہے
کہ عورت عاشق ہو جاتی ہے دیگر ملذذ ص کباب چینی عاقرقرحا سونٹھ مشک خالص مساوی
باریک کرکے گولیاں بناویں۔ ایک گولی تھوڑی دیر منہ میں رکھیں۔ بعدہ لعاب دہن کے ساتھ۔
قضیب پر لگاویں۔ جب خشک ہو جاوے جماع کریں دیگر ملذذ ص زعفران بزر البنج سفید تالمکھانہ۔
بسباسہ جوزبوا لونگ بلیلہ افیون خالص مساوی باریک کرکے شہد میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں
بناویں تین ساعت پہلے جماع سے ایک گولی کھاویں دیگر ملذذ ص مشک خالص کافور ہر یک ایک ماشہ
سہاگہ بریان عاقرقرحا پھٹکڑی بریان ہر یک ۳ ماشہ سب کو باریک کرکے لعاب تمر ہندی میں گولیاں
بنائیں دیگر ملذذ ص عاقرقرحا زنجبیل۔ بھنگ مساوی سفوف کرکے گولیاں بنا لیں ایک گولی کو منہ
میں رکھیں اور اُس کا لعاب قضیب پر ملیں۔ جب خشک ہو جاوے جماع کریں۔

حبوب منزلات

دیگر حب منزل ص لونگ عاقرقرحا مساوی ادرک کے پانی میں کھرل کرکے مٹر کی برابر گولیاں
بناویں۔ عند الضرورت ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر طلا کریں عورت منزل ہو جاتی ہے دیگر منزل
ص لونگ زعفران دارچینی عاقرقرحا ہر یک چار ماشہ کوٹ چھان کر شہد خالص میں ملا کر گولیاں بنائیں

وقت ضرورت کے ایک گولی لعاب دہن میں حل کرکے طلا کرکے مجامعت کریں عورت آجاتی ہے
دیگر منزل ص پارہ ایک ماشہ گاتے کاگھی چھ ماشے نبگلہ پان ۴ عدد کھرل کریں چنے کے برابر
گولیاں بناویں عورت کو ایک گولی پان میں کھلاویں عورت آجاتی ہے دیگر منزل ص پارہ ایک درم
خشکر کتھہ ہر ایک دو درم لیموں کے عرق میں کھرل کرکے مٹر کے برابر گولیاں بناویں۔ جس عورت کو دو
گولیاں کھلاویں دو تین ادخال میں منزل ہوجاتی ہے دیگر منزل ص پارہ نیم درم سہاگہ چوکیا خام
ایک درم اِن تینوں کو لے کر اور باریک کرکے نبگلہ پان کے عرق میں گولیاں بناویں جس دن چاہیں
ایک گولی لعاب دہن میں گھسکر حشفہ پر صحبت کرے اسیوقت عورت منزل ہوجاتی ہے دیگر منزل
ہونے کے واسطے نہایت آزمودہ ہے ص سہاگہ کافور ہر ایک ایک ماشہ شہد خالص چھ ماشہ گولیاں
بنائیں اور ذکر پر طلا کریں۔ چند حرکات میں عورت آجاتی ہے۔ دیگر سہاگہ ایک ماشہ شہد خالص میں
کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کے سر حشفہ چھوڑ کر مرد تمام عضو پر طلا کریں دو تین ادخال
میں عورت آجاتی ہے دیگر منزل ص دانہ الائچی خورد۔ سہاگہ قرنفل عاقرقرحا کافور ہر ایک دو ماشہ شہد
خالص بقدر حاجت گولیاں بنائیں اور وقت ضرورت کے ایک گولی پیسکر طلا کریں۔ دیگر منزل ص
چھوٹی الائچی کے دانے سہاگہ لونگ عاقرقرحا کافور ہر ایک دو ماشہ باریک کرکے شہد خالص میں
ملا کر گولیاں بناویں اور شہد میں گھسکر طلا کریں۔ عورت منزل ہوجاتی ہے دیگر حب مجلوق کو نہایت
نافع ہے اور نیز مقوی باہ ہے ص دارچینی عاقرقرحا پھکر مول تخم مرچ سنج لونگ پوست بیخ کبر
سفید ہر یک تولہ سب کو باریک کرکے اور شراب دوآتشہ میں کھرل کرکے گولیاں بناویں وقت
حاجت شراب میں گھسکر بدستور حشفہ پر لگاویں اور اوپر سے پان نبگلہ باندھیں اور دو گھڑی کے بعد
کپڑے سے پونچھ ڈالیں اور صحبت کریں اگر دانے پیدا ہوں تو اس پر گھی لگائیں ٭
دیگر واسطے مجلوق کے ص قرنفل الائچی خورد جوزبوا زنجبیل فلفل گرد ہلیلہ بلیلہ آملہ فلفل دراز اسگند
ستاور موصلی سیاہ کافور زعفران مشک خالص افیون خالص تخم حنظل تالمکھانہ خارخسک تخم کونچ
تخم اونگن مساوی کوٹ چھان کر پانی میں بقدر ایک دام کے گولیاں بناویں ایک گولی صبح ایک شام کھاویں
دیگر حب جریان منی کے واسطے مفید ہے ص تخم دھتورہ فلفل گرد ہر ایک چھ ماشہ بقدر فلفل
گولیاں بناویں ہر روز صبح کو ایک تولہ شیرہ بادیان کے ساتھ کھاویں۔ اگر مرض

کہنہ ہو۔ اکیس روز میں شفائے کامل ہوتی ہے دیگر حب مشکل کشا مذی اور ودی کو دفع کرنے
کے واسطے مجرب ہے ص عاقرقرحا جائفل جاوتری۔ دارچینی لونگ اسپند گنجد سیاہ افیون خالص
کوٹ چھان کر شہد خالص میں ملا کر بقدر دو درم کے گولیاں بناویں دیگر حب مغلظ منی و جریان منی
کو نافع ہے ص تالمکھانہ ثمر ببول گل ببول زہور د بہیبند گل فوفل موصلی سیاہ تخم خوفہ ہر ایک
چھ ماشہ خستہ تمر ہندی ۳ تولہ برگد کے دودھ کے تر کر کے سایہ میں خشک کریں گزمازج چھ ماشہ
تخم کاہو نو ماشہ کشنیز خشک چھ ماشہ نبات سفید چھ ماشہ کوٹ چھان کر برگد کے دودھ میں خمیر کرکے
گولیاں بناویں صبح کے وقت گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ کھاویں۔ دیگر حب جریان کے واسطے
بہت مفید ہے ص زرد چوب دو درم مغز خستہ تمر ہندی بریان دو درم آملہ مقشر ۴ دام کوٹ
چھان کر قند سیاہ آٹھ دام میں ملا کر بقدر چھ ماشہ کے گولیاں بنائیں گائے کے دودھ کے ساتھ کھاویں

حریرہ

نہایت مقوی باہ ص مغز بادام مقشر مغز فندق ہر ایک بیس دانے نشاستہ گندم دو تولہ ان
تینوں کا پانی میں شیرہ نکال کر ملایم آگ پر پکاویں نبات سفید بقدر حاجت اور قدرے مسکہ اٹھائے
طبخ میں ڈالیں ثعلب مصری بہمن سفید شقاقل مصری ہر ایک ۲ ماشہ تینوں کو خوب باریک کرکے
داخل کریں یا تینوں کا شیرہ نکال کر شیرہ مذکور کے ساتھ پکاویں دیگر حریرہ نہایت مقوی باہ
ص نشاستہ گندم آرد نخود بریان ہر یک ۴ تولے مغز تخم پیٹھہ ہندی تخم خشخاش سفید ہر ایک
۹ ماشہ مسکہ چھ تولہ شیرہ مغز بادام نبات سفید ہر ایک ۴ تولے روغن زرد چھ تولہ شیر بز سات
تولہ روغن کدو چھ تولہ روغن کاہو ۴ تولہ بدستور مشہور حریرہ تیار کریں دیگر حریرہ مقوی باہ
ص گائے کا دودھ ایک سیر اس قدر جوش دیں کہ تیسرا حصہ جل جاوے بعدہٗ زردہ بیضہ مرغ
چار عدد ڈال کر چمچہ سے چلاتے رہیں اور یہاں تک پکاویں کہ دودھ نصف کے قریب رہ جاوے
نشاستہ سفید سات ماشے روغن گاؤ سات تولہ میں بریان کرکے اس میں ڈالکر چمچہ سے چلاویں
بعدہٗ دارچینی زعفران مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک دو سرخ ثعلب مصری چھ ماشے نبات سفید
بقدر حاجت باریک پیس کر اس حریرہ میں ملاویں۔ اور گلاب ساڑھے تین تولہ اوپر اضافہ
کریں دیگر حریرہ مقوی باہ ص مغز پستہ بہمن سفید بہمن سرخ شقاقل مصری کشنیز خشک

ہر ایک ۲ ماشہ لے کر اُس کا شیرہ نکالیں روغن گاؤ ۵ تولہ گرم کرکے اُس میں ڈالیں جب رقت مائیت جل جاوے نبات سفید شریک کرکے نوش کریں پندرہ روز تک +

دیگر تقویت باہ میں بے نظیر ہے ص ثعلب مصری تخم گذر ہر ایک ۲ ماشہ باریک کرکے شیر گاؤمیش میں جوش کریں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ تا مانند حریرہ کے ہو جاوے آگ سے اُتار کر دارچینی زنجبیل شقاقل بہمنین خولنجان ہر ایک ۲ ماشے باریک کرکے ملا دیں نبات سفید ۲ تولہ داخل کرکے پیویں دیگر نہایت مقوی باہ اگر بعد جماع کے استعمال کریں ضعیف نہو اور جس قدر منی خارج ہو اُس سے زیادہ پیدا ہو ص مغز بادام مغز تخم کشنیز مغز نبولہ ہر یک ۹ ماشہ تخم خشخاش سفید ان سب کا دودھ اور گلاب میں شیرہ نکال کر اور چیان کر یہاں تک پکا دیں کہ غلیظ ہو جاوے بہمن تودری سفید ثعلب مصری ہر یک سات ماشے نبات سفید چار تولہ باریک پیسکر آخر جوش میں ڈالکر اُتار لیں اور سرد کرکے پیویں دیگر یہ حریرہ گرم مزاج کے واسطے بہت مفید ہے ص تخم خیارین دو تولہ تخم خشخاش سفید ایک تولہ خشک مرلے مغز بادام شیریں ہر یک چار ماشہ شیر گاؤمیش میں شیرہ نکالکر گلاب خالص ۵ تولہ ملا کر جوش کریں کہ غلیظ ہو جاوے۔ ثعلب مصری بہمن سفید شقاقل اور تخم شلغم خولنجان ہر یک ماشہ نبات سفید ۳ تولہ باریک کرکے ملا دیں دو تین جوش دیکر نیچے اُتار لیں +

حلوائے

حلوائے زردہ بیضۂ مرغ قوت باہ اور تولید منی میں مجرب ہے ص تخم ہلیون پانچ اوقیہ سیر بھر پانی میں جوش دیں۔ جب دو اوقیہ باقی رہ جاوے اُس وقت صاف کرکے زردہ بیضۂ مرغ ایک عدد شکر سرخ چار اوقیہ ملا کر روغن بادام ایک چھٹانک گرم کرکے داخل کریں اور بطریق حلوہ تیار کریں اور سب کے ساٹھ حصہ کریں ایک حصہ روز کھاویں دیگر حلوائے مخترع حکیم علوی خان صاحب نہایت مقوی باہ ص آرد نخود بریان ڈیڑھ تولہ میدہ گندم ساڑھے سات تولہ روغن گاؤ میں بریان کریں شہد خالص پانچ تولے نبات سفید بقدر حاجت عرق گاؤزبان میں قوام کریں اور دارچینی بوزیدان ہر ایک ساڑھے چھ ماشہ شقاقل بہمنین ہر ایک دو مثقال خولنجان زنجبیل جائفل جاوتری زعفران ہر ایک ۲۳ درم مایۂ شتر اعرابی دو درم ثعلب مصری ۵ تولے مغز پستہ مغز

مغز بادام مغز چلغوزہ مغز حب الخضرا مغز انجگک مغز تخم خربزہ مغز نارجیل ہر ایک یک تولہ عنبر اشہب دو ماشہ ملاویں خوراک ایک تولہ وقت شام دیگر نہایت مغلظ منی حص فوفل آدہ پاؤ کوٹ چھان کر شیر گاؤ تین سیر میں جوش کریں اور کفچہ سے چلاتے رہیں بعد اس کے شکر سفید ایک سیر ملاکر پکادیں کہ قوام ہوجاوے - پس کرمازج عذبہ ہر ایک ۳ تولہ گل سپیاری ۲ تولہ صمغ ڈھاک ۳ تولہ گل بادہ یک تولہ بجیند مغز خستہ تمر ہندی تالمکھانہ صمغ عربی ہر ایک ۲ تولہ کوٹ چھان کر اس میں ملاویں دیگر حلوائے بیضہ معمول حکیم اکمل خاں صاحب ص زردۂ بیضۂ مرغ بیس عدد نبات سفید پچاس مثقال نبات کو عرق پیاز یا عرق بیک مشک میں و یا آب صداوان میں حل کریں بعد اس کے زردۂ تخم مرغ کو حل کریں اور پکادیں کہ مثل تر حلوہ کے ہوجاوے - جا ئفل جاوتری ہر ایک یک مثقال زعفران مشک خالص ہر یک دو دانگ داخل کرکے پانچ مثقال صبح اور تین مثقال وقت شام کھائیں - اگر مزاج سرد ہو تو دونوں وقت ۵ مثقال دیگر حلوہ نہایت مقوی باہ ص شیر گاؤ چار سیر شکر سفید ایک سیر آپس میں ملاکر مثل کھویہ کے پکادیں ستاور کلیجن شقاقل اسگند ناگوری ہر یک ایک تولہ خرما ۱ تولہ تالمکھانہ ۱ تولہ تخم مغز بادام مغز چلغوزہ مغز پستہ چرونجی ہر ایک تین تولہ باریک پیسکر ملادیں خوراک چھ ماشے دیگر حلوائے نہایت مقوی باہ ہے اور مخلوق کے واسطے نہایت مفید ہے ص زردۂ بیضۂ مرغ پچاس عدد کپڑے میں چھانیں گلاب دس تولہ مشک خالص دو حبہ زعفران آدہ ماشہ اس میں ملاویں نبات سفید ایک سیر کا قوام کرکے اس میں ملاویں اور پاؤ سیر مسکہ گائے کا تازہ بتازہ لیں چمچہ میں مسکہ کو داغ کرکے اس پتیلہ میں ڈالیں یہاں تک کہ تمام مسکہ صرف ہوجاوے پس چینی کے برتن میں رکھیں اور بقدر برداشت مزاج ایک ہفتہ میں یا کم زیادہ میں کھاویں - نہایت عجیب الاثر ہے -

دیگر حلوائے مرغ سیاہ واسطے قوت باہ کے مجرب ہے ص گوشت مرغ سیاہ دس عدد سہ چند گلاب کے پکاویں کہ گوشت جل جاوے پس کرپاس سے صاف کرکے شیرہ اس کا لیں اور نبات سفید سہ دفعہ مغز بادام مغز حب الصنوبر مغز پستہ ہر ایک ایک مثقال شقاقل پانچ مثقال سب کو باریک کرکے اس میں داخل کرکے پکاویں کہ مثل حلوہ کے ہوجاوے اور ظرف چینی میں رکھیں ہر روز بقدر چار مثقال تناول کریں دیگر حلوا موچرس نہایت مقوی باہ و سیلان منی کو نافع ہے ص

جائفل جاوتری ہرایک یک دام دارچینی الائچی خورد لونگ ہریک دو دام پختہ سونٹھ پیپل دراز ہریک
ڈھائی تولہ پوست بیخ اونٹ کٹارہ ۔ تالمکھانہ ۔ موصلی سیاہ مجیٹھ گونڈ ڈھاک ۔ مغز تخم اونٹگن ہر
ایک نیم پاؤ ۔ مغز نارجیل مغز چلغوزہ مغز اخروٹ مغز پستہ مغز بادام ہرایک پاؤ سیر آرد موچرس
آرد سنگھاڑہ آرد ماش گوند ببول آرد مغز تخم کونچ نشاستہ گندم شہد خالص ہرایک نیم سیر
روغن گاؤ ایک سیر شیر مادہ گاؤ مصری ہرایک ۵ سیر ورق طلائے ورق نقرہ جس قدر ہوں
اچھا ہے دوائیوں کو باریک کرکے شیر و شکر اور روغن کے ساتھ مثل حلوہ کے پکاویں پس اتار
کر اور سرد کر کے ظرف پاکیزہ میں رکھیں صبح و شام بقدر طاقت توانا کھاویں ۔ دیگر حلوائے
برز تمر ہندی باہ کو زیادہ کرتا ہے اور امساک پیدا کرتا ہے ص تخم تمر ہندی پوست دور کرکے
خوب باریک کریں کہ مثل آرد کے ہوجاوے اور پھر روغن میں بریان کریں اور قند داخل کرکے
حلوہ کا قوام کریں اور آخر میں قدرے جائفل اور جاوتری دارچینی زعفران لونگ باریک کرکے صاف
کریں دیگر نہایت مقوی باہ ص خرما تخم برآوردہ آدہ سیر دو چند شیر مادہ گاؤ میں پکا کے پیسیں اور
نشاستہ گندم نخود ہرایک پاؤ سیر خشک بریان کرکے مخلوط کریں اور آدہ سیر روغن گاؤ میں
سب کو بریان کرکے تین پاؤ شکر سفید کا قوام کرکے حلوہ تیار کریں ۔ مغز بادام مغز فندق مغز چلغوزہ
مغز پستہ مغز اخروٹ ہرایک ۵ تولہ نیم کوفتہ کرکے اس میں ملادیں دیگر حلوائے شکر قند مولد منی و
مغلظ منی ص شکر قند تازہ خشک کریں اور کوٹ چھان کر روغن اور شکر میں حلوہ کا قوام کریں
اور بعضے شکر قند بریان کو شکر اور روغن میں ملا کر حلوہ بناتے ہیں دیگر حلوائے منی کو غلیظ کرتا ہے ۔
ص تخم تمر ہندی مقشر صمغ ڈھاک نشاستہ سفید ہرایک ایک تولہ شکر سرخ تین تولہ روغن گاؤ
۴ تولہ روغن کو گرم کرکے نشاستہ کو اس میں بھونیں پھر تخم تمر ہندی اور گوند پیسکر اسمیں
ملا کر حلوہ تیار کریں خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک دیگر حلوہ زرد بیضہ مرغ نہایت مقوی باہ
مغز پنبہ دانہ پاؤ سیر عرق پیاز پاؤ سیر زردہ بیضہ مرغ ۳۰ عدد ۔ بادام آدہ پاؤ موصلی سفید موصلی
سیاہ ہریک یک چھٹانک اول پنبہ دانہ کو بریان کرکے مغز نکالیں ۔ بعدہ ستاور او موصلی کا
سفوف کریں اور نشاستہ کو روغن گاؤ میں بریان کرکے جملہ ادویہ معہ زردی بیضہ مرغ و قند سفید
ڈھائی سیر داخل کرکے حلوہ تیار کریں اسکے استعمال سے نامرد بھی مرد ہوجاتا ہے دیگر حلوہ بیضہ مرغ

نہایت مقوی باہ ھ فی بیضہ مرغ تعداد دو درم شکر سفید اور دو درم روغن زرد لے کر سب کو ایک جا کر کے
خوب لت کریں اور آگ پر رکھیں اور چلاتے رہیں کہ پک جاوے اور گھی کو چھوڑ دے۔ سرد کر کے
کھاویں دیگر حلوائے بیضہ مرغ نہایت مقوی باہ ہے ص زردہ تخم مرغ ۲۰ عدد کو پاؤ سیر روغن زرد
میں بریان کریں۔ بعد اس کے قند سفید آدھ سیر ڈالکر قوام کریں۔ اور آگ سے اتار کر شقاقل مصری
مغز اخروٹ ثعلب مصری بہمن سفید بہمن سرخ تخم اوٹنگن تخم ترب تخم گزر ہر ایک ۶ ماشہ مصطگی اور
طباشیر کبود ہر ایک ۳ ماشہ مغز پستہ مغز بادام شیریں مغز چلغوزہ ہر ایک دو تولے باریک
کر کے ملاویں اور اوپر سے زعفران خشک ۳ ماشہ پیس کر ملاویں دیگر حلوائے بیضہ مرغ واسطے تقویت باہ
اور تولید منی کے مجرب ہے ص چاول کا آٹا آدھ سیر سیر بھر گائے کے گھی میں بھونیں انڈے کے
زردی پچاس عدد ملا کر لت کریں شہد خالص اس میں ملا کر قوام کریں پھر مصطگی اندرجو جاوتری
بالچھڑ درونج عقربی بہمن سفید بہمن سرخ موصلی سیاہ موصلی سفید مغز تخم کونچ جائفل تخم اوٹنگن تخم
گزر ہر یک نیمدام ثعلب مصری ۲ دام تودری سرخ تودری زرد ہر ایک نیمدام کوٹ چھان کر اسمیں
ملائیں بعد اس کے مشک خالص ایک درم زعفران نیمدام باریک پیس کر اسمیں ملائیں دیگر حلوائے
بیضہ مرغ تولید منی اور قوت باہ میں بہت مجرب ہے ص زردہ بیضہ مرغ آب پیاز سرخ عسل خالص
ہر سہ برابر سب کو ملا کر حلوہ بنا کر کھاویں۔ اور اسی طریق سے چالیس روز تک بنا کر کھایا کریں۔
ترشی و جماع سے پرہیز کریں دیگر حلوائے نخود نہایت مقوی باہ ہے ص بھنے ہوئے چنوں کا آٹا آدھ
پاؤ انڈے کی زردی ۱۲ عدد جوش دیئے ہوئے دونوں کو ۳ چھٹانک گھی میں خوب سرخ کریں اور ڈیڑھ
پاؤ شہد خالص ملا دیں۔ بعد ازاں مغز بادام ۴ تولہ مغز چلغوزہ مغز نارجیل ہر ایک دو تولے۔
مغز پستہ ایک تولہ آمیز کر کے صبح کے وقت ایک چھٹانک تناول کریں۔ دیگر قوت باہ اور امساک
میں بے نظیر ہے ص زردہ تخم مرغ چار عدد مغز نارجیل تخم ترب نصف بریان نصف خام ہر ایک
ایک تولہ بزر البنج سفید ڈیڑھ تولہ عسل خالص دو تولہ اول زردی کو قلعی دار برتن میں آگ پر رکھیں
جب وہ گاڑھی ہو جاوے۔ اس وقت جملہ ادویہ کا سفوف ملائیں۔ بعد عسل خالص ملا کر اوتار
رکھیں۔ نصف صبح و نصف شام جماع سے چار گھڑی قبل کھاویں اس قدر قوت باہ اور
امساک ہوتا ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ دیگر حلوائے انبہ مقوی باہ ہے۔ اور تولید منی میں

ازحد مجرب ہے ص شیرہ انبہ پختہ شیریں تین سیر شکر سفید ایک سیر روغن گاؤ آدہ سیر شیر گاؤ
ایک سیر عسل خالص پاؤ سیر سب کو ملاکر قوام کریں اور زنجبیل بہمن سرخ بہمن سفید موصلی سیاہ موصلی
سفید ستاور ہر ایک چار تولہ دار فلفل خولنجان سافج ہندی ہر ایک چھ ماشے ثعلب مصری مغز
بادام چوب چینی مغز تخم خربزہ شقاقل مصری آرد سنگھاڑہ خرما ہر یک چار تولہ سفوف کرکے ملائیں اور
بقدر دو تولے صبح و شام کھاویں دیگر حلوئے گاجر نہایت مقوی باہ ص ایک سیر گاجر سرخ رنگ
پوست و استخوان سے پاک کر کے لیں چھوارہ فربہ کی گٹھلی دور کرکے آدہ سیر لیں اور گائے کے دودھ
میں پکاویں کہ گلجاوے۔ پس لکڑی کی اوکھلی میں کوٹیں کہ مثل مرہم کے ہوجاوے بعد اس کے
گیہوں کا میدہ اور بھنے ہوئے چنوں کا آٹا ہر یک پندرہ درم قدرے روغن میں بریاں کریں اور قند سفید
ایک سیر شہد خالص آدہ سیر کا قوام کرکے گاجر اور چھوارہ اسمیں مخلوط کریں دو تین جوش دیکر
آگ سے اتار لیں پھر مغز سر گنجشک خانگی ۴۰ عدد داخل کریں اور آپس میں ملاویں بعد اس کے مغز
فندق۔ مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز نارجیل ہر ایک دس درم ثعلب مصری کشنیز خرما خشک
ربے دارچینی۔ سونٹھ خولنجان ہر ایک تین درم زعفران مشک خالص ہر ایک یک درم باریک کرکے
اس میں ملاویں صبح کے وقت دس درم پاؤ سیر دودہ کے ساتھ کھاویں دیگر حلوائے گاجر ص گاجر
سرخ رنگ ایک سیر پوست و استخوان سے پاک کرکے چھوارہ آدہ سیر گٹھلی نکالکر دونوں کو ایک سیر دودہ
میں اس قدر جوش دیں کہ خوب گداز ہوجاوے۔ بعد ازاں آدھ پاؤ بھنے ہوئے چنے کا آٹا گھی
میں سرخ کرکے علیحدہ رکھ لیں مصری دو سیر شہد خالص آدہ سیر کا قوام کرکے اول اسمیں چنے کا دو چھٹانک
آٹا خوب آمیز کریں بعدہٗ گاجر وغیرہ ملاکر جوش دیں مگر قوام پتلا رکھیں زاں بعد مغز فندق مغز بادام
مغز چلغوزہ مغز نارجیل ہر ایک تین تولہ مغز پستہ دو تولہ سونٹھ ثعلب مصری دارچینی پان کی جڑ
ہر یک ۹ ماشہ زعفران مشک خالص ہر ایک ۳ ماشے گلاب میں حل کرکے ملاویں ہر روز ۳۔ ۴ تولہ دودہ
کے ساتھ کھاویں دیگر مقوی باہ ص مغز زردک آدہ سیر مغز سیب و بہی کا مغز۔ مغز ناشپاتی ہر یک
یک چھٹانک گاجر کے پانی میں جوش کریں کہ گلجاوے میدہ گندم پاؤ سیر روغن مسکہ ڈیڑھ پاؤ قند سفید
تین پاؤ ملاکر بدستور حلوہ تیار کریں اور مغز بادام تین تولہ مغز پستہ ایک تولہ مغز نارجیل دو تولہ باریک
کرکے اثنائے طبخ میں ملاویں مشک خالص چار سرخ زعفران تین سرخ اضافہ کریں ✤

ان امر حق
کا حال
سے نجات
قوم
تجلی الاعلیٰ
سبب
ہزاروں
جانیں
ہوئی ہیں
اور ایک
دو تین
بچوں کے
بیٹھے ہیں
کا
لیں
جو
اشکال
بے
عمدہ طور
کیا
کی ہے
ایک
دیکھی

دیگر یہ گاجر کا حلوہ نہایت مبہی ہے ص گاجر سرخ رنگ پوست و استخوان سے پاک کریں
ڈیڑھ سیر خرما گٹھلی نکالکر ان دونوں کو ڈھائی سیر گائے کے دودھ میں جوش کریں کہ خشک ہو جاوے
پس لکڑی کی اوکھلی میں کوٹیں کہ مثل مرہم کے ہو جاوے بعدہٗ گیہوں کا میدہ بھنے ہوئے چنوں
کا آٹا ہر ایک ستاون درم دونوں کو گھی میں بھونیں پس قند سفید آدھ سیر شہد خالص پاؤ سیر قوام
کرکے گاجر اور چھوارہ اس میں مخلوط کرکے دو تین جوش دیکر آگ سے اتاریں پھر مرغ کے انڈے کی
زردی بیس عدد جوش دیکر ممزوج کریں بعدہٗ مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز فندق مغز نارجیل
ہر ایک پانچ درم شقاقل مصری گیارہ درم دارچینی خولنجان ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ چھان کر انہیں
ملا کر قوام سرد ہونے کے بعد مشک خالص زعفران ہر ایک یک ماشہ گلاب میں پیس کر ملائیں
دیگر آب افشردہ گزر تین سیر شکر سفید ایک سیر میں قوام کرکے مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز
اخروٹ مغز بادام مغز فندق چرونجی ہر ایک ۵ تولہ پیس کر روغن گاؤ میں ملا کر حلوا تیار کریں۔
دیگر نہایت مقوی باہ ص گزر مصفے دو سیر شلغم مصفے دو سیر خرما و مویز تخم برآوردہ کشمش
سبز ہر ایک پاؤ سیر شیر گاؤ میں پکا کر خوب پیسیں اور تین پاؤ روغن زرد میں بریاں کرکے قوام قند سفید
ایک سیر کا شامل کریں دیگر حلوائے ماش واسطے تغلیظ منی اور انجماد منی کے نافع ہے ص دال ماش
مقشر گائے کے تازہ دودھ میں تر کریں۔ جب کہ دودھ جذب ہو جاوے سایہ میں خشک کریں
پھر موصلی سیاہ تخم تمر ہندی مثل چنوں کے بریاں کرکے مقشر کریں آرد سنگھاڑہ ہر ایک برابر
سفوف کرکے رکھیں ہر صبح بقدر دو دام لیکر روغن زرد شکر سفید ہر یک دو دام بدستور
حلوہ کا قوام کریں۔ ہر روز تازہ کھائیں دیگر حلوائے سمنک نہایت مقوی باہ ہے ص مغز زردک
سرخ رنگ ۳ پاؤ مربائے سیب مربائے بہی مربائے ناشپاتی ہر یک چھٹانک مربائے ادرک ۳ تولہ
سب کو کوٹ کر گاجر کے پانی میں آدھ سیر اور شیر گاؤ ایک سیر میں جوش دیں کہ گل جاوے پس ملکر صاف
کریں میدہ گندم پاؤ سیر کو روغن مسکہ ایک سیر تازے میں بریان کریں اور سب کو قند سفید ایک سیر
بقوام میں ملاویں۔ مغز بادام شیریں ۵ تولہ مغز فندق مغز پستہ مغز نارجیل مغز چلغوزہ مغز حب
الخضرا ہر ایک دو تولے۔ سب کو باریک کرکے اس میں ملاویں۔ اور کفچہ مارتے رہیں۔ تاکہ روغن
کو چھوڑ دے۔ بعدہٗ مندرجہ ذیل ادویہ ملائیں ؛

بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک نو ماشہ شقاقل مصری ایک تولہ ثعلب مصری دو تولہ دارچینی
جاوتری۔ جائفل ہر ایک ۱۰ ماشہ ستاور موصلی سیاہ موصلی سفید ہر یک تولہ کوٹ چھان کر
اس میں ملاویں بعد اس کے عنبر اشہب ۳ ماشے مشک خالص دو ماشے زعفران چھ ماشہ تھوڑے
گلاب میں ملا کر حل کریں دیگر نہایت مفید بارہا تجربہ میں آیا ہے ص آرد نخود پاؤ سیر روغن گاؤ
سیر میں بریان کریں۔ جس وقت بریان ہو جاوے۔ شیر گاؤ ایک سیر شہد خالص آدہ پاؤ قند سفید
پاؤ سیر داخل کریں اور حلوہ تیار کریں اور دو تولہ نہار نوش کریں دیگر حلوہ نہایت مقوی باہ در
سنی کو مفید ہی ص میدہ گندم ۱۵ تولہ آرد نخود دس تولہ دونوں کو روغن گاؤ میں بریان کریں
شہد خالص آدہ سیر آب گاجر آب نیشکر میں قوام کر کے میدہ مذکورہ بالا میں ملاویں اور حلوہ بنا
دانہ الائچی سفید شقاقل مصری مصطگی تودہ پٹھانی بیخ سنبل تودری سفید تودری زرد تودری سرخ
عاقر قرحا بہمن سفید بہمن سرخ کہلا کہلی موصلی سفید موصلی سیاہ موصلی دکھنی خولنجان جائفل۔ مغز
بادام مغز چلغوزہ نارجیل تخم خشخاش مغز پستہ مغز اخروٹ ہر یک یک تولہ ثعلب مصری۔ دارچینی
جاوتری ہر یک ۶ ماشہ مشک خالص ۳ ماشہ مغز تخم تمر ہندی آدہ پاؤ سب کو بدستور سابق
چھان کر حلوہ میں ملاویں اور بقدر مناسب کھاویں دیگر حلوائے نہایت مقوی باہ ص آرد سنگ
پاؤ سیر روغن مسکہ پاؤ سیر میں بریان کریں مربائے ہلیلہ مربائے سیب ہر یک یک چھٹانک مربا
بہی مربائے ناشپاتی ہر یک ۲۱/۲ تولہ پانی میں دھو کر پیسیں قند سفید پاؤ سیر آب انارین دو
آب گذر آدہ پاؤ ملا کر دیگچی قلعی دار برتن میں ڈالکر آگ پر رکھیں اور قوام کریں اور میدہ بریان
میں ملاویں اور حلوہ تیار کریں۔ تالمکھانہ موصلی سیاہ موصلی سفید موصلی سینبل صمغ عربی بشاد
سینبل خار خسک خورد ابریشم مقرض طباشیر کبود تخم خشخاش سفید کہربائے شمعی بسد احمر تخم بلیلہ شقاقل
مصری مغز تخم خربزہ ہر ایک چھ ماشہ گل پستہ اندر جو ہر ایک چار ماشہ آملہ مقشر مغز تخم خیارین
۹ ماشہ باریک کر کے اسمیں ملاویں اور کفچہ سے ہلاتے رہیں بعد اس کے مغز بادام مغز پستہ
ہر ایک دو تولے بطریق ہوائی اس میں داخل کریں اور ظرف چینی میں رکھیں دیگر حلوائے ثعلب
ص آرد نخود بریان دو تولہ میدہ گندم ۲۱/۲ تولہ روغن گاؤ میں بریان کریں عرق کیوڑہ عرق
مشک قند سفید میں حل کر کے قوام کریں برادہ ثعلب مصری سات تولہ دارچینی ڈیڑھ تولہ مشک خالص

عنبر اشہب ڈیڑھ ماشہ داخل کریں خوراک ۵ مثقال دیگر حلوائے چوب چینی جس کسی کو بعد عارضہ آتشک کے ضعف باہ ہو مفید ہے ص آرد گندم آدہ سیر روغن گاؤ پاؤ سیر روغن کنجد سفید پاؤ سیر میں بریان کریں چوب چینی بارہ تولے اندر جو ثعلب مصری شقاقل مصری دارچینی خولنجان سعد کوفی بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ سفوف کرکے مخلوط کریں شکر سفید تین پاؤ کا قوام کرکے شامل کریں۔ مغز چلغوزہ مغز پستہ مغز بادام ہر ایک چار تولہ بطریق ہوائی اسمیں داخل کریں دیگر نہایت مبہی ... دارچینی سونٹھ تخم جرجیر تخم خشخاش سفید ہر ایک ایک تولہ آرد نخود پاؤ سیر روغن زرد پاؤ سیر بدستور حلوہ تیار کریں اور خوراک ۹ ماشہ ہر روز کھاویں دیگر نہایت مقوی باہ ص مربائے انناس مربائے ناشپاتی مربائے ہلیلہ ہر یک ۵ تولہ گرم پانی میں دھوکر عرق کیوڑہ میں پیسیں اور پارچہ بیز کریں اور قند سفید پاؤ سیر ملا کر قوام کریں۔ طباشیر کبود سات ماشہ جائفل جاوتری ہر ایک ۳ ماشہ بالچھڑ ... ماشہ صندلین ایک تولہ شقاقل مصری دارچینی صمغ عربی بریان گل سیوتی دانہ الائچی خورد تخم خرفہ بریان ہر ایک ۷ ماشہ باریک کرکے قوام میں ملاویں ورق نقرہ چھ ماشہ ورق طلا ایک ماشہ زیادہ کریں عنبر اشہب کافور ہر ایک ایک ماشہ اضافہ کرکے حلوہ تیار کریں دیگر حلوائے سنگھاڑہ منی کو غلیظ کرتا ہے۔ سنگھاڑہ خشک کو پیس کر شکر اور روغن کے ساتھ حلوہ بناویں دیگر حلوہ مغلظ و مقوی باہ ص شیر گاؤ آدہ سیر آتش نرم میں جوش کریں سپاری ۴ تولہ کوٹ چھان کر اس میں ڈالیں اور کفچہ سے ہلاتے رہیں تاکہ خوب پک جاوے۔ بعدہ شکر و شہد ملا کر قوام کریں پھر آگ سے اتار کر مائین خورد و مائین کلاں ہر یک ۶ ماشہ گل سپاری ڈیڑھ تولہ صمغ عربی دو تولہ زعفران دو ماشہ نشاستہ سفید دارچینی ہر ایک چار ماشہ موصلی سیاہ موصلی سفید ہر یک ۶ ماشہ مصطگی ۳ ماشہ کوٹ چھان کر ملائیں دیگر حلوائے منی کو زیادہ کرتا ہے ص نشاستہ سفید گوند ببول ہر یک تولہ مغز بادام دو تولہ روغن گاؤ چار دام مصری دو دام بدستور حلوہ بناویں دیگر حلوائے مقوی باہ ص مغز تخم خرپزہ تخم جرجیر ہر یک یک جزو مغز چلغوزہ دو جزو کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں بریان کریں اور ... دار فلفل اور سونٹھ بھی ڈالیں اور شہد خالص کا قوام کرکے اس میں ملائیں اور بعض دفعات شقاقل بھی ڈالتے ہیں دیگر نہایت مقوی باہ ص پیاز کہنہ یا نو کہ خام ہو نخود بریان مقشر روغن زرد شکر تری ہر ایک پاؤ سیر اول پیاز کو گل حکمت کرکے خاکستر گرم میں رکھیں

جب کہ بریان ہوجاوے روغن میں بریان کریں بعد اس کے آرد نخود کو روغن میں بریان کریں بعد
اس کے شکر تری ڈال کر رکھ چھوڑیں خوراک دو تولہ دیگر نہایت مقوی باہ ص مغز بادام شیرین
مغز اخروٹ مغز فندق مغز پستہ کنجد سیاہ شاہدانہ مغز حب الزلم مغز نارجیل مقشر مغز چلغوزہ
ہر ایک دو تولے روغن گاؤ قند سفید ہر یک پاؤ سیر بدستور حلوہ تیار کریں دیگر نہایت مقوی باہ
ص عاقر قرحا لونگ جائفل سمندر سوکھ کبابہ خنداں چوب چینی گھونگچی سفید بزر البنج سفید موچرس
تخم تلسی دارچینی مصطگی ہر یک یک تولہ روغن گاؤ ۵ تولہ شہد خالص پاؤ سیر بدستور حلوہ تیار کریں
۲ ماشہ ہر روز نوش کریں دیگر نہایت مقوی باہ ص موصلی سیاہ موصلی سفید موصلی سیمل
بہمن ہر یک ۵ تولہ تخم اوٹنگن تین تولہ مغز کدو بیدانہ صمغ عربی ثعلب مصری مغز تخم تمر ہندی
بریان مغز تخم بہیٹہ ہندی السی الائچی خورد سبوس اسپغول تخم خشخاش سیاہ تخم خشخاش سفید
عود خام زہر مہرہ خطائی ہر ایک ۲ تولے سنگجراحت دو تولہ طباشیر کبود ایک تولہ بیخ مرجان ابریشم مقرض
ہر یک دو تولہ برگ ببول گل ببول ہر ایک ۵ تولہ مویز منقے ساڑھے دلنے سب دوائیوں کو کوٹ چھان
دو چند قند سفید کا قوام کرکے حلوہ تیار کریں اور ایک تولہ ہر روز کھائیں دیگر واسطے کثرت دودھ
اور مذی کے مجرب ہے ص زرد چوب ایک جزو آرد گندم قند سفید روغن گاؤ ہر ایک تین جزو اول
روغن میں گاؤ کے بریان کریں اور پکا دیں کہ مثل تر حلوے کے ہوجائے پس زرد چوب بریان کو
کوٹ چھان کر داخل کریں ہر روز چار مثقال تناول کریں دیگر حلوائے سنگھاڑہ نہایت مقوی
ہے ص میدہ سنگھاڑہ پاؤ سیر بسباسہ قرنفل دارچینی تیز پات زعفران الائچی کلاں فلفل سیاہ
ہر یک یک تولہ سفوف کرکے اول میدہ سنگھاڑہ کو روغن گاؤ میں ۵ تولہ خوب بریان کریں
بعد ازاں اجزائے مذکورہ مع شیر گاؤ آدھ سیر کے قند سفید ایک سیر شریک کرکے بدستور حلوہ
کریں ۹ ماشے ہر روز تناول کریں دیگر نہایت مقوی باہ ص عسل خالص پیاز کا پانی ہر ایک
۵ سیر ایک جا کرکے آتش نرم پر پکا دیں قوام کرکے ہر روز تین درم کھائیں۔ دیگر نہایت مقوی
باہ ص خولنجان بہمن سرخ بہمن سفید تودری سرخ تودری زرد گل دھاوہ اسگندھ ناگوری
زنجبیل دارچینی کبابہ برگ تنبول قرنفل ہر یک چھ ماشے مغز چلغوزہ مغز بادام شیریں
مغز پستہ۔ مغز نارجیل مغز فندق جملہ مغزیات دو تولہ روغن زرد پاؤ سیر شہد خالص

آدہ پاؤ قند سفید پاؤ سیر داخل کر کے بدستور حلوہ تیار کریں۔ اور ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ پاؤ سیر
نوش کریں دیگر مغلظ منی و مقوی باہ ؏ تالمکھانا۔ تخم اوٹنگن۔ بیجبند بھوپھلی اشنہ موصلی سفید موصلی
سیاہ۔ پوست درخت مولسری۔ صمغ سہجنہ سپاری چہالیہ سنگھاڑہ خشک گل سینبل۔
مغز اخروٹ ستاور۔ کتیرا سفید بہمن سفید۔ شقاقل مصری ہر یک چھ ماشہ۔ تخم مروالی دانہ الائچی
خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ گزمازج۔ عذبہ۔ گل سپاری۔ گل لپتہ۔ گل دہاوہ۔ موصلی سینبل تجر قلمی
سمندر سوکھ۔ دار فلفل مازو سے سبز ہر ایک چار ماشہ۔ اندر جو دو ماشہ۔ ثعلب مصری صمغ
سینبل۔ مغز نارجیل۔ مغز بادام۔ صمغ ببول۔ چرونجی۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ ہر یک یک تولہ خستہ
تمر ہندی پھلی ببول ہر یک ۵ ماشہ میدہ گندم مسکہ تازہ ہر یک آدہ پاؤ۔ شکر سفید ایک سیر بدستور حلوہ بنائیں

خاگینہ

یہ خاگینہ نہایت مقوی باہ ہے۔ ؏ بیضہ ماہی تازہ ۳ تولہ زردہ تخم گنجشک دس عدد زردہ
تخم مرغ سات عدد زردہ تخم کبوتر ۵ عدد مغز سر ماہی روہو دو تولہ مغز سر گنجشک نر ۵ عدد مغز سر کبوتر
سات عدد مغز سر طوان یک عدد روغن گاؤ ڈیڑہ پاؤ۔ پودینہ سبز گشنیز خشک بریان ہر
یک چھ ماشہ قرنفل ایک ماشہ آرد نخود ایک چھٹانک۔ مغز بادام شیریں ایک تولہ نمک
پیاز بقدر ذائقہ فلفل سیاہ ایک تولہ آب گذر ایک چھٹانک آب سیب ۳ تولہ۔ آب بہی
دو تولہ۔ دارچینی دہ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ بدستور خاگینہ بناویں۔

دیگر۔ نہایت مقوی باہ ؏ دارچینی نیم درم زردہ تخم مرغ دس عدد روغن گاؤ۔ بیس درم شکر
سفید ۳۰ درم نیمبرشت کر کے کھاویں۔ اگر سرد مزاج ہو۔ تو بجائے شکر کے شہد ڈالیں

دیگر نہایت مقوی باہ ؏ زردہ تخم مرغ زردہ تخم کبوتر ہر یک بیس عدد میدہ ایک کف سب
مخلوط کر کے قدرے نمک اور ایک مثقال دارچینی پیس کر داخل کر کے روغن گاؤ میں نیمبرشت کریں
اور نیمگرم کھاویں۔ دیگر خاگینہ پیاز دس درم ورق ورق کر کے روغن گاؤ اور آب زردک میں پکا دیں
جبکہ سرخ ہو جاوے۔ تخم کبوتر تخم مرغ ہر ایک بیس عدد داخل کر کے نیمبرشت کریں اور اس
پر نیم درم خولنجان اور ایک دانگ۔ نمک سقنقور چھڑک کر کھاویں۔ دیگر
زردہ تخم مرغ دس عدد گوشت بز نوجوان آدہ پاؤ۔ آب افشردہ پیاز

تراشیدہ پاؤ سیر دیگر مصالحہ و نمک بقدر مناسب ڈالکر روغن گاؤ میں بریان کریں - دیگر
بیضہ کبوتر بیس عدد و بیضہ گنجشک خانگی دس عدد تراشیدہ پیاز آدہ پاؤ نمک مصالح ڈال کر روغن
گاؤ میں بریان کریں دیگر زردہ تخم مرغ ۵ عدد پیاز تراشیدہ پانچ تولہ سفوف کرکے دارچینی دو تولہ
مصالحہ ملاکے روغن گاؤ میں بریان کریں ❊

خمیرہ

یہ خمیرہ اُس ضعف باہ کے واسطے کہ جس کا سبب ضعف دماغ و قلب ہو مفید ہے ؎ گل گاؤزبان
برگ گاؤزبان کشنیز خشک ابریشم مقرض بہمن سفید تخم بالنگو صندل سفید تخم خرفہ تخم کشک
ہر یک یک تولہ جملہ ادویہ کو نیمکوب کرکے رات کو پانی میں بھگوکر صبح کو جوش کریں جب نصف
پانی باقی رہے صاف کرکے شکر سفید ڈیڑہ تولہ ملاکر قوام کریں اور قوام میں عنبر اشہب دو
ورق طلا ۶ ماشہ ورق نقرہ تولہ بھر عرق گاؤزبان عرق کیوڑہ داخل کرکے تیار کریں اور
ساڑھے ۴ ماشہ صبح کو کھایا کریں دیگر خمیرہ ابریشم یہ خمیرہ اُس ضعف باہ کے واسطے کہ جس کا
سبب ضعف قلب ہو مفید ہے ؎ ابریشم خام پانچ تولے ایک رات دن آب باران میں کر
کو اکیس مرتبہ چاندی سے بجھایا ہو بھگودیں اور صبح کو جوش کرکے صاف کریں عرق گاؤزبان عرق
نیلوفر ہر یک پاؤ سیر نبات سفید سہ وزن ادویہ ملاکر قوام کریں فرو اخر قوام میں عنبر اشہب ۹ ماشہ زہر مہرہ
۲ ماشہ داخل کرکے تیار کریں اور بقدر ساڑھے ۳ ماشہ کے صبح کو کھادیں دیگر جو جبل جماع کے دو ساعت
پہلے کھادیں امساک کرتا ہے اور سرعت انزال کو مفید ہے ؎ پوست خشخاش نیمکوفتہ پاؤ سیر سات سیر
میں جوش کریں جبکہ ثلث باقی رہے صاف کریں پس نبات سفید آدہ سیر ڈال کر خمیرہ کا قوام
بعد اس کے آگ سے اتار کر زنجبیل جوزبوا ہر ایک دو درم لونگ خالص یک درم زعفران ۵ درم کوٹ چھانکر داخل کر
خمیر کرکے ظرف چینی میں رکھیں ❊

حرف الدال

دوا ء المسک حار - اُس ضعف باہ کے واسطے کہ جو ضعف قلب سے ہو مفید ہے ؎ زرنب
درونج عقربی مروارید ناسفتہ کہربا بسّد احمر ہر ایک دس درم ابریشم مقرض ۶ درم بہمن
بہمن سرخ سنبل الطیب ساذج ہندی الائچی سرخ قرنفل ہر ایک پانچ درم بہشتہ - دار فلفل

زنجبیل ہر یک چار درم مشک تین درم شہد خالص برابر بدستور قوام کریں +
دواء المسک بارد مقوی باہ ۴ مروارید ناسفتہ کہربا بے شمعی ہر ایک ایک مثقال ابریشم مقرض
مثل طباشیر سفید گل سرخ کشنیز خشک تخم کدو گل گاؤزبان مشک خالص عنبر اشہب ہر یک دو
مثقال رب سیب ۲۵ مثقال قند سفید ۵ مثقال بدستور قوام کریں اور ساڑھے ۴ ماشے صبح کو
کھایا کریں دیگر نہایت مقوی باہ ۴ ثعلب مصری طباشیر سفید گلسرخ صندلین تودرین پوست
ترنج ابریشم خام بسباسہ زعفران مشک خالص ہر یک ۳ ماشہ سنبل الطیب بہمن سرخ الائچی
خورد الائچی کلاں قرنفل ہر ایک ڈیڑھ تولہ گاؤزبان کہربا بے شمعی کشنیز خشک بد احمر ہر ایک چار
ماشہ ساذج ہندی دوالہ زرنباد ہر یک یک ماشہ دارچینی عنبر اشہب دو تولہ گلاب عرق بید
مشک ہر ایک پاؤ آثار ورق طلا ایک ماشہ ورق نقرہ چار ماشہ شہد خالص نبات سفید
سہ چند بدستور قوام کریں دیگر دواء المسک امر باہ میں عجیب و غریب ہے ۴ مروارید ناسفتہ
کہربا بے شمعی بسد احمر ابریشم مقرض زرنباد درونج عقربی ہر ایک یک مثقال بہمنین سنبل الطیب
ہر یک تین درم الائچی کلاں قرنفل ساذج ہندی اشنہ ہر ایک یک درم جند بید ستر یک
درم دار فلفل زنجبیل ہر یک نیم درم مشک خالص نصف درم باریک کرکے شہد خالص میں معجون
بنائیں۔ خوراک ایک مثقال تناول فرمائیں قوت اس کی تین سال تک باقی رہتی ہے +

دوائیں

نہایت مقوی باہ ۴ ایک بیضہ مرغ لے کر اس کا سر توڑ کر ساڑھے ۵ ماشہ سپند سوختنی باریک
کرکے اسی بیضہ میں بھر کر آہستے آگ پر رکھکر گرم کریں اور موسم سرد میں سات روز کھلا دیں
مقدار خوراک ۵ بیضہ تک دیگر دوا نہایت بہی ۴ بیضہ مرغ تین عدد نیم برشت کرکے قدرے
نمک و فلفل و فلفل دراز کوٹ کر اس پر چھڑک کر ایک ہفتہ تک کھا دیں دیگر نہایت مقوی باہ
۴ زردہ بیضہ مرغ چار عدد شہد خالص مساوی دونوں کو باہم لت کریں اور آگ پر رکھیں۔
جبکہ پختہ ہو جاوے اوتار کر موچرس چار ماشہ قضیب گاؤ خشک سوہان کردہ دو ماشہ زعفران
۴ سرخ مشک خالص ۲ سرخ باریک کرکے ملائیں۔ اور ایک ہفتہ تک کھا دیں۔ دیگر دوا ۴

بچہ مرغ کو کہ نر ہو۔ اور جفتی نہ کھائی ہو۔ آٹا گیہوں کا گھی میں ملا کے گولی کر کے چودہ روز کھلا دیں
کہ خوب موٹا ہو جاوے۔ ہڑتال طبقی ایک تولہ لے کر اکیس حصہ کریں ایک حصہ ماش کے آٹے میں
ملا کر جوار کے برابر گولی باندھیں۔ اور ایک گولی اُس کو کھلا دیں۔ اور سوائے آرد ماش کے اور جوار کے
کچھ نہ دیں۔ اور پانی دینے کے خبر گیراں رہیں کہ پیاسا نہ رہے بعد اکیس روز کے ذبح کر کے آلائش
پاک کر کے سیر بھر گائے کے گھی میں دم پخت کریں بعد اس کے شہد خالص کسی ظرف چینی میں اس قدر
بھریں۔ کہ مرغ دم پخت کو چھپا لیوے۔ سات روز تک زمین میں دفن رکھیں پھر نکال کر کھلا دیں۔ اگر واسطے
خوشبو کے دارچینی ملا دیں مضائقہ نہیں۔ اور وقت کھانے کے ترشی اور بادی سے پرہیز
کریں۔ غذائے مرغن کھاویں اور اُس وقت تک کہ مرغ کو دوا کھلائی جاوے۔ درمیان میں
اگر آواز دے۔ اُسی روز ذبح کر کے کام میں لاویں۔ غرض یہ ہے کہ اکیس روز تک اگر مرغ
زندہ رہے۔ اور تمام ہڑتال کو کھا لیوے تو بہت مفید ہے۔ اور بہتر یہ ہے کہ چار مرغ تیار کریں
کہ شاید اس عرصہ میں مر جاوے۔ تو ترکیب نسخہ کی ناتمام رہیگی۔ دیگر دوا اگر مدت سے بیکار ہوا ہو تو
نہایت مفید ہے۔ ص گھوڑے کا بچہ کہ اسی وقت پیدا ہوا ہو۔ اُس کا منہ کھول کر کپڑا اُس کے
کف میں تر کر کے خشک کریں۔ اور رکھ چھوڑیں۔ وقت حاجت کے اُس مقدار کو کہ قضیب پر
لپٹ جاوے لے کر اپنے منہ کے لعاب میں تر کر کے ذکر پر لپیٹیں۔ بعد چند ساعت کے جماع میں
مشغول ہوں۔ دیگر نہایت مقوی باہ ص چڑے چالیس عدد لے کر صاف کر کے گھی میں بریان کریں
اور شہد اُس کے موافق لے کر پکا کر اُن چڑوں کو اس میں محلول کر رکھیں۔ سونے کے وقت ایک
مع شہد کے کھلا دیں۔ دیگر دوا نہایت مفید ص ایک سو انڈے لے کر جوش کریں۔ بعدہ پوست دور
کر کے ایک جار رکھیں۔ اور اس میں یہ اجزاء ملائیں۔ قرنفل فلفل دراز ہر ایک دس درم۔ زعفران
پانچ درم۔ زیرہ سفید دو درم۔ دانہ الائچی خورد پانچ درم۔ ان سب کو باریک کر کے رکھیں۔ اور تھوڑا
سا میدہ گندم لے کر گوندھیں اور اُس کے سموسے بنا کر زردی و سفیدی مع اجزاء اس میں
بھر کر گائے کے مسکہ میں تلے ایک سموسہ ہر روز جاڑوں میں کھایا کریں۔ دیگر دوا ص روز یک
شنبہ بیخ سنبھالو ہاتھ میں لے کر جماع کریں۔ دیگر بروز یکشنبہ گھوڑے کے دم کے بال
کے دُم کے بال زرد کوڑی میں سوراخ کر کے ان دونوں بالوں کو اس میں ڈال کر بازوے راست

باندھیں اور عورت کے پاس جاویں۔ انزال نہوگا۔ دیگر دوا ممسک ھ دل ہد ہد خشک کرکے شکر
ملاکر کھاویں۔ شہوت زیادہ ہوتی ہے۔ جس عورت سے مجامعت کریں دیوانہ ہوجاتی ہے۔ دیگر دوا
ھ۔ اگر عورت سپاری کو شبانہ روز فرج میں رکھکر مرد کو کھلاوے مطیع ہو۔ دیگر دوا
البصل تولید منی کرتی ہے۔ اور نہایت مقوی باہ ہے ھ پیاز کا پانی ایک جزو شہد خالص دو جز
جوش کریں۔ جبکہ قوام ہوجاوے۔ وقت حاجت کھاویں۔ دیگر دوا بیر بہوٹی کو روغن میں ملاکر
چراغ پر جلاویں۔ جب تک کہ اُس کی روشنی رہیگی انزال نہوگا۔ دیگر دوا ممسک برگ کرنجوہ کا
شیر نکال کر دست و پا پر ملیں اور بعد چار گھڑی کے جماع کریں نہایت ممسک ہے۔ دیگر دوا نہایت
مقوی باہ ھ تخم خشخاش ایک اوقیہ شہد خالص دو اوقیہ زنجبیل نیم اوقیہ کوٹ چھان کر آپس میں
ملاکر رکھیں۔ ۴۰ روز تک کھایا کریں۔ دیگر دوا ممسک ثعلب مصری طباشیر سفید مصطگی کتیرا سفید اہلیل
خورد مغاث بغدادی ہر یک ایک ماشہ کوٹ چھان کر گلقند میں ملاکر کھلاویں اوپر سے دودھ پیویں
دیگر دوا پتہ ماکیان مرداسنگ قضیب پر ملکر جس عورت سے جماع کریں دوسرا مرد اس پر قادر نہوگا۔ دیگر
آملہ سیاہ پختہ ۲ سیر باریک کریں اور ہر روز چار درم مصری اور آدہ سیر شیر خام کے ساتھ ۳ ہفتہ تک
کھائیں دیگر دوائے بلادر امر باہ میں عجیب الاثر ہے دیگر عسل بلادر روغن گاؤ عسل خالص مساوی کسی
قدر جوش دیکر بقدر احتمال طبع کھائیں دیگر دوا اگر عورت ممولے کے گوشت کو خشک کرکے شہد میں
ملاکر فرج میں ملے مرد فریفتہ ہوجاوے دیگر دوا امساک کے واسطے مجرب ہے ھ ایک چڑا لیکر اسکے پر
جدا کرکے زنبور کے چھتے کے پاس لٹکاویں تاکہ زنبور اُس پر لپٹ جاویں بعد چندے وہ کبود ہو
جاوے گا پس اُس کو جلاکر خاکستر کریں وقت ضرورت قدرے اُس خاک سے پانی میں گھولکر قضیب
پر لگائیں۔ بعد خشک ہونیکے جماع کریں دیگر دوا نہایت ممسک ھ گل آک گل دہتورہ موصلی سیاہ
اسپند ہر یک ۵ ٹانک باریک کرکے روغن زرد میں چرب کرکے پندرہ ٹانک شہد خالص میں
ملاکر بقدر ایک ٹانک قبل از جماع کھاویں اوپر سے دودھ پیویں۔ دیگر دوا کافور ایک حصہ چوب
دو میخ سہاگہ ایک حصہ مخلوط کرکے پان کے ساتھ کھلاویں فی الفور عورت منزل ہوجاتی ہے
دیگر دوا اسپند۔ جاوتری۔ جائفل قرنفل دارچینی ہر یک ۵ درم کنجد سیاہ چھ درم شہد
خالص میں ملائیں اور وقت حاجت کے ہر روز ۳ درم کھائیں۔ قضیب نہایت سخت

ہوتا ہے دیگر دوا سلارس پھٹکڑی مساوی بقدر سنخ یا دو سنخ حمول کریں اسی وقت عورت
منزل ہوتی ہے دیگر دوا ممسک ص روغن دہتورہ سوتے وقت بجائے چونہ کے پان کے سا
کھاویں دیگر دوا سہاگہ سیماب ہر ایک ۲ ماشہ لیموں میں ڈالکر سر اُس کا محکم باندہ کر لیموں کو عور
کے آگے ہاتھ میں پھراویں اور سونگھاویں اُسی وقت عورت آجاتی ہے +

دیگر جنگلی کبوتر کی بیٹ شہد خالص مساوی تھوڑا سا سفید لاہوری نمک ملاکے کھرل کرکے
بکر طلائے کریں عورت آجاتی ہے دیگر دوا اگر مرد قضیب پر لگاکے مجامعت کرے عورت فریفتہ
ص فلفل دراز سہاگہ خام بیخال کبوتر کافور جملہ مساوی شہد خالص مساوی میں ملاویں۔ دیگر
دوا پارہ ایک دو تولہ دو سو بنگلہ پان کے عرق میں کہرل کریں جب وقت منعقد ہو جاوے۔ رکھ
چھوڑیں اور منہ میں رکھ کر مشغول ہوں دیگر دوا واسطے سرد مزاج کے نہایت مفید ہے ص ہینگ
ہیرا ایک ماشہ سے چار ماشہ تک نگلیں اور اوپر اُس کے شیر گاؤ یا اور کوئی دودھ پیویں دیگر نہایت
مقوی باہ ص شہد خالص کو جوش کریں اور کف اُتاریں تخم ترب باریک کرکے اس میں ملا دیں
اور جلدی آگ سے اوتارلیں وقت صبح اور وقت خواب کھاویں دیگر دوا نہایت مسہی ہے ص
نخود بریاں پوست دور کرکے ۵ درم شکر سرخ پانچدرم ایک جا کرکے وقت خواب کھاویں۔

دیگر دوا بیخ بنڈال تالمکھانہ گوند ڈھاک گوند ناگوری ثعلب مصری روپ رس مساوی کو
چھان کر شکر تری بوزن مجموعہ داخل کرکے نگاہ رکھیں اور ہر صبح ایک دام کھاویں بعد ایک
ساعت کے گائے کا دودھ پیویں دیگر نہایت ممسک ص بابچی موصلی سفید تخم تلمکھانہ دو کا
گائے کے دودھ میں جوش کریں جب کہ ایک کاسہ رہے پیویں دیگر دوا واسطے ضعف باہ کے
سبب اُس کا حرارت ہونا فع ہے ص ترنجبین ۳۰ درم ایک سیر تازہ دودھ میں جوش کریں کہ قوا
ہوجاوے ہر شب دو ملعقہ پیویں دیگر مغز سر گنجشک نر روغن چنبیلی میں مخلوط کرکے قضیب اور
پا پر ملیں جب وقت ہیجان ہو جماع کریں دیگر نہایت ممسک ص کوچخ کی جڑ ایک انگل ترا
کے منہ میں رکھیں جب تک نہ نکالیں۔ فارغ نہوں دیگر دوائی گل گڑہل سے
خشک کریں۔ اور باریک کرکے ایک مثقال کھاویں۔ امر باہ میں نادر ہے +

دیگر دوا منی کو زیادہ کرتی ہے اور قوت باہ پیدا کرتی ہے ص بنولہ دو تولہ آدہ سیر گائے

دودہ میں پکاکر کھاویں دیگر دوا مبہی ص گائے کا دودہ ایک سیر شہد خالص آدہ پاؤ مصطگی
دو ماشہ زعفران خالص ایک ماشہ سونٹھ لونگ پیپل ہر ایک دو ماشہ ایک پوٹلی میں باندھ کے
اور دودہ میں ڈال کے جوش دیں جب نصف رہ جاوے پیویں دیگر نہایت ممسک ص جا ئیفل ایک
عدد باریک کرکے تخم دہتورہ اجوائین مسلم سب ایک جا کرکے پوٹلی میں باندہ کے ایک سیر دودہ
میں پکاویں کہ آدہ سیر یا قدرے کم رہے پلاویں جبکہ نشہ ہو مجامعت کریں نہایت ممسک ہی
جب تک ترشی نہ کھاویں انزال نہ ہوگا دیگر دوا پوست بیخ اونٹ کٹارہ ایک دام نیمکوفتہ کرکے
پوٹلی میں باندہ کے آدہ سیر دودہ اور آدھ پاؤ پانی میں جوش کریں کہ پانی جذب ہو جاوے اور
دودہ باقی رہے صاف کرکے اور شیریں کرکے پیویں اگر اسمیں دو ایک چھوارے ڈالیں تو
قوی ہوتا ہے دیگر دوا ص تخم گندنا ایک تولہ کوٹ کے ایک سیر گائے کے دودہ میں جوش دے
کے آدہ پاؤ شہد خالص ملا کے پیویں دیگر دوا نہایت مقوی باہ ص پوست بیخ ڈہاک آدہ پاؤ
تین سیر پانی میں جوش کریں کہ نصف جذب ہو جاوے جو چیز چوہ کے مانند غلیظ القوام باقی
رہے۔ قدرے اس میں سے پان کے ساتھ کھاویں۔ دیگر دوائی گندک ایک تولے
دانہ الائچی سفید دو تولہ دوائیوں کو باریک کرکے بقدر تین سرخ گائے کے دودہ کے ساتھ سوتے
وقت کھائیں دیگر بیخ دہتورہ سیاہ پشت پر باندھیں تا وقتیکہ آگے نہ آنے دیں انزال ممکن
نہیں دیگر دوا مغز چلغوزہ دو جزو تخم جرجیر مغز تخم خربزہ ہر ایک ایک جزو فلفل ربعہ جزو دارچینی
نیم جزو شہد خالص میں ملا دیں اور استعمال کریں دیگر دوا قند سیاہ چار دام بعد جماع کھا دیں
ضعف نہیں ہوتا دیگر دوا نہایت مقوی باہ ص پارہ چودہ ماشہ لیکر پرانی اینٹ کے ہمراہ کھرل
کریں کہ وہ بالکل صاف ہو جاوے بعدہٗ اس کو دھو کر بیخ کنکول میں کاواک کرکے پارہ اس میں
بھر کر منہ اس کا برادہ سے بند کرکے سات کپڑ مٹی کریں اور خشک کرکے
۲۰ سیر اپلوں میں رکھکر آنچ دیں اور بعد سرد ہونے کے نکال کر ایک چاول بھر پان کے
